# سمجھوتہ گاہک

شرائط و ضوابط:

ICBC

中国工商银行

ICBC 中国工商银行

# سمجھوتہ گاھک (Customer Agreement)

## شرائط و ضوابط:

حصہ A اور B مشترکہ طور سے ''سمجھوتہ گاہک'' پرمحمول ہونگے۔
حصہ A علیحدہ سے ''عمومی شرائط وضوابط'' پرمحمول ہوگا۔
حصہ B علیحدہ سے ''پروڈکٹ کی مخصوص شرائط وضوابط'' پرمحمول ہوگا۔

## سمجھوتہ گاہک ہٰذا:

☆...... کا اطلاق ہوگا اگر آپ کا ICBC میں اکاؤنٹ ہو یا ICBC کی جانب سے آپ کو پاکستان میں پروڈکٹ یا خدمات فراہم کی جائیں اور یہ ہمارے اور آپ کے ایک دوسرے پر فرائض کی وضاحت کرتا ہے۔

## آپ کا ہمارے ساتھ سمجھوتہ مشتمل ہے:

☆......عمومی شرائط وضوابط ہٰذا (حصہ A) اور پروڈکٹ کی مخصوص شرائط وضوابط (حصہ B) پر۔
☆......یہ اضافی شرائط (ملاحظہ ہو شرط 1.1 ذیل) اور۔
☆......کوئی درخواست فارم جس پر آپ نے دستخط کئے ہوں۔
☆......دستخط کارڈ جس پر آپ نے دستخط کئے ہوں۔

جیسے ہی آپ انڈسٹریل و کمرشل بینک آف چائنا کے ساتھ کسی پروڈکٹ یا خدمات کے لئے درخواست فارم پر دستخط کرینگے حصہ A اور حصہ B فی الفور موثر ہوجائے گا

## (A) عمومی شرائط و ضوابط:

### (1) تعارف

**1.1**......اضافی شرائط میں ہمارے چارجز اور مارک اپ/ منافع، نوٹس پیریڈز، کم ازکم اور زیادہ سے زیادہ بیلنسز اور دیگر شرائط شامل ہیں جو کسی خاص اکاؤنٹ یا خد مات کی فراہمی سے مخصوص ہیں۔ جیسے ہی آپ اکاؤنٹ کھولیں گے یا وقتاً فوقتاً ہم آپ کو ان اضافی شرائط کے بارے میں آگاہ کردیں گے (بشمول جب آپ کسی نئی خدمت یا پروڈکٹ کے لئے درخواست دیں)۔ یہ ہمارے میٹریل میں شائع کردی جاتی ہیں جنہیں آپ کسی بھی وقت طلب کرسکتے ہیں۔ ہم انہیں اپنی ویب سائٹ پر بھی شائع کرسکتے ہیں۔

**1.2**......اگر اضافی شرائط سمجھوتہ گاہک کی شرائط سے ناموافق ہوئیں تو اضافی شرائط کا اطلاق ہوگا۔

**1.3**......سمجھوتہ گاہک میں ''آپ'' اور ''آپ کا'' سے مراد وہ گاہک ہے جو ہمارے ساتھ اکاؤنٹ آپریٹ کررہا ہو اور اس میں شامل ہے (جہاں مناسب ہو) کوئی شخص جسے آپ اپنے اکاؤنٹ کے لئے ہدایات دینے کا مجاز بنائیں۔ ''ہم''، ''ہمیں''، ''ہمارا'' اور ''بینک'' سے مراد ICBC پاکستان نامی کمپنی ہے جو عوامی جمہوریہ چین کے قوانین کے تحت انکارپوریٹیڈ ہے بینکنگ کمپنیز آرڈیننس **1962** کے معنوں میں شیڈول بینک ہے اور پاکستان میں اپنی شاخوں کے ذریعے مصروف عمل ہے اور ICBC ''گروپ'' سے مراد ہماری مادر کمپنی اور کوئی کمپنی ہے جس کے ہم یا ہماری مادر کمپنی کلیتاً یا جزواً مالک ہوں۔

**1.4**......اکاؤنٹ کھولنے کے لئے آپ کو درکار معلومات اور دستاویزات جمع کرانی لازمی ہیں۔ اگر کوئی اکاؤنٹ درکار دستاویزات کے بغیر کھول دیا جاتا ہے تو ہم، اپنی صوابدید پر، ضروری دستاویزات کی فراہمی تک آپ کو اکاؤنٹ آپریٹ کرنے سے روک سکتے ہیں۔ اگر آپ ضروری دستاویزات جمع نہیں کراتے ہیں تو ہم اپنی صوابدید پر آپ کا اکاؤنٹ بند کرسکتے ہیں۔

**1.5**......ہم سے ہونے والی تمام مراسلت میں آپ کو مختص کردہ اکاؤنٹ نمبر کا حوالہ دینا چاہئے۔

### (2) ایک دوسرے سے رابطہ سازی:

**2.1**......ہم آپ سے ٹیلی فون، موبائل، فیکس، رجسٹرڈ ڈاک یا کوریئر اور کمپیوٹر کے ذریعے رابطہ کرسکتے ہیں۔

(سمجھوتہ گاہک ہٰذا کے معنوں میں شامل ہے انٹرنیٹ، ڈیجیٹل ٹیلی وژن اور کسی بھی قسم کا برقی پیغام جو کسی بھی برقی آلے سے دیا جائے) جو آپ کے فراہم کردہ تازہ ترین پتے ٹیلی فون نمبر فیکس نمبر یا الیکٹرانک میل ایڈریس کو استعمال کرتے ہوئے دیا جائے۔ بعض صورتوں میں ہم آپ کے دفتر یا اندرون پاکستان یا بصورت دیگر واقع رہائش کا دورہ کرکے آپ سے بالمشافہ رابطہ بھی کرسکتے ہیں۔ یہ آپ کی ذمہ داری ہے کہ آپ اس بات کو یقینی بنائیں کہ ہمارے پاس آپ کی تازہ ترین رابطہ تفصیلات ہوں۔ ہم آپ کو آخری معلوم پتے پر اس وقت تک اطلاعات بھجواتے رہیں گے جب تک ہمارے پاس تواتر سے **2** اطلاعات غیر ڈیلیوری شدہ واپس نہ آجائیں۔ ہم سے اطلاعات وصول کرنے میں آپ کی ناکامی پر ہم کسی نقصان یا ہرجانے **(damage)** کے ذمے دار نہ ہوں گے۔ اگر آپ اپنے کوائف تبدیلی سے ہمیں فی الفور مطلع نہیں کرتے ہیں تو آپکی معلومات کو فراہم کیے جانے والے تحفظ کو خطرہ لاحق ہوسکتا ہے۔ ہم ایسے کسی نتیجے سے پیدا ہونے والے نقصان کے ذمہ دار نہیں ہوں گے۔

**2.2**......آپ ہم سے ہماری کسی بھی برانچ یا آپ کو فراہم کردہ ٹیلیفون نمبر یا رہنما ہدایات کی پیروی کرتے ہوئے کمپیوٹر کے ذریعے رابطہ کرسکتے ہیں۔

**2.3**......انٹرنیٹ بینکنگ سروسز کے لئے آپ کو ان رہنما ہدایات کی لازماً پیروی کرنی چاہئے جو ہم آپ کو کسی بھی شکل بشمول الیکٹرانک ہیلپ ٹیکسٹ کی صورت میں فراہم کرتے ہیں۔ آپ کو خدمات کی استعمال دہی کے دوران ضابطہ کار کی لازماً پیروی کرنی چاہئے۔

**2.4**...... ہدایات کو چیک کرنے اور خدماتی معیارات پر پورا اترنے کو یقینی بنانے کی خاطر ہمارے درمیان ہونے والی ٹیلی فون کالز اور برقی ابلاغ (بشمول ای میلز) کو ہم ریکارڈ یا مانیٹر کرسکتے ہیں۔

**2.5**......آپ سے تقاضہ ہے کہ اپنے روزگاری یا کاروباری پتے (دفتری یا رہائش) یا قومیت میں کسی بھی تبدیلی سے ہمیں فی الفور بصورت تحریر مطلع کریں۔

### (3) ہمیں ہدایات کی فراہمی:

**3.1**...... جب تک ہم آپ سے یہ نہ کہیں کہ کسی مخصوص اکاؤنٹ یا خدمت کے لئے ہدایات کسی مخصوص طریقے سے ہی دی جاسکتی ہیں تب تک آپ ہمیں ہدایات تحریری، زبانی، ٹیلی فون یا کمپیوٹر کے ذریعے دے سکتے ہیں۔ سیکورٹی لائحہ عمل کے پہلے سے تحریری طور سے طے ہوجانے کی شرط پر آپ

ہمیں ہدایات بذریعہ فیکس بھی دے سکتے ہیں۔ جو ہدایات ہمیں ٹیلی فون یا کمپیوٹر کے ذریعے سے ملتی ہیں عموماً ہم ہدایات کو تبدیل نہیں کر سکتے یا روک نہیں سکتے (ماسوائے چند محدود صورتوں میں جن سے ہم آپ کو آگاہ کر دیں گے) کیوں کہ یہ جیسے ہی ملتی ہیں ہم ان پر پراسسنگ شروع کر دیتے ہیں۔ اگر ہم ہدایات کو منسوخ کرنے کے قابل ہوں تو اس کے لئے چارج کر سکتے ہیں۔

**3.2**......قبل اس کے ہم ٹیلی فون یا کمپیوٹر کے ذریعے دی گئی ہدایات پر عمل کریں ہم سیکورٹی لائحہ عمل پر آپ کے ساتھ متفق ہوں گے۔ ''سیکورٹی لائحہ عمل'' سے مراد پاس ورڈ، سیکورٹی کلیدات، کارڈز، ذاتی شناخت کاران کوڈز، برقی دستخط، ذاتی شناختی نمبر (PIN) یا انکرپشن آلہ ہے جسے مستقبل میں سمجھوتے کے ذریعے تبدیل کیا جاسکتا ہے۔

**3.3**......آپ کو معقولاً اس بات کی یقین دہانی لازمی ہونی چاہئے کہ سیکورٹی کا طریقہ کار خفیہ ہے۔ آپ کسی کو بھی سیکورٹی لائحہ عمل کے بارے میں نہ تو بتائیں اور نہ کسی کو اسے استعمال کرنے کی اجازت دیں۔ کسی کوڈ یا پن کو یاد رکھنے کی کوشش کریں اور جیسے ہی کوئی نوٹیفکیشن ملے اس ضائع کر دیں۔ آپ اپنے پن یا دیگر سیکورٹی لائحہ عمل کو کبھی بھی نہ تو ریکارڈ کریں اور نہ لکھیں۔ سیکورٹی سے متعلق آلات کو طبعی طور سے لازماً محفوظ رکھیں جس میں سیکورٹی تفصیلات کو (بشمول براؤزر یا کوئی دیگر سافٹ ویئر) اس طور سے محفوظ رکھنا بھی شامل ہے کہ اگر کوئی اور ان آلات کو استعمال کرے تو اس کی سیکورٹی لائحہ عمل کی تفصیلات تک رسائی نہ ہو۔

**3.4**......اگر آپ یہ محسوس کریں کہ کسی اور کو بھی سیکورٹی لائحہ عمل سے آگاہی ہے یا سیکورٹی لائحہ عمل کی خلاف ورزی ہوئی ہے تو جس قدر جلد ممکن ہو ہمیں ہماری شاخوں پر آویزاں یا آپکو گاہے بگاہے بتائے جانے والے ٹیلی فون نمبروں کے ذریعے مطلع فرمائیں۔ جب تک آپ فریب دہی سے یا معقول احتیاط پر عمل پیرا نہ ہوں ہمیں نوٹیفائی کر دینے کے بعد آپ کے اکاؤنٹ میں ہو جانے والی کسی بھی ٹرانزیکشن کے لئے آپ جوابدہ نہ ہوں گے (مثلاً ہمیں فی الفور یہ نہ بتایا جائے کہ آپ کو کسی پر شبہ ہے کہ وہ بھی سیکورٹی لائحہ عمل سے آگاہ ہے یا سیکورٹی لائحہ عمل کی خلاف ورزی کی گئی ہے) اس میں شرط **3.3** میں مذکورہ طریقہ کار پر عمل پیرا ہونے میں ناکامی بھی شامل ہے لیکن اگر آپ فریب دہی سے عمل نہ کریں یا معقول احتیاط کریں یا شرط **3.3** کے طریقہ کار پر بھی عمل کریں تو کسی غیر مجاز ٹرانزیکشن سے ہونے والے نقصانات جو آپ کے اکاؤنٹ میں کئے گئے ہوں کی ذمہ داری ہم پر ہوگی۔ آپ کے اکاؤنٹ سے منہا ہو جانے والی رقم ہم آپ کو واپس کر دیں گے۔ اس کے علاوہ ہم پر آپ کی مزید کوئی ذمہ داری نہ ہوگی۔

**3.5**......ہم آپ سے سیکورٹی لائحہ عمل کے غلط استعمال سے متعلق تمام معلومات فراہم کرنے کو کہہ سکتے ہیں اور اگر ہم اسے مفید سمجھیں تو پولیس یا دیگر حکومتی یا نیم حکومتی اتھارٹیز کو بھی یہ معلومات دے سکتے ہیں۔ اگر کسی قابل اطلاق قانون کے تحت ضروری ہوا یا کوئی متعلقہ اتھارٹی یہ معلومات مانگے تو اپنی اور اپنے ملازمین کے مفاد کو تحفظ دینے کی خاطر بھی ہم یہ معلومات ظاہر کر سکتے ہیں۔

**3.6**......ہمارے پاس آپ کی موجود اطلاعات یا آپ کے اکاؤنٹ تک غیر مجاز رسائی یا سیکورٹی کی خلاف ورزی کو روکنے کیلئے ہم ہر معقول تدبیر اختیار کریں گے۔ جب تک آپ شرط **3.3** کی خلاف ورزی نہ کریں ہمارے نظام میں سیکورٹی کی خرابی سے ہونے والے آپ کے اکاؤنٹ کے نقصان کی ذمہ داری ہم قبول کریں گے۔ سیکورٹی کی خلاف ورزی سے بچنے کی خاطر آپ کو سیکورٹی لائحہ عمل کا مطالعہ کرنا چاہئے اور وقتاً فوقتاً ہماری جانب سے دیئے جانے والے مشوروں پر عمل پیرا ہونا چاہئے۔

**3.7**......ہم ہٹا سکتے ہیں، معطل کر سکتے ہیں یا تخفیف کر سکتے ہیں:

☆......ہمارے کمپیوٹر اور/ یا ٹیلیفون بینکنگ سروسز استعمال کرتے ہوئے آپکے اکاؤنٹ تک رسائی۔
☆......اپنے کمپیوٹر کے حصے کے طور پر کوئی خدمات جو آپ کو فراہم کی گئی ہوں اور/ یا بغیر کوئی نوٹس دیئے ٹیلی فون بینکاری خدمات اگر ہم یہ سمجھیں کہ اس میں سیکورٹی یا فریب کا جوکھم موجود ہے۔

**3.8**......ہم ہدایات پر عمل پیرا ہو سکتے ہیں جو دی گئی ہوں:

☆......دستاویز جن پر آپ کے اصل دستخط ہوں۔
☆......جو آپ زبانی دیں بشرطیکہ آپ ہمارے شناخت اور تصدیق کے طریقہ کار کے مطابق مطمئن ہیں۔
☆......جہاں تک ہمارا سیکورٹی لائحہ عمل پر عمل پیرا ہونا ہے ٹیلی فون یا کمپیوٹر کے ذریعے چاہے یہ آپ دیں یا نہ دیں۔
☆......یا فیکس کے ذریعے (بشرطیکہ سیکورٹی لائحہ عمل ہم سے پہلے ہی طے کر لیا جائے)

وقتاً فوقتاً ہدایات پر عمل پیرا ہونے کے لئے ہم اضافی سیکورٹی اقدامات اٹھانے کا حق محفوظ رکھتے ہیں جہاں تک آپ کی ہدایات پر درست طریقے سے عمل پیرا ہونے کا تعلق ہے تو اس کے لئے ہم آپ کے اکاؤنٹ سے رقم منہا کر سکتے ہیں۔ آپ متفق ہوئے ہیں کہ ہم ہدایات میں مذکورہ کسی حوالہ شدہ اطلاع کو درست گردانتے ہوئے اس پر بھروسہ کر سکتے ہیں۔

**3.9**......آپ کے علاوہ اگر کوئی شخص (قاصد) کوئی پیغام/ ہدایات ترسیل کرے/ پہنچائے تو ہم انہیں بھی ملاحظہ و قبول کر سکتے ہیں۔ آپ غیر مشروط متفق ہوئے ہیں کہ رقم کی منتقلی، ادائیگی، ترسیل جو آپ کے اکاؤنٹ سے ہو یا میں ہو یا ٹرانزیکشن کا کوئی فعل خواہ کسی بھی نوعیت کا ہو اگر ہماری جانب سے آپ کو ان دی گئی ہدایات/ ترسیل شدہ پیغامات کی روشنی میں انجام دیا گیا جو آپ نے قاصد کے ذریعے بھجوائی ہوں تو آپ انہیں جائز اور درست قبول کریں گے اور کسی بھی وقت ان کے جائز ہونے پر کوئی سوال نہ کریں گے یا چیلنج نہ کریں گے اور کسی بھی بنیاد پر کوئی بھی جعلسازی، فریب وغیرہ کا تنازع کھڑا نہیں کریں گے اور آپ بذریعہ ہٰذا صریحاً اس بابت اپنے قانونی حقوق سے دست کشی اختیار کرتے ہیں اور قاصد کے ذریعے بھجوائے/ ترسیل شدہ پیغامات کے جوکھموں کی ذمہ داری قبول کرتے ہیں۔

**3.10**......ہم کسی ہدایت پر عمل پیرا ہونے سے انکار کر سکتے ہیں اگر:

☆......ہمارے پاس یہ سوچنے کی وجوہات ہوں کہ یہ ہدایات آپ نے نہیں دیں۔
☆......ہدایت واضح نہ ہو۔
☆......ہمیں یہ یقین ہو کہ ان ہدایات پر عمل پیرا ہونے سے ہم کسی قانون، ضابطے ریگولیشن یا خود پر عائد کسی فرض کی خلاف ورزی کر سکتے ہیں۔
☆......ہمیں معقولاً اس بات کا یقین ہو کہ ہدایات پر عمل پیرا ہونے سے ہماری شہرت کو نقصان پہنچ سکتا ہے۔

**3.11**......وقتاً فوقتاً ہم ٹیلی فون اور کمپیوٹر کے ذریعے دی گئی ہدایات پر فائنانشل یا دیگر تحدیدات کا اطلاق کر سکتے ہیں۔ جہاں کہیں ممکن ہوا ہم آپ کو نوٹس دیں گے لیکن ہم ان تحدیدات میں کسی بھی وقت فی الفور تبدیلی کر سکتے ہیں۔

**3.12**......اگر یہ ہدایات ہماری جانب سے وقتاً فوقتاً لاگو کردہ فنانشل یا دیگر تحدیدات سے تجاوز کر جائیں تو پراسسنگ سے قبل ہم آپ کی جانب سے بھیجی گئی ہدایات کو کنفرم کرنے کی درخواست کر سکتے ہیں۔

**3.13**......اگر آپ کا مشترکہ اکاؤنٹ ہو تو ہم مشترکہ اکاؤنٹ ہولڈران میں سے کسی کی بھی جانب سے دی گئی (بشرطیکہ سیکورٹی لائحہ عمل ہم سے پہلے ہی تحریری صورت میں طے کر لیا جائے) بذریعہ فون،

کمپیوٹر اور فیکس ہدایات کو قابل بھروسہ سمجھنے میں حق بجانب ہوں گے۔

## (4) آپ کے اکانونٹ سے ادائیگی یا اس میں کریڈٹ کیا جانا:

**4.1**...... وقتاً فوقتاً ہماری جانب سے دی گئی ہدایات کی روشنی میں آپ اپنے اکاؤنٹ میں کم از کم بیلنس برقرار رکھیں گے ماسوائے ان اکاؤنٹس کے جن پر بینک پالیسی یا اسٹیٹ بینک آف پاکستان کی ہدایات کے تحت کم از کم بیلنس برقرار رکھنے کے درکارات کا اطلاق نہ ہوتا ہو۔

**4.2**...... کسی بھی یوم کار پر وقت ختم ہوجانے سے قبل اگر ہم ہدایات یا آپ کے اکاؤنٹ میں کریڈٹ وصول کرتے ہیں تو ہم انہیں اسی روز یا آپ کی ہدایت شدہ تاریخ پر پراسس کرادینگے۔ وقت ختم ہوجانے پر یا عدم یوم کار پر موصول ہونے والی ہدایات یا کریڈٹس کو اگلے یوم کار میں پراسس کیا جائے گا۔ ٹیلی فون اور کمپیوٹر کے ذریعے دی گئی ہدایات کے قابل اطلاق ہونے کے وقت سے بھی ہم آپ کو آگاہ کردیں گے۔ برانچوں کے وقت کے دورانیئے متغیر ہیں اور ہر برانچ پر آویزاں ہیں۔

**4.3**...... پاکستان بھر میں ہماری برانچوں یا **ATM** مشینوں کے ذریعے (جہاں یہ خدمت دستیاب ہے) آپ اپنے اکاؤنٹ میں رقم جمع کرواسکتے ہیں یا نکلواسکتے ہیں۔ نقد جمع کرائی جانے والی رقم کے معتبر ہونے کا فیصلہ ہمارا ہوگا۔

**4.4**...... آپ کے اکاؤنٹ میں کوئی کریڈٹ یا ہدایات ہم واپس کرسکتے ہیں اگر:

☆...... ہمیں یقین ہو کہ ہدایات یا کریڈٹس وصول کرنے سے ہم کسی قانون، ریگولیشن، ضابطے یا خود پر عائد کسی فرض کی خلاف ورزی کے مرتکب ہوسکتے ہیں۔

☆...... ہمارے پاس ایسی معقول وجہ ہو کہ ان ہدایات یا کریڈٹس کی وصولی سے ہماری شہرت داغدار ہوسکتی ہے۔

☆...... ہمارے پاس ایسی مقول وجہ ہو کہ موصولہ ہدایات فریب پر مبنی ہیں۔

**4.5**...... چیکوں اور آٹومیٹڈ ادائیگیوں کا کلیئرنگ سائیکل وہ وقت ہے جو آپ کے اکاؤنٹ سے یا اس میں ادائیگیوں پر صرف ہوتا ہے۔

**4.6**...... ڈیپازٹ کے لئے چیک وصول کرنے پر ہم آپ کے کلیکٹنگ ایجنٹ کے طور پر کام کرتے ہیں اور ان کے بھننے **(realization)** کی کوئی ذمہ داری ہم پر نہیں ہے۔ فنڈز کلیئر ہوکر وصول ہوجانے سے قبل ہم پر آپ کے اکاؤنٹ کو کریڈٹ کرنے کا کوئی وجوب عائد نہیں ہے۔ ہم **ICBC** گروپ کے رکن کو ایسی وصولی سے قبل ڈیلنگ چارجز کے کسی حصہ کی ادائیگی، کلیتاً یا جزواً کریڈٹ (بشمول قابل اطلاع مارک اپ/ منافع) کو پلٹ **(reverse)** سکتے ہیں اور آپ کے اکاؤنٹ میں مناسب اندراج اور کسی ڈیبٹ بیلنس رقم کی دوبارہ ادائیگی کا تقاضہ کرسکتے ہیں۔ اگر کسی برقی یا دیگر وصول شدہ ادائیگیوں کو آپ منسوخ کردیں تو ہم اسی رقم سے آپ کا اکاؤنٹ ڈیبٹ کردیں گے۔ چاہے یہ رقم **Overdrawn** ہو یا نہ ہو۔ کسی **Overdrawn** رقم پر آپ سے چارجز اور مارک اپ/ منافع کیا جاسکتا ہے۔

**4.7**...... چیکوں کو اس طریقے سے لازماً مکمل کریں کہ ان میں ردوبدل نہ کیا جاسکے۔ ادائیگی کے چیکوں کو آپ ہمارے پاس پیش ہونے سے قبل رکواسکتے ہیں بشرطیکہ پہلے آپ ہمیں ان کے متعلق درست اور واضح ہدایات دیں اور اگلے یوم کار میں انہیں تحریری شکل میں دیا جائے۔ اگر آپ کی زبانی ہدایات واضح نہ ہوئیں تو ہم ادائیگی رکوانے سے متعلق تحریری ہدایات طلب کرنے کا حق محفوظ رکھتے ہیں ہم چیک رکوانے کے لئے فیس بھی چارج کرسکتے ہیں۔

**4.8**...... اگر چیک پر درج تاریخ کے **6** ماہ کے اندر اندر چیک ہمیں پیش نہ کیا جائے تو بھی ہم اس پر ادائیگی کرسکتے ہیں۔ ہم ایسے چیکوں کو غیر اداہ شدہ واپس کرنے کا حق محفوظ رکھتے ہیں لیکن اگر آپ نے نیا چیک دے دیا ہے تو اصل چیک پر ادائیگی رکوانے کے لئے آپ ہمیں لازماً ہدایات دیں۔

**4.9**...... قبل اس کے کہ ادائیگی کی جانی ضروری ہو اگر یوم کار کے اختتام پر آپ کے اکاؤنٹ میں کافی رقم موجود نہ ہو تو ہم ادائیگی سے انکار کرسکتے ہیں۔ اس بات کا فیصلہ کہ آیا آپ کے اکاؤنٹ میں کافی رقم موجود ہے ہم مجاز کارڈ ٹرانسیکشن، اوور ڈرافٹ کی حد، کوئی چیک جسے ہم کلیئر شدہ قرار دیں، ادائیگیوں سے متعلق کوئی ہدایات اور آپ کے اکاؤنٹ سے متعلق باقاعدہ ادائیگیوں کو مدنظر رکھتے ہیں۔ چیک جو ابھی کلیئر نہ ہوئے ہوں ان پر ادائیگیوں سے متعلق ہم آپ کو آگاہ کرسکتے ہیں۔ باقاعدہ کریڈٹ یا ہمارے فیصلہ کرلینے کے بعد موصول ہونے والی رقم کو ہم خاطر میں نہیں لائیں گے۔ اگر ایک سے زائد چیک ادائیگی کے لئے پیش کئے گئے جن کی رقم کل ملا کر آپ کے اکاؤنٹ کی رقم سے تجاوز کرجائے تو ہم انہیں پیش کئے جانے کی ترتیب سے پراسس کریں گے یا بصورت دیگر یہ ہماری صوابدید ہوگی۔

**4.10**...... ڈیپازٹ سلپ میں ظاہر کی جانے والی رقم اور نقد رقم کی گنتی میں فرق ہوا تو نقد رقم کی گنتی کا ہمارا فیصلہ حتمی ہوگا (سوائے کسی بیّن غلطی کے)

**4.11**...... اگر آپ کسی اکاؤنٹ کے سودمند مالک **(Beneficial owner)** نہ ہوں یا کوئی فریق ثالث آپ کے اکاؤنٹ کی فنڈز ادائیگیوں پر کوئی حق رکھتا ہے تو اس کے بارے میں ہمیں لازماً آگاہ کریں۔ اگر آپ ہمیں آگاہ نہیں کریں گے تو بصورت دیگر آپ متفق ہوں گے کہ آپ کے اکاؤنٹ میں جمع کرائی جانے والی رقم قانوناً آپ کی ہے اور اس رقم کی وصولی یا کریڈٹ کرنا پاکستان میں نافذ العمل کسی قانون کی خلاف ورزی نہ ہوگی۔

**4.12**...... اگر آپ بغیر نوٹس دیئے ایسے اکاؤنٹ سے کوئی ادائیگی کرتے ہیں تو ہم اس کے لئے چارج کرسکتے ہیں یا منافع کم کرسکتے ہیں۔

**4.13**...... جب تک ہم متفق نہ ہوجائیں بصورت دیگر جب آپ ادائیگی سے متعلق ہدایات دیں گے تو اس کا فیصلہ ہم کریں گے کہ ادائیگی کیسے ترسیل کی جائے گی۔

**4.14**...... کسی بین الاقوامی ادائیگی کے لئے ہمیں "ادائیگی بینک" کسی دوسرے ادائیگی بینک **(Paying Bank)** کے ذریعے ترسیل کرنی پڑیں گی اور اگر ایسا ہوا تو ہم کسی چنندہ ادائیگی بینک کو استعمال کریں گے۔

☆...... یہ ہماری تنہا صوابدید ہے یا

☆...... اس بینک کی جس کے ملک میں ادائیگیاں ترسیل کی جارہی ہیں اور/ یا اس ملک کی جس کے قومی سکے میں ادائیگیاں ترسیل ہورہی ہیں۔

**4.15**...... اگر ہمیں کسی دیگر بینک کے ذریعے بین الاقوامی ادائیگیاں کرنی پڑیں تو ہم آپ کو اس تاریخ سے مطلع کریں گے جس تاریخ پر اس بینک کو ادائیگی موصول ہوجانی چاہئے۔ اس کا یہ مطلب نہیں ہے کہ وہ شخص جسے رقم ترسیل کی جارہی ہے اسے اسی دن موصول ہوجائے گی۔ اس کا انحصار اس ملک کی بینکاری کی مشقوں پر ہوگا۔

4.16...... کسی بین الاقوامی ادائیگی یا بین الاقوامی ڈیپازٹ قبول کرتے ہوئے ہم آپ کی جانب سے کارعمل میں ہوتے ہیں۔ آپ کو متعلقہ قوانین کی پاسداری کرنی ہوگی اور آپ اس بات پر متفق ہوئے ہیں کہ آپ کی جانب سے کارعمل میں ہونے پر ہم وجوب اور ذمہ داریوں سے غیر متضرر (Harm less) ہونگے۔

4.17...... ہم آپ کو چیکس، آلات ادائیگی، کارڈز اور متعلقہ مواد فراہم کر سکتے ہیں۔ آپ سے تقاضہ ہے کہ ہماری جانب سے فراہم کردہ متعلقہ مواد، آلات ادائیگی، چیکوں کے عدم سکار (dis honour)، غلط استعمال، سرقے، نقصان یا فریب سے بچنے کے لئے ضروری احتیاط کریں، چیکوں، آلات ادائیگی کے چوری ہونے یا نقصان کی صورت میں ہمیں فی الفور تحریری اطلاع دیں نیز اکاؤنٹ بند ہو جانے پر غیر استعمال شدہ چیکس، آلات ادائیگیاں اور متعلقہ مواد یا تو تلف کر دیں یا پھر ہمیں واپس کر دیں۔

4.18...... جب تک بصورت دیگر صراحت نہ کر دی جائے عام کاروباری ٹرانزیکشن پاکستانی سکے میں ہوگی۔

4.19...... جب آپ کسی مخصوص اکاؤنٹ سے کسی نفع یافتہ (Benefici al) کو کسی دوسرے ملک میں ادائیگی کی ہدایت دیں تو آپ متفق ہوئے ہیں کہ ایسی ہدایات پاکستان کے غیر ملکی زرمبادلے کے قوانین بشمول اسٹیٹ بینک آف پاکستان کی ہدایات / ریگولیشنز کے تابع ہوں گی۔

4.20...... آپ قبول کرتے ہیں کہ ہماری جانب سے فائنانس یا کسی دیگر سہولت کی عطائیگی یا انکار ہماری تنہا صوابدید ہے ایسی سہولت کا تسلسل یا کسی بھی وقت واپس لایا جانا بھی ہماری تنہا صوابدید ہے۔

## (5) مارك اپ / منافع اور چارجز:

5.1...... کسی بھی اکاؤنٹ پر شرح منافع / دیگر واپس واجب الادا پاکستان بھر میں ہماری مختلف برانچز پر آویزاں ہے اور یہ شرح لاگو قوانین میں تبدیلی، اسٹیٹ بینک کی وقتاً فوقتاً دی جانے والی ہدایات اور ہماری پالیسیوں کے تابع ہے۔ سیونگ و ٹرم ڈیپازٹ اکاؤنٹس / یا کسی PLS اکاؤنٹ کے منافع / دیگر وصولیوں (return) کی تحسیب کا تعین بلا شرکت غیرے ہمارا حق ہے جو اسٹیٹ بینک آف پاکستان کی ہدایات / ریگولیشنز کے تابع ہے۔ ہماری طے کردہ شرح منافع حتمی ہوگی (ماسوائے کسی بیّن غلطی کے) جس پر نہ کوئی تنازع کھڑا کیا جائے گا اور نہ اس پر کوئی سوال اٹھایا جائے گا۔

5.2...... اکاؤنٹ کریڈٹ یا ڈیبٹ کر کے ہم قابل اطلاق منافع کی ادائیگی یا فیس چارج کرتے ہیں جاری اکاؤنٹس پر کوئی منافع واجب الادا نہیں ہوتا ہے۔

5.3 ...... آپ کو دستیاب سہولتیں جب کبھی آپ انہیں استعمال کریں تو ہم ان پر فیس چارج کرنے کے حقدار ہوں گے۔ شیڈول آف چارجز (SOC) کے ذریعے ان فیسوں کی تفصیلات آپ کو دے دی جائیں گی۔ اسٹیٹ بینک کی ہدایات اور لاگو قوانین کے تابع ہم شرحات منافع اور فراہمی خدمات کی فیسوں میں شرط نمبر 14 کے مطابق تغیر پیدا کر سکتے ہیں۔ آپ کے اکاؤنٹ سے ہم بغیر کوئی نوٹس دیئے کوئی چارجز، فیس، کمیشن، منافع، سزائیں، ودہولڈنگ ٹیکس، زکوٰۃ اسٹیمپ ڈیوٹی، دیگر ڈیوٹیاں اور حکومتی و نیم حکومتی اتھارٹیوں کی لیویز ڈیبٹ کر دینے کے حقدار ہوں گے۔

5.4...... اگر آپ کے کسی اکاؤنٹ میں ان فیسوں اور چارجز کے لئے درکار رقم موجود نہ ہوئی تو آپ نے ہمیں اپنے اکاؤنٹ میں کریڈٹ ہونے والی رقم سے انہیں منہا کرنے کا مجاز بنایا ہے۔ برائے مہربانی بالخصوص نوٹ فرمالیں کہ ہم " Right of Set off " حق مجرائی" ان اکاؤنٹس کے مابین کرتے ہیں جو آپ کے ہمارے پاس ہیں۔ جیسا کہ شرط 17.3 میں مذکور ہے۔

5.5...... منافع کی آپ کو ادائیگی سے قبل (اگر قابل اطلاق ہوا) ہم ٹیکس منہا کرلیں گے۔

5.6...... ایسے دیگر ٹیکسز یا لاگتیں بھی ہو سکتی ہیں جنہیں ہم عائد نہ کریں یا جن کی ادائیگی ہمارے ذریعے نہ ہو۔

5.7...... اگر کسی وقت کسی وجہ سے کسی اکاؤنٹ کی کل رقم تقویمی ماہ کے دوران کم از کم حد سے کم ہو جاتی ہے (جہاں ایسی حد قابل اطلاق ہے) تو آپ سے ادائیگی کا تقاضہ کیا جا سکتا ہے اور اپنے سروس چارجز کے لئے ہم آپ کا اکاؤنٹ ڈیبٹ کر دینے کے حقدار ہوں گے۔ کسی اکاؤنٹ میں ڈیبٹ بیلنس پر ہم مارک اپ / منافع سروس فیس چارج کر سکتے ہیں۔

5.8...... اگر کسی بھی وجہ سے ہمارے پاس موجود آپ کا اکاؤنٹ بند ہو گیا ہو تو آپ سے ان فیسوں اور چارجز کی حتمی اور کلی سیٹلمنٹ کا بغیر کسی set off یا منہائی کے فنڈز کلیئر کرنے کا تقاضہ کیا جا سکتا ہے۔

## (6) اسٹیٹمنٹس:

6.1...... جب تک ہم آپ سے متفق نہ ہو جائیں بصورت دیگر یا واضح طور پر اسٹیٹ بینک آف پاکستان نے مقرر کر دیا ہے ہم آپ کو شش ماہی بنیادوں پر بذریعہ ڈاک یا برقی طور سے (آپ کے انتخاب پر) آپ کو فراہم کریں گے جس میں آپ کے اکاؤنٹ میں شامل یا نکالی جانے والی تمام رقومات ظاہر ہو رہی ہوں گی۔ آپ اسٹیٹمنٹ کو احتیاط سے ملاحظہ کریں اور اگر اس میں کوئی غلطی ہو یا آپ کی ہدایت کے مطابق نہ ہو تو ہمیں تاریخ ترسیل کے 45 دن کے اندر مطلع فرمائیں۔ ہمیں 45 دن کے اندر مطلع کرنے میں ناکامی پر اسٹیٹمنٹ کو مصرحہ عرصے کا حتمی ثبوت گردانا جائیگا۔

6.2...... جتنی جلد ممکن ہوا ہم غلط اندراجات کو درست کر دیں گے بشرطیکہ آپ ہمیں 45 دن کے اندر مطلع فرمائیں یا ہم ان کا نوٹس لے لیں۔

6.3...... اسٹیٹمنٹس میں ہم سمجھوتہ گاہک بذا میں تبدیلیوں سے متعلق پیغامات بھی درج کر سکتے ہیں۔

6.4...... متعلقہ چارجز کی ادائیگی پر جیسا کہ اسٹیٹ بینک آف پاکستان نے مقرر کیے ہیں ہم آپ کو اسٹیٹمنٹس کی ثنیٰ (Duplicate) کاپیاں فراہم کریں گے۔

## (7) عاریتوں (Borrowing) کی ذمہ داریاں:

7.1...... فرد بذاتہی ذمہ دار ہے جس کا وہ مقروض ہے۔

7.2...... مشترکہ اکاؤنٹ ہولڈر فرداً فرداً اور مشترکہ طور سے اپنے قرضوں کے ذمہ دار ہیں ہم تمام یا کسی اکاؤنٹ ہولڈر سے ایسی کلی یا جزوی رقم کی دوبارہ ادائیگی کا تقاضہ کرنے کا حق رکھتے ہیں۔

**7.3**......کارپوریٹ گاہک ایسی قرض شدہ رقم کی دوبارہ ادائیگی کے بحیثیت قانونی کارپوریٹ ہستی ذمہ دار ہیں۔

**(8) ٹیلی گرافک ٹرانسفرز، ڈیمانڈڈرافٹس یا کسی اور قسم کا فنڈ ٹرانسفر :**

**8.1**......ڈیمانڈ ڈرافٹ یا بینکرز چیک یا ٹیلی گرافک ٹرانسفر میں بوجہ تبادلہ یا ادائیگی یا جاری کیے جانے والے ملک کی تحدیدات یا چارجز یا فیس کی وجہ سے آپ کل قدر **(Full value)** حاصل نہیں کرسکیں گے۔

**8.2**...... ہماری جانب سے پہلے سے جاری کردہ ڈیمانڈ ڈرافٹ یا بینکرز چیک کی واپسی ہماری تنہا صوابدید ہے اوران کی خریداری اس کرنسی کے ہماری خریداری نرخوں پر ہوگی۔

**8.3**......آپ کی جانب سے کسی خصوصی ہدایات کی عدم موجودگی میں ہم آپ کے اکاؤنٹ میں تمام انتقالات آپ کے اکاؤنٹ کی کرنسی کے مطابق اس کرنسی کے لئے اپنے خریداری نرخوں پر دیں گے۔

**8.4**......آپ کے انتقالات کی درخواست پر ادائیگی بینک انہیں اپنے نرخوں پر اس ملک کی مقامی کرنسی میں بدل دے گا۔

**8.5**......ادائیگی بینک کی کسی غلطی یا تاخیر یا فعل یا ترک فعل پر ہم ذمہ دار نہ ہوں گے۔ آپ کی ہدایات کی روشنی میں کسی ٹیلی گرافک ٹرانسفر، بینکرز چیک اور ڈیمانڈ ڈرافٹ میں ہونے والے تمام خرچوں، ہرجانوں اور نقصانات سے ہمیں غیر متضرر اور بری الذمہ رکھنے پر آپ متفق ہوئے ہیں۔

**8.6**......اگر بینکرز چیک یا ڈیمانڈ ڈرافٹ چوری ہوجائے، گم ہوجائے یا برباد ہوجائے تو آپ ہمیں ایسی چوری، بربادی یا گم ہوجانے سے بری الذمہ آزاد اور غیر متضرر رکھیں گے اگر ہم ان کی بدل کاری اور تنسیخ کے بعد انہیں اسی رقم کا دوبارہ جاری کردیں جس میں سے چارجز گھٹا لئے جائیں گے۔

**(9) ہماری آپ پر اور آپ کی ہم پر ذمہ داری :**

**9.1**......آپ کی ہدایات میں تعمیل میں غلطی ہونے یا تاخیر کی صورت میں یا ناکامی کی صورت میں آپ کو پہنچنے والے نقصان، ضرر یا ہرجانہ (سبب کوئی بھی ہو) کی ذمہ داری ہم پر ہوگی مگر ہماری ذمہ داری پست ہوگی۔

☆......نقصان ضرر یا ہرجے کی کل رقم سے۔
☆......مارک اپ/ منافع کی رقم سے جو آپ نے وصول نہ کیا ہو۔

**9.2**......ہماری آپ پر ذمہ داری نہ ہوگی اگر۔

☆......ہم آپ کی ہدایات پر کسی بھی وجہ سے شرائط **4.3**، **3.9** یا **4.8** کے تحت عمل نہیں کرتے ہیں۔
☆......آپ جو ہدایات ہمیں دیں وہ درست نہ ہوں یا۔
☆......سمجھوتہ ہٰذا کے تحت اگر کوئی چیز معقولاً ہمارے کنٹرول سے باہر ہو تو ہم اپنی ذمہ داریاں پوری نہیں کرسکیں گے۔ دیگر چیزوں کے ساتھ ساتھ اس میں شامل ہے کسی فریق ثالث سروس پروائیڈر کا نادہندہ ہوجانا یا کسی مشین یا برقی آلے کا ناگہانی صورتحال **(Force Majeure)** میں کام چھوڑ دینا۔ ناگہانی صورتحال سے مراد کوئی ایسی صورتحال ہے جو عقلاً ہمارے کنٹرول سے باہر ہو جیسے سبوتاژ، سیلاب، کوئی کارالٰہی، دھماکہ، بلوہ جنگ یا حکومتی اقدامات۔

**9.3** ......کسی بھی صورت میں ہماری آپ پر درج ذیل ذمہ داری نہ ہوگی۔

☆......کاروباری نقصان، ساکھ مواقع یا منافع کا نقصان
☆......کسی قسم کا مخصوص، واقعاتی یا بالواسطہ ہونے والا نقصان خواہ کچھ بھی ہو۔
☆......کسی اور کی جانب سے اسی نوعیت کی سروس مہیا کئے جانے میں ہونے والا نقصان۔
☆......اکاؤنٹ کھولنے/ اور یا آپریشن کرنے کے لئے آپ کی فراہم کردہ اطلاعات/ دستاویزات پر بھروسہ کرکے اس پر نیک نیتی سے عمل کرنا یا ذیلی دفعہ **10** کی شرائط کے تحت حاصل کردہ معلومات پر بھروسہ کرکے ان پر نیک نیتی سے عمل کرنا۔
☆......حکومتی نیم حکومتی اداروں یا عدالتوں کے افعال یا ترک افعال یا کوئی اور صورتحال جو آپ کے کنٹرول سے باہر ہو جیسے ہڑتالیں، صنعتی انفعالات، برقی کمپیوٹر یا مشینی آلے کا کام چھوڑ دینا۔

**9.4**......اگر آپ سمجھوتہ گاہک ہٰذا کی کسی شرط کی خلاف ورزی کرتے ہیں تو ایسی خلاف ورزی سے ہونے والے کسی نقصان یا لاگتوں کو آپ سے پورا کرنے کے ہم حقدار ہوں گے۔ اس میں شامل ہے، مگر محدود نہیں ہے، آپ کو ڈھونڈنے، خلاف ورزی کے بارے میں بتانے، واجب الادا رقم وصول کرنے بشمول قانونی فیسوں کی لاگتیں۔ نقصانات سے متعلق ہمارے دعویٰ کا حق ان اضافی رقومات کی بازیابی کے علاوہ ہے جس کے آپ پہلے سے ہی مقروض ہوں (جیسے کہ اوورڈرافٹ کی کوئی رقم یا کوئی سروس فیس جو آپ نے ادا نہ کی ہو)

**9.5**......اگر ہم پر کسی قانونی نوٹس کی تعمیل کرائی گئی یا کسی مقدمے یا قانونی چارہ جوئی میں فریق بنایا گیا تو ہماری ہونے والی تمام لاگتوں کو آپ واپس **(reimburse)** کریں گے اور اس کے لئے ہم آپ کا اکاؤنٹ ڈیبٹ کرسکتے ہیں۔

**9.6**......اگر ہم آپ کی درخواست پر کوئی ذمہ داری قبول کریں تو ہمیں فنڈز، رقومات، سیکورٹیز یا دیگر جائیدادیں جو ہمارے قبضے میں ہوں ان پر حق گرفت حاصل ہوگا۔ اور اس ذمہ داری کی ادائیگی کرنے میں اگر آپ ناکام رہے تو ہم آپ کو نوٹس دیں گے جس کے بعد ایسے اقدامات اٹھائیں گے جن سے ان ذمہ داریوں کی بابت سیٹلمنٹ ہوسکے۔

**9.7**......سمجھوتہ گاہک ہٰذا کی شرائط کی آپ کی جانب سے یا کسی فریق ثالث کی جانب سے خلاف ورزی یا گٹھ جوڑ، فراڈ اور غفلت سے ہونے والے تمام ہرجانوں، دعوؤں، نقصانات اور ذمہ داریوں سے آپ ہمیں آزاد اور غیر متضرر رکھیں گے اور برائت دیں گے۔ مزید برآں یہ کہ سمجھوتہ کے تحت ہماری ذمہ داری جنگ، بغاوت، ٹائیفون، زلزلہ، برقی، کمپیوٹر یا مشینی ناکامی سے ہونے والے اخراجات، دعوؤں نقصان یا ہرجوں پر محیط نہیں ہے۔

**(10) آپ کی اطلاعات کا استعمال :**

**10.1**......آپ کو پروڈکٹس اور سروسز کی فراہمی کے لئے ہمیں آپ کی (آپ کی اطلاعات) مالی، ذاتی معلومات کو جمع اور ذخیرہ کرنے کی ضرورت ہوتی ہے۔ ان معلومات کو ہم:

**(a)** آپ سے یا کسی فریق ثالث جیسے آجران، مشترکہ اکاؤنٹ ہولڈران، کریڈٹ ریفرنس ایجنسیز (بشمول الیکٹرانک کریڈٹ انفارمیشن بیورو آف اسٹیٹ بینک آف پاکستان) انسداد فریب کے ایجنسیز یا اداروں سے اس وقت حاصل کرسکتے ہیں جب آپ کسی اکاؤنٹ یا دیگر پروڈکٹ یا سروس

کے لئے درخواست دیتے ہیں اور جو آپ یا وہ کسی وقت ہمیں مہیا کرتے ہیں۔

**(b)** پروڈکٹس اور خدمات کی ٹرانزیکشنز سے جیسے تاریخ، رقم، سکہ، سپلائر کا نام اور قسم (مثلاً سپر مارکیٹ سروسز، میڈیکل سروسز، ریٹیل سروسز) اور آپ کے اکاؤنٹ کی ادائیگیوں سے۔

**10.2**...... جب آپ اپنے متعلقین کی زاتی اور فائنانشل معلومات (انحصار کنندگان، مشترکہ اکاؤنٹ ہولڈرز) اکاؤنٹ کھولنے یا ان کے انتظام کرنے یا کوئی سہولت حاصل کرنے کے لئے فراہم کرتے ہیں تو برائے مہربانی کنفرم کریں کہ آپ کو ان لوگوں کی رضامندی حاصل ہے یا آپ ان معلومات کو فراہم کرنے میں حق بجانب ہیں۔

**10.3**......ہم، دیگر کمپنیاں اور وینڈرز جو **ICBC** گروپ کو خدمات فراہم کرتے ہیں ان معلومات کو آپ کو سہولیات دینے، اسٹیٹمنٹ کی فراہمی، تجزیہ کاری (بشمول کریڈٹ، اشیاء و خدمات کی) انسداد فریب، منی لانڈرنگ و دیگر جرائم، احتسابی نظام کی جانچ اور اپنی خدمات کو بہتر بنانے میں اور آپ کے مفاد کو تحفظ دینے کے لئے استعمال کریں گے۔

**10.4**...... ہم، دیگر اراکین اور وہ وینڈر جو **ICBC** گروپ کو خدمات فراہم کرتے ہیں ان معلومات کے استعمال سے آپ کو خط، ٹیلی فون، ٹیکسٹ، ٹیلی وژن، ای میل اور دوسرے برقی طریقوں سے آگاہ کردیں گے (بشمول ان لوگوں کے) جن کی اس میں دلچسپی ہو۔

**10.5**......ہم اور کریڈٹ ریفرنس اور انسداد فریب کے ادارے (بشمول مگر **ICBC** تک محدود نہیں) ان معلومات کو شیئر کریں گے۔ ہم اور دیگر ادارے جو قانون نافذ کرنے والے اداروں تک محدود نہیں ہیں ان معلومات کو کریڈٹ، تشخیص فریب، منی لانڈرنگ اور دیگر جرائم کے انسداد کے لئے رسائی اور استعمال کرسکتے ہیں۔

وہ معلومات جن تک رسائی حاصل کی جاسکتی ہے۔

☆......کریڈٹ اور کریڈٹ سے متعلقہ یا دیگر سہولیات کی تفصیلات۔
☆......کریڈٹ اور کریڈٹ سے متعلقہ اکاؤنٹ کی انتظام کاری۔
☆......قرضوں (debt) کی بازیابی۔
☆......تمام اقسام کے انشورنس دعوؤں اور تجاویز کی تفصیلات۔
☆......ملازمین اور کام کے لئے درخواست دینے والوں کی تفصیلات اسی کے ساتھ ساتھ ہم کریڈٹ ریفرنس ایجنسیز سے ان معلومات کا تبادلہ بھی کریں گے کہ آپ اپنے اکاؤنٹ کا انتظام کیسے کرتے ہیں۔

کریڈٹ ریفرنس ایجنسیز کے پاس موجود آپ کی معلومات پہلے ہی سے اس کے پاس موجود آپ کے پارٹنرز یا گھریلو اراکین وغیرہ کی معلومات سے منسلک ہوسکتی ہے اور ان کا استعمال کسی انکوائری میں ہوسکتا ہے۔ کسی دوسرے شخص کا ریکارڈ آپ سے اس وقت وابستہ ہوگا جب

☆......آپ مشترکہ درخواست دیں۔
☆......آپ کسی دوسرے شخص سے اپنی مالی وابستگی کے متعلق ہمیں بتائیں۔
☆......اگر کریڈٹ ریفرنس ایجنسیاں ریکارڈز کو ''وابستہ'' کردیں تو اس وابستگی کو مستقبل میں بھی جاری یا مدنظر رکھا جائے گا تاوقتیکہ آپ میں سے کوئی ''عدم وابستگی'' کی درخواست دے۔

ہم بچت اکاؤنٹ سے متعلق کریڈٹ ریفرنس ایجنسیز کو کوئی معلومات نہیں دیتے وہ ہماری انکوائریز کا ریکارڈ رکھتی ہیں اور ان معلومات کو استعمال کرتی ہیں جو ہم قرض خواہان، انشورنس کنندگان اور دیگر اداروں کو فراہم کرتے ہیں۔ اگر کوئی معلومات غلط ہوں یا فریب کا شبہ ہو تو یہ تفصیلات انسداد فریب کی خاطر کریڈٹ ریفرنس ایجنسیز کو فراہم کی جاسکتی ہیں جنہیں قانون نافذ کرنے والے ادارے استعمال کرسکتے ہیں اور جن تک دوسرے پاکستانی اداروں کی بھی رسائی ہوتی ہے۔

**10.6**......آپ کا اکاؤنٹ کا انتظام کیسے کرتے ہیں آپ کی معلومات ہم دے سکتے ہیں:

☆......**ICBC** گروپ کی دیگر کمپنیوں کو
☆......لوگ جو ہمیں خدمات فراہم کرتے ہیں اور/ یا **ICBC** گروپ ایجنٹ کے طور پر کام کرتے ہیں, ٹھیکیداران جن سے ہماری مفاہمت ہوتی ہے کہ وہ انہیں صیغہ راز میں رکھیں گے۔
☆......سمجھوتہ ہٰذا کے تحت کوئی اور جسے ہم اپنے وجوب و فرائض منتقل کرتے ہیں یا کرسکتے ہیں۔
☆......مزید کسی فریق ثالث کو بوجہ **ICBC** گروپ کی اندرونی تشکیل نو، فروخت یا حصولیابی بشرطیکہ ایسا وصول کنندہ ان معلومات کو انہی مقاصد کے لئے استعمال کرے گا جن کے لئے وہ دی گئی تھیں۔ اگر ہم قانوناً پابند ہوئے تب بھی یہ معلومات فراہم کرسکتے ہیں بصورت دیگر وہ ہمارے پاس صیغہ راز میں رہیں گی۔

**10.7**......اگر ہم یہ معلومات شرط **10** کے تحت کسی شخص، دفتر، شاخ یا تنظیم کو جو بیرون ملک واقع ہے منتقل کرتے ہیں تو ہم اس بات کو یقینی بنائیں گے کہ یہ پاکستانی قوانین اور اسٹیٹ بینک کی ہدایات کے مطابق استعمال ہوں اور ان کے تحفظ کی وہی سطح ہو جو پاکستان میں ہے اور انہی مقاصد کے لئے استعمال کیا جائے جن کے لئے یہ دی گئی ہیں۔

**10.8**......ہم آپ کی معلومات کو آپ کے اکاؤنٹ بند ہوجانے کے بعد بھی اپنے پاس رکھیں گے۔

**10.9**......آپ ہم سے اپنے متعلق ہمارے پاس دستیاب تمام معلومات فراہم کرنے کو کہہ سکتے ہیں۔ اس کے لئے فیس چارج کی جائے گی۔

**10.10**......آپ نے ہمیں انہی ٹرانزیکشنز کی تفتیش کرنے کا مجاز بنایا ہے جو بلحاظ نوعیت مشکوک ہوں اور بذریعہ ہٰذا بسبب مشتبہ منی لانڈرنگ، اپنی شناخت ظاہر/کنفرم کرنے جو کسی قانون نافذ کرنے والے ادارے کی تفتیش میں ضروری ہوں یا کسی فرض کی جو کسی قانون کے تحت ادا کیا جانا ہو اپنی ہدایات کے موثر ہونے میں انکار/ تاخیر کردینے کا بھی۔ آپ متفق ہوئے ہیں کہ مذکورہ بالا تفتیش کے لئے درکار معلومات/ دستاویزات وقت پر مہیا کریں گے اور ایسی کسی تفتیش میں پاکستانی قوانین کے تحت مدد کریں گے۔

**(11)** غیر ملکی کرنسی اکاؤنٹس، بیرون ملک جاری کئے گئے چیک اور غیر ملکی کرنسی کے چیکوں سے متعلق۔

خصوصی شرائط:

**11.1**...... غیر ملکی کرنسی اکاؤنٹس اسٹیٹ بینک کی ہدایات اور فارن ایکسچینج قوانین کے تحت کھولے جاتے ہیں۔ آپ متفق ہوئے ہیں کہ ان میں جو کچھ بھی ہیں۔ فارن کرنسی اکاؤنٹ میں رقم رکھوانا یا نکلوانا اس کرنسی کے نوٹوں کی دستیابی اور متعلقہ قوانین کے اتباع سے مشروط ہے۔ ہم اپنی صوابدید پر فارن کرنسی نوٹوں کو قبول کرنے سے انکار کرسکتے ہیں۔

**11.2**......تمام فارن کرنسی کریڈٹ بیلنسز ایک بینک میں رکھے جاتے ہیں جس کا انتخاب اس ملک کی کرنسی کے حساب سے کیا جاتا ہے۔ زرمبادلہ کے نرخوں میں ردوبدل کے خطرے کی ذمہ داری بھی آپ پر عائد ہوتی ہے۔

11.3......رقم نکلوانے کے لئے نوٹس پیریڈ ہر کرنسی کے لئے علیحدہ ہے۔تفصیلات طلب کرنے پر پیش کی جاتی ہیں۔

11.4......فارن کرنسی تبدیل کرنے کے لئے نرخ اولین یوم کار کے لئے جاتے ہیں جن کے لئے چارجز بھی لئے جاتے ہیں جنہیں آپ کے اکاؤنٹ سے منہا کیا جائے گا۔ڈیبٹ اور کریڈٹ کرنے کا انحصار متعلقہ کرنسیوں پر ہے۔

11.5......شرائط کے تابع ہم فارن چیکس قبول کر سکتے ہیں۔ بیرون ملک واجب الادا چیکس وصول کئے جاسکتے ہیں تاہم ہم اسے اپنی صوابدید پر وصولیں گے اور جنہیں آپ کے خرچوں پر جمع کیا جائے گا۔اگر کوئی چیک "بغیر ادا ہوئے" واپس آ گیا تو اس کے خرچے کے لئے آپ کے اکاؤنٹ کو ڈیبٹ کردیا جائے گا۔سکارنا اور جمع کرنا انٹرنیشنل چیمبر آف کامرس کے قوانین، اسٹیٹ بینک کے قوانین اور غیر ملکی زرمبادلہ کے قوانین کے تحت ہوگا۔

11.6......فارن کرنسی اکاؤنٹ، بیرون ملک جاری چیکوں، فارن کرنسی چیکوں یا دیگر فارن کرنسی اشیا و خدمات کی فیس اور چارجز اس کے روپے معادل میں ہوں گے۔ روپیہ معادل کا تعین شرط 11.4 کے تحت ہوگا۔

11.7......منافع/ مارک کا تعین بلاشرکت غیرے بینک متعلقہ قوانین اور اسٹیٹ بینک کی ہدایات کی روشنی میں کرے گا۔

11.8......آپ متفق ہوئے ہیں کہ باوجودیکہ سمجھوتہ ہٰذا میں کسی جگہ کچھ اور درج ہو ICBC (بینک) کی ذمہ داریاں (چاہے معاہدہ یا دیگر ہو) اس کے پاکستان میں اثاثہ جات اور آپریشنز تک محدود ہیں اور نہ بینک کا سربراہ یا ہوم آفس اور نہ اس کی برانچز آپ کی کوئی ذمہ داری اٹھائیں گے۔کسی بھی قسم کی ادائیگی تنہا اور بلاشرکت غیرے بینک کی پاکستان میں برانچوں اور دفاتر تک محدود ہے۔

## (12) کمپیوٹر کے ذریعے بینکاری کی خصوصی شرائط:

12.1......ہم انٹرنیٹ بینکاری سروسز تک غیر مجاز رسائی اور اس کی سیکورٹی کو یقینی بنانے کے لئے معقول احتیاط کریں گے۔

12.2......آپ کو لازماً۔

☆......اپنے کمپیوٹر اور موڈیم اور معیارات کو درکارات کے مطابق رکھنا چاہئے۔

☆......باقاعدہ وائرس چیک کروانا چاہئے۔

☆......ہماری جانب سے دی جانے والی رہنما ہدایات اور طریقہ کار کی پیروی کرنی چاہئے۔

☆......ہماری جانب سے مہیا کردہ سافٹ ویئر کو تبدیل کرنے کی کوشش نہیں کرنی چاہئے۔

☆......ہماری رضامندی کے بغیر کسی شخص ثالث کو اس سافٹ ویئر کو استعمال یا کاپی کرنے کی اجازت نہیں دینی چاہئے۔

☆......کسی مشتبہ فریب یا اپنی ہدایات کی ترسیل و وصولی میں اگر کوئی غلطی، تاخیر یا ناکامی ہورہی ہوتو جتنا جلد ممکن ہو ہمیں آگاہ کرنا چاہئے۔

12.3......اگر آپ ہماری بنکاری خدمات پاکستان سے باہر استعمال کرتے ہیں تو ایسا اپنے جوکھم پر کرتے ہیں کیونکہ اس سے جرم بھی تشکیل پا سکتا ہے۔

12.4......کمپیوٹر کے ذریعے آپ کی دی جانے والی ہدایات کا ریکارڈ آپ کی ہدایات اور وقت کا حتمی ثبوت ہوگا ماسوائے جبکہ کوئی بیّن غلطی سامنے آئے۔

12.5......کمپیوٹر بینکاری سروسز کے ذریعے ایک سے زائد بار کسی غلط ہدایت کے دیئے جانے کی صورت میں آپ ذمہ دار ہوں گے۔

## (13) تفویضات :

آپ کے نوٹس میں لائے یا لائے بغیر ہم سمجھوتہ ہٰذا کے تحت اپنی کسی خدمت یا کسی اکاؤنٹ سے متعلق اپنے وجوب یا ذمہ داریوں کو کلیتاً یا جزواً سونپ دینے میں حق بجانب ہوں گے۔ ہماری تحریری اجازت کے بغیر آپ اپنے اکاؤنٹس سے متعلق کسی مفاد، حقیت یا حق کو منتقل تفویض یا گروی نہیں رکھ سکتے۔ہماری رضامندی کے بغیر ہم ایسے کسی انتقال، تفویضات اور گرو کو درخور اعتناء نہ سمجھیں گے۔

## (14) سمجھوتہ گاہک کی شرائط میں تبدیلی :

14.1......پاکستانی قوانین اور اسٹیٹ بینک کی ہدایت کی شرائط کے تابع ہم سمجھوتہ گاہک ہٰذا کی شرائط میں (بشمول چارجز اور مارک اپ/ منافع شرح) اور سروس چارجز میں تبدیلی کر سکتے ہیں۔ شرائط میں تبدیلیاں عموماً مارکیٹ صورتحال، اکاؤنٹ کو چلانے کی لاگت، قوانین میں تبدیلی اور ICBC گروپ کی پالیسیوں میں تبدیلی کی وجہ سے ہوتی ہیں جو مصرحہ وقت کے بعد موثر ہوتی ہیں۔ ہم آپ کے اکاؤنٹ کو اپ گریڈ کر سکتے ہیں اور اگر آپ کو کوئی اضافی لاگت برداشت نہ کرنی پڑے تو آپ کو خدمات فراہم کرنے میں اضافہ کر سکتے ہیں۔

14.2......اگر اوسط بیلنس کم از کم درکار بیلنس سے کم ہوگیا (جہاں قابل اطلاق ہے) تو آپ کے کرنٹ/ سیونگ/ ٹرم ڈیپازٹ یا فارن کرنسی اکاؤنٹ جیسی بھی صورت ہو سے کم از کم بیلنس چارجز منہا کئے جائیں گے۔اگر سروس چارجز فارن کرنسی اکاؤنٹ میں ڈیبٹ کئے گئے تو ICBC کے رائج نرخوں پر انہیں پاکستانی روپے میں تبدیل کردیا جائے گا۔

14.3......ممبرشپ فیس، کم از کم بیلنس درکارات اور کم ام کم بیلنس چارجز میں تبدیلیوں سے آپ کو شیڈول آف چارجز کے ذریعے آگاہ کردیا جائے گا۔

14.4......کسی خاص سیگمنٹ کے لئے کم از کم بیلنس درکارات اگر آپ برقرار نہیں رکھ پاتے ہیں تو آپ کو نوٹس دیئے بغیر ہم بلاشرکت غیر آپ کے اکاؤنٹ سیگمنٹ کو **downgrade** کر سکتے ہیں۔

14.5......معیاری بینکاری سیگمنٹ سے کسی بھی بینکاری سیگمنٹ میں اپ گریڈ ہونے پر یا کسی بھی بینکاری سیگمنٹ سے معیاری بینکاری سیگمنٹس میں ڈاؤن گریڈ ہونے پر موجودہ ڈیبٹ کارڈ ناقابل استعمال ہوجائیں گے اور نئے ڈیبٹ کارڈ جاری کئے جائیں گے۔کسی ممکنہ خطرے یا غلط استعمال سے بچنے کے لئے یہ آپ کی ذمہ داری ہے کہ آپ اپ یا ڈاؤن گریڈنگ ہونے پر ایسے ناقابل استعمال ڈیبٹ کارڈ ICBC میں جمع کرائیں۔

14.6......جب تک آپ جاری شدہ ڈیبٹ کارڈز (چاہے قابل استعمال ہو یا ناقابل استعمال ہو) جمع نہیں کرائیں گے ICBC ان کے غلط استعمال کی کوئی ذمہ داری قبول نہیں کرے گا۔

14.7......کوئی وجہ بتائے یا نہ بتائے بغیر ICBC معیاری، کسی بھی یا کسی دوسرے سیگمنٹ

کارڈ کی سہولت فراہم کرنے میں آپ ہمیں تمام افعال، دعوؤں، تقاضوں، کارروائیوں، نقصانات، ہرجانوں، مضرتوں، لاگتوں، چارجز اور اخراجات سے جو ہمیں آپ کو کارڈ کی سہولت فراہم کرنے میں اٹھانے ہیں اور جن پر ہم نیک نیتی سے آپ کی ہدایات کے مطابق عمل کریں سے برأت شدہ، محفوظ شدہ، غیر متضرر رکھنے پر متفق ہوئے ہیں۔

**(5) PIN** کی حفاظت:

ابتداً ہم آپ کو **PIN** مختص کردیں گے اور اگر آپ چاہیں تو مجوزہ نمبروں کی دستیابی پر اپنے **PIN** میں تبدیلی بھی کرسکتے ہیں۔

**PIN** آپ بذاتہی یا اپنے مجاز نمائندے کے ذریعے **30** دن کے اندر اندر وصول کرلیں جس کے بعد پن ضائع کردیا جائے گا۔ ٹی پن **B6-6** کے شرائط وضوابط کے تابع درخواست وصول ہونے پر جاری کی جائے گی۔

پن کی حفاظت بہت اہم ہے اور آپ اسے کسی پر منکشف نہ کریں اگر آپ درکار سیکورٹی تقاضوں کو پورا کرنے میں ناکام ہوجاتے ہیں تو اس کا نتیجہ اس کے غیر مجاز استعمال پر منتج ہوسکتا ہے۔ اگر آپ اپنے پن کا خود انتخاب کریں تو اسے ایسا نہ رکھیں کہ جسے آسانی سے آپ کی ذات سے شناخت کرلیا جائے مثلاً آپ کی تاریخ پیدائش، کار رجسٹریشن نمبر یا مسلسل دہرائے گئے نمبرز وغیرہ۔ اپنے ڈیبٹ کارڈ یا کسی دوسری شئے پر جسے آپ ساتھ لے کر چلتے ہیں پن نہ لکھیں چاہے آپ اسے چھپا کرہی کیوں نہ رکھیں۔

**(6)** ڈیبٹ کارڈ / پن اور ان کے نوٹیفکیشن کی چوری یا گمشدگی:

اگر کارڈ گم یا چوری ہوجائے تو ہمیں فوراً ٹیلی فون بنکاری سروسز پر یا تحریراً اطلاع دیں۔ کارڈ کے ذریعے کی جانے والی ٹرانزیکشنز مطلقاً آپ کی ذمہ داری ہوں گی تاوقتیکہ تحریری نوٹس کے ذریعے آپ ہمیں چوری یا گم ہونے یا کارڈ منسوخ کرنے کے احکامات نہ دے دیں۔ اگر ایک مرتبہ کارڈ کے گم یا چوری ہونے کی رپورٹ کردی جائے تو مل جانے کے بعد بھی اسے استعمال نہیں کیا جاسکتا۔
درخواست وصول کرنے پر ہم اپنی صوابدید پر کارڈ کو نئی پن سے بدل سکتے ہیں یا شرائط وضوابط کے تابع نیا کارڈ جاری کرسکتے ہیں۔

**(7)** گم یا چوری ہوجانے سے متعلق تاخیری نوٹیفکیشنز:
کارڈ یا پن کے گم ہونے یا چوری ہوجانے کی اطلاع تاخیر سے دینے پر اس کارڈ یا پن کے استعمال سے

ہم اپنی صوابدید پر اپنی عمارتوں/مشینوں/آلات تک آپ کی رسائی/موجودگی یا فیضیابی کو کیمرے کے ذریعے ٹیپ یا ریکارڈ کرسکتے ہیں اور کسی بھی کارروائی میں ان تراشوں کو بطور ثبوت استعمال کرسکتے ہیں اور آپ نے بذریعہ ہٰذا ہمیں اس کی اجازت دی ہے۔

ٹرانزیکشن صرف اسی وقت مکمل کی جائے گی جب آپ کے نامزد اکاؤنٹ میں فنڈز کی رقم بشمول قابل اطلاق چارجز، فیس وغیرہ سمیت موجود ہو۔ ہر ایسی ٹرانزیکشن کو آپ کے اکاؤنٹ میں فی الفور ڈیبٹ کردیا جائے گا۔

اگر آپ کی طرف سے دی جانے والی ہدایت ایک سے زائد طریقوں سے پایہ تکمیل کو پہنچائی جاسکتی ہو تو اس کی فیصلہ کہ کس طریقے سے پایہ تکمیل کو پہنچائی جائے ہماری صوابدید پر مبنی ہوگا۔ اگر کوئی سبب

ہمارے قابو سے باہر ہو تو سہولیات کی فراہمی اور شرائط وضوابط پر تعمیل نہ ہونے پر ہم ذمہ دار نہ ہوں گے۔

کارڈ کی سہولت فراہم کرنے میں آپ ہمیں تمام افعال، دعوؤں، تقاضوں، کارروائیوں، نقصانات، ہرجانوں، مضرتوں، لاگتوں، چارجز اور اخراجات سے جو ہمیں آپ کو کارڈ کی سہولت فراہم کرنے میں اٹھانے ہیں اور جن پر ہم نیک نیتی سے آپ کی ہدایات کے مطابق عمل کریں سے برأت شدہ، محفوظ شدہ، غیر متضرر رکھنے پر متفق ہوئے ہیں۔

**(5) PIN** کی حفاظت:

ابتداً ہم آپ کو **PIN** مختص کردیں گے اور اگر آپ چاہیں تو مجوزہ نمبروں کی دستیابی پر اپنے **PIN** میں تبدیلی بھی کرسکتے ہیں۔

**(11)** رقومات کی تصدیق:

کارڈ/**PIN** کی ٹرانزیکشنز سے متعلق ہمارا تصدیق شدہ ریکارڈ حتمی اور آپ پر قابل پابندی ہوگا۔

**(12)** بدل کاری اور پراسیسنگ فیس یا چارجز:

کسی **ATM / EDS / POS** آلے پر کارڈ کا استعمال اس نامزد اکاؤنٹ پر بدل کاری فیس یا پراسسنگ فیس یا ٹرانزیکشن فیس چارج کئے جانے کا لازمی نتیجہ ہوگا۔ یہ چارجز عالمی ومقامی دونوں نیٹ ورکس پر عائد ہوں گے اور ان میں نیٹ ورک در نیٹ ورک تغیر ہوسکتا ہے۔ بغیر کوئی نوٹس دیئے آپ کا نامزد اکاؤنٹ ان چارجز سے کارڈ استعمال کرنے پر ڈیبٹ کردیا جائے گا۔
آپ مندرجہ بالا تمام ادائیگیوں کے تنہا ذمہ دار ہوں گے۔

**(13)** ہم کارڈ کے اجراء، دوبارہ اجراء یا کارڈ کی ٹرانزیکشنز پر کسی بھی وقت کوئی فیس/ چارجز عائد کرسکتے ہیں۔ ان فیسوں اور چارجز کی تفصیلات آپ ہم سے حاصل کرسکتے ہیں اور جن میں سمجھوتہ گاہک کے تابع تبدیلیاں بھی ہوسکتی ہیں۔

کسی بھی وقت فیس یا چارج عائد ہونے پر یہ خودکار طریقے سے آپ کے نامزد اکاؤنٹ سے منہا ہوجائیں گے۔ مزید برآں یہ کہ دیگر **ATM** مالکان یا آپریٹرز یا سروس پروائیڈرز اپنے آلات کے استعمال کے لئے اضافی فیس بھی عائد کرسکتے ہیں جو اصل فیس کے ساتھ واجب الادا ہو کر آپ کے نامزد اکاؤنٹ سے منہا کرلی جائے گی۔

**(14)** استعمال کی حد:

ہم کارڈ کے استعمال کی کم از کم یا زیادہ سے زیادہ رقم کی یومیہ حد مقرر کرنے کا حق محفوظ رکھتے ہیں جو

نامزد اکاؤنٹ میں رقم کی دستیابی کے تابع بھی ہوگی۔ اسی طرح مختلف بینکوں/نیٹ ورکس کے مختلف مقامات پر واقع **ATM** کو استعمال کرنے کی کم از کم/ زیادہ سے زیادہ یومیہ ٹرانزیکشن کی حد بھی متغیر ہوسکتی ہے۔ کارڈ کے استعمال کی تحدیدات سے ہونے والے نقصانات یا زحمتوں کے لئے ہم کسی طور ذمہ دار نہ ہوں گے۔

گاہکوں کی مراعات میں ترمیم، واپسی یا اختتام کرسکتا ہے۔

**14.8**...... ایسی تبدیلیوں کے بارے میں جو آپ کے لئے غیر سود مند ہوں ہم آپ کو برانچز میں آویزاں نوٹس بورڈز کے ذریعے یا مندرجہ ذیل ذریعوں سے آگاہ کریں گے۔

☆...... پریس میں اشتہار کے ذریعے۔
☆...... اپنی ویب سائٹ پر پیغامات کے ذریعے۔
☆...... آپ کو کمپیوٹر یا ڈاک کے ذریعے تحریری نوٹس دے کر۔
☆...... آپ کے اسٹیٹمنٹس میں پیغامات بھیج کر۔
☆...... متن **Text** (یا مماثل) پیغامات۔

**14.9**...... آپ کے لیے تبدیلی مؤثر ہونے سے **30** دن پہلے شرط **14.8** کے کسی بھی طریقہ کار کے ذریعے ہم آپ کو مطلع کر دیں گے۔

## (15) اکائونٹ بند کیا جانا :

**15.1**...... ہمیں بتا کر آپ اپنا اکاؤنٹ بند کرسکتے ہیں ایسی اطلاع ہم تحریری صورت میں طلب کرسکتے ہیں۔ ہمیں بتا دینے کے بعد آپ ہماری بینکاری خدمات یا سہولیات کو استعمال کرنے سے باز رہیں۔ مشترکہ اکاؤنٹ کی صورت میں کوئی ایک اکاؤنٹ ہولڈر بھی بتا سکتا ہے بشرطیکہ آپ پہلے سے متفق ہوئے ہوں کہ کوئی بھی اطلاع دے سکتا ہے۔

**15.2**...... آپ کو بصورت تحریر مطلع کر کے آپ سے بینکاری تعلق ختم کرسکتے ہیں (بشمول اکاؤنٹ کو بند کرنا یا خدمات فراہم کرنے سے روک دینا) ہم آپ کو کم از کم **30** دن کا نوٹس دیں گے۔ ہم آپ کے اکاؤنٹ کو کوئی نیا نمبر دے سکتے ہیں اور اگر ہماری کوئی برانچ بند یا مدغم ہو جائے تو ہم آپ کا اکاؤنٹ کسی دوسری برانچ میں بھی منتقل کرسکتے ہیں جس کے لئے ہم آپ کو **30** دن کا نوٹس دیں گے۔ اکاؤنٹ بند ہو جانے پر اس اکاؤنٹ سے منسلکہ کوئی فائدہ یا خدمت ختم ہو جائے گی۔

**15.3**...... استثنائی صورتوں میں ہم آپ کے اکاؤنٹ کو فی الفور بند کرسکتے ہیں جیسے کہ اگر ہمیں معقولاً یقین ہو کہ۔

☆...... آپ اکاؤنٹ رکھنے کے اہل نہیں ہیں۔
☆...... آپ ہمیں کسی وقت غلط معلومات دیں۔
☆...... اگر آپ یا کوئی اور اکاؤنٹ کو غیر قانونی طریقے سے یا مجرمانہ سرگرمیوں کے لئے استعمال کرے
☆...... کسی شخص کو آپ کے اکاؤنٹ سے متعلق ہدایات دینے کا مجاز بنا دینا نامناسب ہے۔
☆...... ہمارے پاس آپ کے اکاؤنٹ کو برقرار رکھنا آپ کے رویہ کی وجہ سے نامناسب ہے۔
☆...... آپ کا اکاؤنٹ برقرار رکھتے ہوئے ہم کسی فرض، ضابطے، قانون یا ریگولیشن کی خلاف ورزی کر بیٹھیں گے بشمول مشتبہ منی لانڈرنگ کے۔
☆...... آپ کے اکاؤنٹ کو برقرار رکھتے ہوئے ہم اپنی شہرت کو داغدار کر بیٹھیں گے۔
☆...... آپ سمجھوتہ گاہک ہٰذا یا آپ کے اکاؤنٹ پر لاگو ہونے والی اضافی شرائط کی سنگین یا مسلسل خلاف ورزی کر رہے ہوں۔
☆...... ذاتی اکاؤنٹ اگر آپ نے کاروباری مقاصد کے لئے استعمال کیا ہو۔
☆...... اگر آپ کے اکاؤنٹ میں کسی وقت **3** ماہ کے عرصے کے لئے یا اکاؤنٹ کھولنے کے بعد **30** ایام کے لئے صفر بیلنس رہا ہو۔ یا

**15.3**...... اگر ہمارے پاس یہ یقین کرنے کی وجہ موجود ہو کہ اکاؤنٹ فریب دہی یا مشتبہ سرگرمیوں کے لئے استعمال کیا جاسکتا ہے۔

**15.4**...... آپ کو نوٹس دیئے بغیر اور کسی وجوب اور خلاف ورزی کی ذمہ داری قبول کئے بغیر ہم عدالت، ٹریبونل، عدالتی و نیم عدالتی اتھارٹیز حکومتی اداروں، ٹیکس اتھارٹیز اور قانون نافذ کرنے والے اداروں کی ایما پر آپ کے اکاؤنٹ کو بند یا منجمد کرسکتے ہیں یا اسے معطل کرسکتے ہیں۔

**15.5**...... پلاسٹک کارڈز، غیر استعمال شدہ چیکوں اور کسی کمپیوٹر سافٹ ویئر کی واپسی تک ہم آپ کے اکاؤنٹ کو بند نہ کرنے کا فیصلہ بھی کرسکتے ہیں۔ آپ کو واجب الادا رقم، چیکس اور دیگر ادائیگی کے آلات ہمیں لازماً واپس کر دینے چاہئیں۔

**15.6**...... جب آپ کا اکاؤنٹ بند ہو جائے تو یہ آپ کی ذمہ داری ہوگی کہ آپ کے اکاؤنٹ میں یا اس سے براہ راست ادائیگیاں منسوخ کر دیں۔ اگر کوئی شخص کسی بند شدہ اکاؤنٹ میں ادائیگی کی کوشش کرتا ہے تو ہم ایسی ادائیگیاں ترسیل کنندہ کو واپس کر دیں گے۔

**15.7**...... اگر ایک مرتبہ آپ کا اکاؤنٹ بند ہو جائے تو ہم آپ کے آخری معلوم پتے پر آپ کے اس وقت کے بیلنس سے منہائیاں کرتے ہوئے ایک بینک ڈرافٹ بھیجیں گے۔

**15.8**...... اگر آپ کا انتقال ہو جائے یا اگر آپ اکاؤنٹ آپریٹ کرنے کی قانونی گنجائش کھو بیٹھیں (عدالت مجاز کے حکم پر یا عدالت کی جانب سے دیوالیہ قرار پانے پر) تو آپکا اکاؤنٹ بند کر دیا جائے گا۔

## (16) غیر فعال اکاؤنٹس :

**16.1**...... اگر گاہک کی جانب سے اکاؤنٹ میں کوئی ڈیبٹ ٹرانزیکشن آخری **12** ماہ تک نہ کی گئی ہو تو اکاؤنٹ کو غیر فعال **(dormant)** سمجھا جائے گا۔ غیر فعالیت کو ختم کرنے کے لئے آپ ہمیں **CNIC** / پاسپورٹ کے ہمراہ ایک تحریری درخواست دیں گے۔

**16.2**...... اگر اکاؤنٹ **10** سال تک غیر فعال رہا تو اس اکاؤنٹ کے ڈیپازٹ غیر دعویٰ شدہ سمجھے جائیں گے جنہیں بینکنگ کمپنیز آرڈیننس **1962** اور **SBP** کے **BPD** سرکلر نمبر **7** مورخہ **21-07-2006** کی تعمیل میں اسٹیٹ بینک آف پاکستان بھجوا دیا جائے گا۔ ہم اس بابت آپ کے آخری معلوم پتے پر ایک تحریری نوٹس دیں گے اور اگر اس تحریری نوٹس کے **3** ماہ بعد بھی اکاؤنٹ غیر دعویٰ شدہ رہا تو بغیر کسی مراسلت اور ہماری ذمہ داری کے انہیں اسٹیٹ بینک بھجوا دیا جائے گا۔

## (17) تحلیل تنازعات /حاوی قوانین:

**17.1**...... اگر آپ سے ہمارا کوئی تنازع یا اختلاف ہو جائے تو پہلے آپ ہمارے اندرونی تحلیل تنازع طریقہ کار سے رجوع کریں۔ تاہم کسی بھی غیر حل طلب تنازع/تنازعات سلسلے میں آپ **SBP** سے رجوع کرسکتے ہیں اور **SBP** کا فیصلہ فریقین کیلئے حتمی اور قابل تکمیل ہوگا۔

**17.2**...... سمجھوتہ کی اثر پذیری پر پاکستانی قوانین حاوی ہوں گے اور آپ نے ذریعے ہٰذا متعلقہ عدالتوں یا ٹریبونلز کے اختیار سماعت کو تسلیم کیا ہے اور ہم آپ کے خلاف بھی ایسی ہی عدالتوں کے اختیار سماعت کا حق تسلیم کرتے ہیں۔

**17.3**...... اگر آپ کو کوئی شکایت ہو تو ریلیشن منیجر یا متعلقہ برانچ سے رابطہ کریں۔

## (17) اطلاعات عامه:

**17.1**......اگرہمیں کسی حکومتی یانیم حکومتی ادارے یاکسی مقامی یاغیرملکی مالیاتی ادارے سے آپ کے اکاؤنٹ کومعطل کرنے کے بارے میں ہدایات موصول ہوں (یاکوئی اورفعل درکارہو) یاکوئی قانون یا حکومتی ریگولیشن یانوٹیفکیشن یاکورٹ آرڈر یاکسی اورمجاز اتھارٹی کاحکم ایسا کرنے کا متقاضی ہوتو ہم آپ کے اکاؤنٹ کی تمام سرگرمیاں معطل کرسکتے ہیں۔

**17.2**...... جب آپ ہم سے کسی پروڈکٹ یاخدمت کوفراہم کرنے کوکہیں تو ہم آپ سے درخواست فارم اورسوالنامہ پرکرنے کوکہہ سکتے ہیں۔اس بات کویقین بنانا آپ کی ذمہ داری ہے کہ درخواست فارم اورسوالنامے میں درج کی گئی معلومات درست اورصحیح ہیں۔کسی خاص پروڈکٹ یاخدمت کی آپ کوفراہمی کے لئے آپ کی اہلیت جانچنے کے لئے بھی یہ معلومات درکار ہوتی ہیں۔اگرآپ غلط معلومات دیں گےتوان پروڈکٹس اورخدمت کی فراہمی روکی بھی جاسکتی ہے۔

**17.3**...... ہمارے پاس موجودآپ کی سیکورٹیز پرواجب الادارقم کی حدتک کسی دیگرحق گرفت یا چارج سے قطع نظر **set off** اورحق گرفت **(Lien)** حال اورمستقبل دونوں میں آپ کے کسی اکاؤنٹ کے ڈیپازٹس پرچاہے وہ سنگل ہویامشترکہ ہماراحق ہوگا۔بغیرکوئی نوٹس دیئے ہم آپ کے قرضوں کوسیٹل کرنے میں حق بجانب ہوں گے چاہے وہ حقیقی ہوں یااتفاقی۔چاہے ثانوی ہوں یا مکفوتی **(collateral)**۔ہمارایہ حق گاہک کے دیوالیہ ہونے،فوت ہوجانے،قلاش ہوجانے یا کام ختم کردینے سے متاثرنہیں ہوگا۔گوکہ پیراگراف ہٰذا کے تحت کسی حق کواستعمال کرنا ہم پرواجب نہیں ہوگا۔ہمارامذکورہ بالاحق آپ کے قرض اداکرنے کے وجوب اورآپ سے واجب الادارقوم کی بازیابی کےحق کوخطرے میں ڈالے بغیر ہے۔

**17.4**......ہم وقتاًفوقتاً آپ سے کسی ذمہ داری کی بابت سیکورٹی کاتقاضہ کرسکتے ہیں۔

**17.5**...... سمجھوتہ گاہک ہٰذا میں شامل پروڈکٹس،خدمات،مراسلت کے طریقہ کاریاہدایات کی فراہمی (کمپیوٹر، ٹیلی فون وغیرہ)اس بات کی غمازنہیں ہیں کہ یہ سب دستیاب بھی ہیں۔ہم وقتاًفوقتاً انہیں متعارف کراسکتے ہیں اورواپس بھی لے سکتے ہیں۔

**17.6**......ہم بغیرکوئی وجہ بتائے کسی پروڈکٹ یاخدمات کی درخواست کومستردکرنے کاحق بھی محفوظ رکھتے ہیں۔

**17.7**......ٹرانزیکشنزاوراکاؤنٹ بیلنسز کے ہمارے ریکارڈز کوقانونی چارہ جوئی،مصالحت یاکسی دیگرتنازع کےحل کے لئے حتمی ثبوت ماناجائے گا۔

**17.8**......ہم براہ راست یاسروس پروائیڈرکے ذریعے اپنی پروڈکٹس اورسروسزکی ترویج کے متعلق خصوصی پیشکش کرسکتے ہیں۔اگرآپ ان پیشکشوں سے فائدہ اٹھاناچاہتے ہیں توآپ متفق ہوئے ہیں ان سے متعلق شرائط وضوابط جودرخواست فارم،اشتہاری موادیاہماری برانچ کےنوٹس بورڈزپر آویزاں ہوگی کے پابندرہیں گے۔

**17.9**...... سمجھوتہ ہٰذااسٹیٹ بینک کےقواعدوضوابط بشمول پروڈنشل ریگولیشنز یادیگرہدایات یاوفاقی اورصوبائی اداروں کی ہدایات اوران میں ترمیمات کے تابع ہے۔

**17.10**......ہم اپنی تنہاصوابدید پراپنے گاہکوں کوپیشکش شدہ پروڈکٹس اورسروسزفراہم کرنے کے لئے اپنے بیرونی سروس پروائیڈرز کے ملازمین استعمال کرسکتے ہیں۔

**17.11**...... برأت اورذمہ داری :

خدمات اوراکاؤنٹ آپریشن کواغلاط سے مبرابنانے کے لئے ہم اپنی انتہائی کدوکاوش کریں گے۔اس کے باوجودآپ نے بذریعہ ہٰذاکنفرم کیاہے کہ ہم ذمہ دارنہ ہوں گے اورآپ نے ہمارے افسران، ڈائریکٹرز ملازمین،نمائندگان،ایجنٹوں اورٹھیکیداران کوکسی بھی نقصان،ہرجانے،ذمہ داری خرچوں کی ادائیگی (بشمول لاگت قانونی) سے جوآپ نے برداشت کئے ہوں یاہم پرعائدہوتے ہوں مجملہ برأت دی ہے۔

**(i)** ہم ادائیگی کوروکنے سے متعلق آپ کی تحریری یازبانی ہدایات پرعمل کرتے ہیں یاہدایات قائمہ **(Standing Instructions)** پرعمل کرتے ہیں جوآپ وقتاًفوقتاً ہمیں دیتے ہیں۔

**(ii)** آپ کی طرف سے کسی فریق ثالث کی طرف سے رقم کی منتقلی یاخدمات کی فراہمی یااس سے متعلق کوئی دعویٰ۔

**(iii)** اقدامات جوہم یہ بھروسہ کرتے ہوئے اٹھائیں کہ۔

☆......ہم پرمنکشف کی جانے والی ہدایات مثنیٰ اورغلط ہیں۔

☆......ہدایات جوآپ کی جانب سے دی گئی معلوم ہوتی ہوں فریب دہی پرمبنی ہوں۔

☆......ہدایات جوآپ کے قاصد کے ذریعے ترسیل کی گئی ہوں۔

**(iv)** ٹیکسز جوخدمات کی فراہمی کے لئے ہم پرلاگوہوں۔

**(v)** کوئی غلطی،غفلت یاڈیفالٹ،افعال یاترک افعال چاہے بالذات ہوں یاملازمان،سب ایجنٹوں یاان کے ملازمان کے ذریعے سرزدہوں۔

**(vi)** شرائط وضوابط ہٰذاکے تابع ہدایات میں ترمیمان یاتغیرات سے۔

**(vii)** ہمارے قابوسے باہرہدایات کی عدم تعمیل پر

**(viii)** کسی براہ راست،حادثاتی یاواقعاتی نقصان یامنافع میں نقصان سے جس میں آپ برقی ٹرانسمیشن سہولت یاخدمات کی فراہمی میں ناکامی کی وجہ سے دوچارہوئے ہوں۔

**(ix)** کوئی نقصان جواکاؤنٹ یاخدمت تک غیرمجاز رسائی یاآپکوخدمات فراہم کرنے میں ناکامی سے پیداہواہو۔

**(x)** پن،کارڈیاچیک بک کاافشا،چوری یاگم ہوجانا

**(xi)** آپ کے اکاؤنٹ میں کریڈٹ شدہ فنڈزکی فرسودگی یاتخفیف،چاہےزرمبادلہ کی شرح میں اتار چڑھاؤ کی وجہ سے ہویاکم قدری **devalution** کی وجہ سے۔

**(xii)** اسٹیٹ بینک کی عائدکردہ پابندیوں کی وجہ سے فنڈزکی عدم دستیابی بشمول زرمبادلہ کی فروخت سےانکار،بدل پذیری پرپابندی یاکسی بھی نوعیت کی انتقالیت کی پابندی۔

**(xiii)** کارڈہولڈرکے پاکستان میں موجوداکاؤنٹ رقم اداکرنے کے لئے ہماراہیڈآفس،دیگر برانچزیاملحقات **(affiliates)** پرکوئی وجوب عائدنہیں ہے۔

**(xiv)** آپ نے بذریعہ ہٰذاہمیں اپنی غلطیوں/غفلت یابدعملیوں سے ہمیں ہونے والےنقصانات ہرجوں اورخرچوں سے برأت دی ہے۔

**(xv)** کارڈاوراکاؤنٹ سے متعلق قواعد/شرطوں کی خلاف ورزی یاعدم تعمیل سے

**(xvi)** آپ یاآپ کے ملازمین/ایجنٹوں کی فریب یابددیانتی پرمبنی ٹرانزیکشنز سے۔

**(xvii)** **ATM/EDC** اورمماثل نوعیت کے برقی ٹرمینلزمشینیں ہیں جنہیں استعمال کرتے ہوئے غلطیاں ہوسکتی ہیں آپ نے ہمیں ان سے برأت دی ہے۔

**(xviii)** پاکستانی زرمبادلہ کےقوانین،اسٹیٹ بینک کے ایکسچینج کنٹرول ریگولیشنز کی آپ کی جانب سےعدم تعمیل سے پیداہونے والےنتیجوں سے آپ ہمیں برأت دیں گے۔

**17.12**......اسٹیمپ ڈیوٹی/لیویز :

بینکاری خدمات پرعائدہونے والی اسٹیمپ ڈیوٹیاں،ٹیکسز،حکومتی لیویز،فائنانسنگ فیس اوردیگر چارجز آپ اداکریں گے۔

**(B)** پروڈکٹ کی مخصوص شرائط و ضوابط:

درج ذیل شرائط وضوابط کا اطلاق اس وقت ہوگا جب آپ کسی اکاؤنٹ، خدمت یا پروڈکٹ کے لئے بذریعہ درخواست فارم یا بصورت دیگر درخواست دیں۔ چنانچہ کسی اکاؤنٹ، خدمت یا پروڈکٹ پر عمومی شرائط وضوابط (حصہ A)، پروڈکٹ کی مخصوص شرائط وضوابط اور ان اضافی شرائط کا اطلاق ہوگا جن سے ہم آپ کو وقتاً فوقتاً آگاہ کریں گے۔

**B1**...... جاری اکاؤنٹ:

**(1)** اکاؤنٹ آپریشن

اکاؤنٹ آپریشن آپ کو یا آپ کے مجاز کنندگان کو تفویض کیا جائے جو اس وقت تک معدوم نہیں ہوگا جب تک ہم آپ کا ہدایات میں ترمیم کا تحریری نوٹیفکیشن وصول نہ کرلیں۔

**(2)** چیک بکس کا اجرا:

چیک بکس کا اجرا کرنا ہماری تنہا صوابدید پر ہوگا۔ **ATM** کے ذریعے کی گئی چیک بک کی درخواست **48** گھنٹوں میں آپ کے اکاؤنٹ میں کافی بیلنس (چیک بک کے اجراء کے چارجز) دستیاب ہونے پر پراسس کردی جائے گی۔ آپ یا آپ کا نمائندہ جاری چیک بکس **30** ایام کے اندر اندر وصول کرے بصورت دیگر ہم اسے ضائع کردیں گے۔ نئی چیک بکس کا اجراء درخواست وصول ہونے پر کیا جائے گا جس کے چارجز آپ کے اکاؤنٹ سے لئے جائیں گے۔

آپ نقد رقم چیک یا تحریری آرڈر کے فارم کے ذریعے نکلوا سکتے ہیں۔ کسی اور زریعے سے رقومات نکلوانے کی اجازت دینا ہماری صوابدید پر ہوگا۔

چیک جو شرائط وضوابط ہٰذا کے علاوہ جاری کئے جائیں ہم ان کی ادائیگی سے انکار کا حق محفوظ رکھتے ہیں۔ آپ چیک بک کو سنبھال کر رکھیں گے اور اگر چیک بک یا اس کا کوئی چیک گم ہوا تو آپ کو ہمیں مطلع کرنا چاہئے۔ چیک بک یا اس کے کسی چیک کو اگر آپ اپنے کسی جانشین یا فریق ثالث کے پاس رکھ چھوڑتے ہیں تو اس کے **(damages)** کے آپ تنہا ذمہ دار ہوں گے۔

آپ کے پاس سے چیک چوری ہوجانے پر ہماری ذمہ داری اس وقت تک نہ ہوگی جب تک اس پر ادائیگی روکنے کے لئے آپ ہمیں تحریری مطلع نہ کریں۔

چیک بک پہلی مرتبہ ہم آپ کو پراسس کے مطابق جاری کردیں گے ازاں ان کا اجراء چیک بک میں دستیاب پرت پیش کرنے پر کیا جائے گا۔

اگر ہماری رائے میں اکاؤنٹ شرائط وضوابط کی خلاف ورزی کرتے ہوئے آپریٹ ہورہا ہے تو ہم کوئی نوٹس دیئے یا وجہ بتائے بغیر چیک بک واپس لینے کا حق محفوظ رکھتے ہیں۔

جاری اکاؤنٹ سے پیسے نکلوانا **(drawings)**:

چیک نمونہ دستخط کے مطابق دستخط کئے جائیں اور اگر کوئی ردوبدل ہو تو اس پر اپنے دستخط کردیئے جائیں۔ اگر آپ کے اکاؤنٹ میں ناکافی بیلنس ہوا تو ہم چیکوں، ڈرائنگز اور پے آرڈرز کی ادائیگی سے انکار کرنے کا حق محفوظ رکھتے ہیں چاہے آپ کے کسی دوسرے اکاؤنٹ میں کریڈٹ بیلنس موجود ہی کیوں نہ ہو۔ آپ کو ہمیں دیگر اکاؤنٹس کی رقموں تک احاطہ کرنے کے لئے تحریری طور پر مجاز بنانا ہوگا۔

اگر کسی چیک پر عبارت ظہری **(endorsed)** ہو تو ہم اس پر ادائیگی سے انکار کرسکتے ہیں۔ گو کہ ایسے چیک ہم اس وقت قبول کرسکتے ہیں جب عبارت ظہری کنندہ **(endorser)** **ICBC** کا گاہک ہو جس کے دستخط کی ہم تصدیق کرسکیں اسی طرح ردوبدل شدہ چیکوں پر ادائیگی سے انکار بھی ہمارا حق ہے جب تک ایسے ردوبدل پر آپ کے دستخط نہ ہوئے ہوں۔

**(4)** چیکوں پر ادائیگی روکنا:

ماسوائے گم ہونے، چوری ہونے یا دیگر قانونی شرائط جن پر ہم متفق ہوئے ہوں چیکوں پر ادائیگی روکنے کی ہدایات ہم قبول نہیں کریں گے۔ ایسی ہدایات تحریری براہ راست یا بصورت دیگر ایسے چیک پیش ہونے سے قبل ہمیں دی جائیں اور اس سے ہونے والے کسی نقصان، ہرجے یا لاگت کو آپ برداشت کریں گے۔ ہدایات کی وصولی کے وقت اور زریعوں کا قطعی فیصلہ ہمارا ہوگا جو حتمی ہوگا۔ چیک پر ادائیگی روکنے کے لئے ہم چارج بھی کرسکتے ہیں۔

جب تک ردوبدل شدہ چیک پر آپ کے دستخط نمونے کے مطابق نہ ہوں گے تو ہم ان پر ادائیگی سے انکار کرسکتے ہیں۔ چیک اسی طرح جاری کئے جائیں کہ ان میں ردوبدل نہ ہوسکے۔ آپ کے دستخط ریکارڈ کے مطابق ہونے چاہئیں۔

چیک کے اجراء کے **6** ماہ بعد وصول ہونے والے، ردوبدل شدہ، مبہم یا مشکوک چیکوں کو ہم غیر ادا شدہ واپس کرسکتے ہیں۔

چیکوں کو واپس ہونے سے بچانے کے لئے آپ اس بات کا انتظام پہلے سے ہی کرلیں کہ آپ کے اکاؤنٹ میں فنڈز موجود ہوں۔ ناکافی بیلنس پر واپس کئے جانے والے چیکوں پر فیس لاگو کی جاسکتی ہے۔ بڑی تعداد میں چیک واپس ہونے پر بینک ایسے اقدامات اٹھانے کا حق محفوظ رکھتا ہے جو وہ مناسب سمجھے۔

**(5)** اکاؤنٹ کی بندش:

ناکافی فنڈز کی وجہ سے چیکوں کے غیر ادا شدہ واپس کئے جانے پر لاگو پاکستانی قوانین کے اتباع میں آپ کا اکاؤنٹ بند بھی کیا جاسکتا ہے۔ اس صورت میں آپ کو تمام غیر استعمال شدہ چیک واپس کرنے ہوں گے۔ ہم اپنی صوابدید پر آپ کے نام سے نیا اکاؤنٹ بغیر چیکوں کے اس اکاؤنٹ کے بدلے بھی کھول سکتے ہیں جو بند کیا گیا تھا اور بند شدہ اکاؤنٹ کو کوئی کریڈٹ سہولت نئے اکاؤنٹ میں منتقل کرسکتے ہیں۔

اسٹیٹ بینک اور دیگر ادارے ہم سے ایسے اکاؤنٹ سے متعلق تفصیلات طلب کرسکتے ہیں۔ اگر آپ پاکستان سے باہر کسی ملک میں رہائش اختیار کرلیتے ہیں تو پلاسٹک کارڈز اور غیر استعمال شدہ چیک روانگی سے **14** یوم قبل واپس کردیں۔

اگر کوئی اکاؤنٹ تسلی بخش طریقے سے آپریٹ نہ ہورہا ہو تو ہم اپنی تنہا صوابدید پر آپ کو نوٹس دیئے یا دیئے بغیر اور اکاؤنٹ بندش سے متعلق کوئی انکشاف کئے بغیر آپ کے اکاؤنٹ کو بند کرنے کا حق محفوظ رکھتے ہیں۔

اکاؤنٹ بندش سے متعلق ہم اپنی ذمہ داری سے آپ کے آخری معلوم پتے پر اس اکاؤنٹ میں موجود کرنسی کے واجب الادا بینک ڈرافٹ جس میں سے منہائیاں کری گئی ہوں گی بھیج کر عہدہ براہوں گے۔

مندرجہ بالا بندش ہوجانے پر آپ سے ایسے پلاسٹک کارڈز اور غیر استعمال شدہ چیکوں کی واپسی درکار ہوگی بصورت دیگر آپ ہمیں تحریراً کنفرم کریں کہ ایسے پلاسٹک کارڈز اور غیر استعمال چیکس ضائع کردیے گئے ہیں۔

**(6)** فیس اور خرچے :

آپ سے یا کسی فریق ثالث سے ہونے والی کسی ڈیلنگ کی وجہ ہونے والے خرچوں اور فیسوں کو اپنے اکاؤنٹ سے ڈیبٹ کر لئے جانے کو آپ نے تسلیم کیا ہے۔ ہم ہمیشہ ایسے چارجز، فیس، کمیشنوں، مارک اپ/ منافع، سزاؤں، ودہولڈنگ ٹیکسوں، زکوۃ، اسٹیمپ ڈیوٹی، دیگر ڈیوٹیاں، حکومتی یا نیم حکومتی اداروں کی ہدایات کے مطابق آپ اکاؤنٹ سے ڈیبٹ کرلینے کے حقدار ہوں گے۔

**(7)** کم از کم درکار بیلنس :

جاری اکاؤنٹ کم از کم بیلنس کے تابع ہوسکتا ہے۔ اگر کم از کم بیلنس مسلسل **6** ماہ تک برقرار نہیں رہا تو ہم آپ کے اکاؤنٹ کو بند کردینے کے حقدار ہوں گے۔ مزید برآں یہ کہ آپ کا اکاؤنٹ ماہانہ مرمت کاری چارجز سے جو شیڈول آف چارجز میں مذکور ہیں ڈیبٹ کردیا جائے گا۔

**(B2)** بچت / **PLS** اکاؤنٹ :

**(1)** اکاؤنٹ آپریشن :

اکاؤنٹ آپریشن آپ کو یا آپ کے مجاز کنندگان کو تفویض کیا جائے جو اس وقت تک معدوم نہیں ہوگا جب تک ہم آپ کا ہدایات میں ترمیم کا تحریری نوٹیفکیشن وصول نہ کرلیں۔ اکاؤنٹ کی بندش اور فیس و چارجز کی شرائط جو دفعہ **B1-5** اور **B1-6** بالا میں مذکور ہیں ان کا اطلاق بچت/ **PLS** اکاؤنٹس پر بھی ہوگا۔

**(2)** کم از کم بیلنس درکارات :

بچت/ **PLS** اکاؤنٹس متعلقہ کم از کم درکار بیلنس کے تابع ہوں گے۔ اگر کم از کم بیلنس مسلسل **6** ماہ تک برقرار نہیں رہا تو ہم آپ کے اکاؤنٹ کو بند کردینے کے حقدار ہوں گے۔ مزید برآں یہ کہ آپ کا اکاؤنٹ ماہانہ مرمت کاری چارجز سے جو شیڈول آف چارجز میں مذکور ہیں اور ہماری برانچوں میں آویزاں ہیں ڈیبٹ کردیا جائے گا۔

**(3)** اپنے اکاؤنٹ سے رقم نکلوانا **(Withdrawal)** :

چیک بکس بچت اکاؤنٹ پر جاری کی جائیں گی۔ چیک بکس، ادائیگیوں یا ان کو روکنے کی شرائط جو دفعات **B1-2**، **B1-3** اور **B1-4** میں مذکور ہوئی ہیں جہاں کہیں قابل اطلاق ہوئیں تو بچت/ **PLS** اکاؤنٹس پر بھی لاگو ہوں گی۔

رقم **ATM** کارڈز یا مخصوص فارموں یا دیگر آلات کے ذریعے نکلوائی جاسکتی ہے۔ آپ متفق ہوئے ہیں کہ ہم بچت/ **PLS** اکاؤنٹس پر وقتاً فوقتاً، ماہانہ یا کسی اور دورانیئے کی پابندیاں لگانے کے حقدار ہیں۔

**(4)** منافع / دیگر حصولات / وصولات **(return)** منافعوں یا دیگر وصولات کی شرحات علامتی ہیں۔ کرنسی یا بیلنس کیٹگری کے تحت ہم ان میں تغیر کرنے کا حق محفوظ رکھتے ہیں۔

نفع نقصان اسکیم کے تحت حصولات کی تحسیب اسٹیٹ بینک کی ہدایات کی روشنی میں کی جاتی ہے۔ اور ہماری جانب سے ایسے کسی منافع/ دیگر حصولات کی رقم حتمی اور قابل پابندی ہوگی۔ آپ یا آپ کی جانب سے کوئی اور ایسے منافع/ وصولات کے تعین پر کوئی سوال نہیں اٹھا سکتے۔ ہم ان شرحات میں پاکستانی قوانین اور اسٹیٹ بینک کی ہدایات کی روشنی میں تبدیلی کرسکتے ہیں جو فی الفور موثر ہوگی۔ یہ کلیئر شدہ ہے کہ ایسی تمام شرحات علامتی اور اصل شرحوں کے تعین سے مشروط ہیں۔ نفع نقصان کی حصہ بندی، متعلقہ عرصے کے خرچوں کی رقومات اور اکاؤنٹ پر شرح وصولی حتمی ہوگی۔ جس پر اکاؤنٹ ہولڈر یا اس کی جانب سے کوئی شخص کسی بھی بنیاد پر سوال نہیں اٹھا سکے گا۔ ہمارے پاس موجود فنڈز کے استعمال کا فیصلہ کلیتاً ہماری صوابدید پر ہے۔ آپ یا آپکی جانب سے کوئی شخص اس پر سوال اٹھانے کا حقدار نہیں ہے۔

**(B3)** طے شدہ مدتی **(Fixed term)** ڈیپازٹ اکاؤنٹ:

آپ ہمارے پاس طے شدہ، مدتی اکاؤنٹ روپے یا غیر ملکی کرنسی میں کھول اور آپریٹ کرسکتے ہیں جنہیں درخواست فارم اور اس میں ظاہر کردہ رقم جمع کرواکر کھولا جاسکتا ہے۔

**(2)** طے شدہ مدتی اکاؤنٹ کھولنے کے لئے آپ کو جاری یا بچت اکاؤنٹ کھولنے کی ضرورت ہوتی ہے جنہیں متعلقہ درخواست فارم پر کر کے کھولا جاسکتا ہے۔

**(3)** اگر ہم آپ کے نام سے طے شدہ مدتی ڈیپازٹ اکاؤنٹ کھولنے پر متفق ہوں تو درخواست فارم کی ملاحظگی کے بعد معقول عرصے کے اندر اندر آپ کو کنفرمیشن آف ڈیپازٹ جاری کریں گے جس میں اصل وصول شدہ رقم **(Principal sum)**، دورانیہ وقت، تاریخ پختگی **(maturity)**، لاگو شرح منافع اور پختگی پر منافع کی رقم کی صراحت ہوگی۔

**(4)** طے شدہ مدتی ڈیپازٹ میں پختگی پر منافع کی ادائیگی کنفرمیشن آف ڈیپازٹ میں مصرحہ نرخوں کی بنیاد پر کی جائے گی ایسے منافعوں کی تحسیب بلاشرکت غیرے ہمارا حق ہوگا۔ نفع نقصان کی حصہ بندی، خرچوں کی رقم اور اکاؤنٹ پر شرح منافع کا فیصلہ حتمی ہوگا اور اکاؤنٹ ہولڈر یا اس کی جانب سے کسی بھی شخص کو کسی بھی بنیاد پر اسے چیلنج کرنے کا حق نہ ہوگا۔

**(5)** ہم اصل رقم پر منافع کی ادائیگی تاریخ وصولی تا تاریخ پختگی تک کریں گے لیکن اگر اصل رقم بینکاری اوقات کے بعد وصول ہو تو ہم اس پر منافع اگلے یوم کار کے حساب سے دینے کا حق محفوظ رکھتے ہیں۔

**(6)** اگر آپ کے طے شدہ مدتی ڈیپازٹ اس دن پختہ ہوجائیں جس دن بینکاری نہ ہو تو ان کی پختگی اگلے یوم کار میں ہوگی۔

**(7)** جب تک آپ ہمیں **3** بینکاری ایام کے اندر اندر تحریراً مطلع نہ کریں تو طے شدہ مدتی ڈیپازٹ پختہ ہوجانے پر ہم ان کی تجدید خود بخود اگلے اسی عرصے کے لئے اس وقت کے رائج نرخوں پر کرسکتے ہیں (مگر یہ وجوب نہیں ہے)

**(8)** گرآپ تاریخ پختگی سے قبل اصل رقم کو کلی یا جزوی نکلوانے کی درخواست دیں تو ہم توڑائی **(Breakage)** فیس جاری کریں گے جس کا تعین ہم اپنی صوابدید پر کریں گے اور جو صرف اس اصل رقم پر عائد ہوگی جو پختگی سے قبل نکلوائی جارہی ہوگی اور جس میں سے تمام فیسیں پہلے ہی منہا کرلی جائیں گی۔کل فیس کبھی بھی اصل رقم سے متجاوز نہ ہوگی۔

**(9)** اگرآپ ہم سے اصل رقم کی کلیتاً یا جزواًواپسی کی اس کرنسی میں درخواست کریں جس میں طے شدہ مدتی اکاؤنٹ نہ کھولا گیا ہوتو ہم آپ پر واجب الادا رقم کا تعین عمومی شرائط وضوابط کی شرط **11.4** (حصہ **A**) کے تحت درخواست شدہ کرنسی میں کریں گے۔

**(10)** اصل رقم اور منافع / دیگر وصولات اس کرنسی رقم میں ادا کئے جائیں گے جس میں طے شدہ ڈیپازٹ اکاؤنٹ کھولا گیا ہوگا۔

**(11)** کسی نئے ڈیپازٹ پر منافع / دیگر شرحات وصولی میں اسٹیٹ بینک کی ہدایات اور لاگو قوانین کے مطابق تغیر،تبدیلی اور ترمیم ہوسکتی ہے۔ڈیپازٹس کے لئے جاری منافع/شرحات وصولی (بشمول خصوصی یا ترجیحی نرخ) ہمارے برانچوں کے نوٹس بورڈز پرآویزاں ہوتی ہیں۔

**ICBC(12)** کے پاس اگر نقد ڈیپازٹس پاکستانی روپے کے علاوہ کسی اور کرنسی میں رکھے گئے ہوں تو وہ فارن ایکسچینج ریگولیشنز اور اسٹیٹ بینک کی ہدایات کے تابع ہوں گے۔آپ/ گاہک ہر وقت تعمیل کریں گے۔

**(i)** اسٹیٹ بینک کی وقتاً فوقتاً جاری کردہ پروڈنشل ریگولیشنز کی
**(ii)** اسٹیٹ بینک کی مصرحہ فارن ایکسچینج ریگولیشنز کی
**(iii)** تمام قوانین،ریگولیشنز اور ہدایات کی۔

**(B4)** مشترکہ اکاؤنٹ :

**(1)** عنوان **(TITLE)** :

آپ (مشترکہ اکاؤنٹ ہولڈرز) متفق ہوئے ہیں کہ آپ کے اکاؤنٹ کا عنوان کسی شخص کو کسی خاص جاری، بچت/ **PLS** طے شدہ یا دیگر اکاؤنٹ سے استفادے کا حق نہیں دیتی اور اکاؤنٹ کھولنے کا فارم اور دیگر دستاویزات اس بات کا تعین کرتے ہیں کہ آیا کوئی اکاؤنٹ سنگل ہے یا مشترکہ۔آپ مشترکہ اور فرداً فرداً اکاؤنٹ کی ذمہ داریوں کے مستوجب ہوں گے۔

**(2)** آپریشنل اختیار :

جب ایک اکاؤنٹ کسی ایک دستخط سے آپریٹ ہوتا ہے تو مشترکہ اکاؤنٹ ہولڈرز میں سے کسی ایک کی بھی ہدایات تحریری یا زبانی ہم اپنی صوابدید پر قبول کرلیں گے جس کے تمام اکاؤنٹ ہولڈرز پابند ہوں گے۔

اگر ایسا اکاؤنٹ مشترکہ دستخطوں سے آپریٹ ہوتو کسی ایک یا تمام مشترکہ اکاؤنٹ ہولڈرز کی زبانی ہدایات قبول نہ ہوں گی تاوقتیکہ ہمیں اس کا تحریراً مجاز نہ بنادیا جائے۔ ہر مشترکہ اکاؤنٹ ہولڈر کے بارے میں گمان کیا جائے گا کہ اس نے دوسرے کو اختیار دیا ہے اور مجاز بنایا ہے **(i)** اس اکاؤنٹ میں عبارت ظہری اور ڈیپازٹس کے کریڈٹ کا کوئی یا تمام چیکوں، ڈرافٹوں،نوٹوں یا دیگر آلات یا رقم کی ادائیگی کا جو کسی ایک یا تمام اکاؤنٹ ہولڈرز پر واجب الادا ہوں اور اگر ہم انہیں بلا عبارت ظہری وصول کریں تو واضح ہدایات کی عدم موجودگی میں مشترکہ اکاؤنٹ ہولڈرز کی جانب سے ان کی عبارت ظہری کردینے کے مجاز ہوں گے **(ii)** اس اکاؤنٹ سے متعلق مشترکہ اکاؤنٹ ہولڈرز کو احکامات جاری کرنے کا۔

**(3)** متصادم **(conflicting)** ہدایات :

اگر ہم مختلف دستخط کنندگان سے متصادم ہدایات وصول کریں جس کی وجہ سے ہم نیک نیتی سے یہ باور کریں کہ مشترکہ اکاؤنٹ ہولڈروں میں (براہ راست یا بالواسطہ) تنازع ہے تو ہم اس وقت تک اکاؤنٹ آپریشن روک دینے کے حقدار ہوں گے جب تک ایسا تنازع ہماری طمانیت کے مطابق حل نہیں ہوجاتا۔ہم دستخط کنندگان یا اکاؤنٹ ہولڈرز سے ہدایات کو موثر بنانے کے لئے ان سے ان کا تازہ مینڈیٹ بھی طلب کرسکتے ہیں۔

**(4)** مشترکہ اکاؤنٹ ہولڈر کی فوتیدگی :

اگر ایک مشترکہ اکاؤنٹ ہولڈر فوت ہوجاتا ہے تو اپنی قانونی گنجائش کھو بیٹھتا ہے تو ہم ترسیل شدہ معلومات پر عمل کرتے رہیں گے۔مشترکہ اکاؤنٹ ہولڈر کے فوت ہوجانے پر اس کے پسماندگان کو اکاؤنٹ آپریٹ کرنے کا مجاز بنایا جائے گا اور کریڈٹ بیلنس پر پسماندہ کی ہدایات کی روشنی میں کی جانے والی ادائیگیوں سے ہم کلیتاً بری الذمہ ہوں گے۔

**(B5)** باقاعدہ **(regular)** بچت اکاؤنٹ :

آپ **BPRD** سرکلر نمبر **7** بابت **2011** کی شرائط مجریہ اسٹیٹ بینک آف پاکستان کے تحت باقاعدہ بچت اکاؤنٹ کھول سکتے ہیں۔

**(B6)** کارڈز:

**(1)** عام **(General)**:

**ICBC** اے ٹی ایم کارڈ اور/ یا چائنا یونین پے **(CUP)** ڈیبٹ کارڈ آپ کو ہماری صوابدید پر جاری کیا جاسکتا ہے۔کارڈ آپ کو جاری اکاؤنٹ یا بچت اکاؤنٹ یا کسی دیگر اکاؤنٹ کے لئے جاری کئے جاسکتے ہیں تاکہ پاکستان بھر میں موجود **ATM** اور **POS** ٹرمینلز کے ذریعے آپ کو اکاؤنٹ تک براہ راست رسائی کے قابل بنایا جائے۔ یہ کارڈ آپ ہم سے لے سکتے ہیں یا یہ آپ کے پتے پر بھجوایا جاسکتا ہے۔

**(2)** تعریفات :

ابتدائی اکاؤنٹ'' سے مراد وہ اکاؤنٹ ہیں جو کارڈ سے براہ راست منسلک ہیں اور جنہیں کارڈز اور پن ٹرانزیکشنز پر ڈیبٹ کردیا جاتا ہے۔

''ثانوی اکاؤنٹ'' سے مراد وہ اکاؤنٹ ہیں جو''ابتدائی اکاؤنٹ'' پر مشتمل نہ ہوں مگر آپ کے کارڈ سے منسلک ہوں اور جنہیں کارڈز اور پن ٹرانزیکشن پر ڈیبٹ کردیا جاتا ہے۔

''نامزد اکاؤنٹ'' پرائمری اکاؤنٹ پر مشتمل ہوتا ہے اور یہ اس اکاؤنٹ کو ظاہر کرتا ہے جسے آپ تحریراً نامزد کرتے ہیں اور اس پر کارڈ یا پن کے ذریعے رسائی کی منظوری دیتے ہیں۔

''**ATM**'' سے آٹو ٹیلر مشین یا کوئی کارڈ آپریٹیڈ مشین یا آلہ مراد ہے چاہے وہ بینک یا شریک

(Participating) یا مالیاتی ادارے یا CUP کارڈ یا 1LINK اے ٹی ایم نیٹ ورک یا ملحقہ نیٹ ورک کا ہو جو کارڈ قبول کرتے ہیں۔

''کارڈ'' سے ICBC پاکستان، CUP/DEBIT Card مراد ہیں اور اس میں وہ کارڈ بھی شامل ہیں جو تجدید یا بدل کاری کے طور پر آپ کو جاری کئے جائیں۔

''PIN'' سے ذاتی شناختی نمبر مراد ہے (جو ATM تک رسائی کے لئے درکار ہوتا ہے) جو آپ کو دیا جاتا ہے یا جسے آپ ATM سہولیات سے فیض یابی کے لئے خود منتخب کرتے ہیں۔

''بائیو میٹرک تصدیق'' سے وہ ٹیکنالوجی مراد ہے جو جسم انسانی کی کرداری خصوصیات جیسے چھاپ انگشت، چشم ریٹینہ اور آئرس، نمونہ جات صوت، نمونہ جات چہرہ اور پیمائش دست کا تجزیہ اور پیمائش ''بائیو میٹرک تصدیق'' سے وہ ٹیکنالوجی مراد ہے جو جسم انسانی کی کرداری خصوصیات جیسے چھاپ انگشت، چشم ریٹینہ اور آئرس، نمونہ جات صوت، نمونہ جات چہرہ اور پیمائش دست کا تجزیہ اور پیمائش CDM پر استناد ادی مقاصد کے لئے کرتی ہے۔

''بین الاقوامی ٹرانزیکشنز'' سے وہ ٹرانزیکشنز محمول ہوتی ہیں جو آپ بین الاقوامی ڈیبٹ کارڈ کے ذریعے پاکستان سے باہر POS مشینوں یا ATM نیٹ ورک کے ذریعے کرتے ہیں۔

''مرچنٹ'' یا ''مرچنٹ اسٹیبلشمنٹ''، سے جہیں کہیں بھی وہ واقع ہیں وہ اسٹیبلشمنٹ مراد ہے جسے کارڈ اسکیم ممبر بینک نے کارڈ ہولڈر کو اشیا و خدمات کی فروخت اور کارڈوں کو قبول کرنے اور انتظام کاری کے لئے منظور کیا ہو۔

''ڈیپازٹری'' سے ایسی مشین/آلہ مراد ہے چاہے پاکستان میں ہو یا سمندر پار، چاہے ہمارا ہو یا کسی دوسرے بینک کا، جس کے ذریعے آپ اپنے کارڈ کو استعمال کر سکیں اور اپنے نامزد اکاؤنٹ تک رسائی یا اس میں فنڈ جمع کرواسکیں۔

''EDC'' سے الیکٹرانک ڈیٹا کیپچر ٹرمینلز، پرنٹرز دیگر پیریپرل اور اضافیات بشمول PIN پیڈز اور ضروری سافٹ ویئر جو آلات کو چلاتے ہیں مراد ہے چاہے پاکستان میں ہوں یا سمندر پار اور جن کے ذریعے آپ مرچنٹ اسٹیبلشمنٹ پر اپنے نامزد اکاؤنٹ کو پراسس کر سکتے ہیں۔

''POS'' سے پوائنٹ آف سیل ٹرمنلز مراد ہیں چاہے پاکستان میں ہوں یا سمندر پار اور جن کا حصہ بند نیٹ ورک پر کسی دوسرے بینک سے ہمارا تعلق ہو۔ جہاں پر دوسری چیزوں کے ساتھ ساتھ آپ پاکستان میں موجود نامزد اکاؤنٹ تک اپنے کارڈ کے ذریعے رسائی حاصل کر سکتے ہیں۔

''MNET'' سے مراد ATM کا حصہ بند نیٹ ورک ہے جس کا بینک سے کارڈ کی قبولیت کا سمجھوتہ ہے۔

''1LINK'' سے مراد ATM کا حصہ بند نیٹ ورک ہے جہاں کارڈ ہولڈر کارڈ استعمال کر سکتا ہے۔

'' VISA/MASTER/CUP'' کارڈ سے مراد خدمات کی فراہمی کا عالمگیر نیٹ ورک ہے جہاں کارڈ ہولڈر ATM/POS خدمات استعمال کر سکتا ہے۔

''CDM'' سے کیش ڈیپازٹ مشین مراد ہے جہاں دوسری چیزوں کے ساتھ ساتھ آپ اپنے نامزد اکاؤنٹ میں کارڈ کے ذریعے فنڈز جمع کرواسکتے ہیں۔

## (3) کارڈ کا استعمال:

کارڈ کا استعمال یا مسلسل استعمال سمجھوتہ گاہک یا ہماری جانب سے جاری کردہ مخصوص شرائط وضوابط کو تسلیم کیا جانا سمجھا جائے گا۔

## (4) کارڈ کا عمومی استعمال:

درخواست قبول کرنے پر ہم آپ کو ATM اور ڈیبٹ کارڈ فعالیت کا ایک کارڈ جاری کریں گے۔ آپ کیش اینڈ کیری اور دوسری ٹرانزیکشنز تک اس کارڈ کو ATM / EDC / ڈیپازیٹری / POS اور دوسرے ایسے ہی آلوں کے ذریعے استعمال کر کے رسائی حاصل کر سکتے ہیں۔ جاری شدہ کارڈ ہمیشہ ہماری جائیداد ہوگا اور ہماری درخواست پر غیر مشروط طور پر اور فی الفور ہمیں واپس کر دیا جائے گا۔ ڈیبٹ کارڈ ہر حال میں ناقابل انتقال ہے۔ بغیر کوئی وجہ بتائے ہم کسی اکاؤنٹ کی ATM سہولیات کو اپنی صوابدید پر منسوخ کرنے کا حق محفوظ رکھتے ہیں۔

قطع نظر تحریری ہدایات قائمہ کے جو ہمیں دی جائیں آپ قبول کرتے ہیں۔ اگر آپ کی درخواست پر ہم متفق ہوئے تو آپ کو کارڈ کی سہولت فراہم کرنے اور اس کی ٹرانزیکشنز کا جوکھم کلیتاً آپ کا کارڈ کے ذریعے پراسس کی جانے والی ٹرانزیکشنز کی مکمل ذمہ داری آپ قبول کرتے ہیں۔ چاہے وہ ATM / EDC / POS / ڈیپازیٹری یا کسی دیگر آلے کے ذریعے کی جائے۔ آپ ہر حال میں کارڈ کے استعمال کی ذمہ داری قبول کرتے ہیں چاہے یہ آپ کے صریحاً یا معنواً علم میں لائے بغیر کی جائے یا نہیں۔ آپ نے کارڈ کے ذریعے رقم نکلوانے یا دوسری ٹرانزیکشنز پر ہمیں اپنے اکاؤنٹ کو ڈیبٹ کرنے کا مجاز بنایا ہے۔ اپنی ہدایات پر کاروباری عمل میں عملدرآمد کرنے میں آپ ہمیں ذمہ دار نہ ٹھہرائیں گے۔

آپ کی ہدایات کی پاسداری ہم اپنی بہترین کاوشوں کے ذریعے کریں گے اور آپ کی کسی ہدایت پر فی الفور عمل نہ کر پانے کی صورت میں کسی طور بھی ذمہ دار نہ ہوں گے۔

ہم اپنی صوابدید پر کسی بھی وقت شرائط و سہولیات میں تبدیلی یا معطلی یا واپسی بلا نوٹس دیئے کر سکتے ہیں۔ ہم اپنی صوابدید پر کسی بھی ہدایت عمل پیرا ہونے کا فیصلہ کر سکتے ہیں بشمول جب ہمارے پاس یہ یقین کرنے کی وجہ موجود ہو کہ ہدایت غیر واضح، غیر اصلی ہے یا شبہ پیدا کرنے والی ہے جسکی وجہ سے اسے موثر نہیں کیا جاسکتا۔

ہم اپنی صوابدید پر اپنی عمارتوں/مشینوں/آلات تک آپ کی رسائی/موجودگی یا فیضیابی کو کیمرے کے ذریعے ٹیپ یا ریکارڈ کر سکتے ہیں اور کسی بھی کارروائی میں ان تراشوں کو بطور ثبوت استعمال کر سکتے ہیں اور آپ نے بذریعہ ہٰذا ہمیں اس کی اجازت دی ہے۔

ٹرانزیکشن صرف اسی وقت مکمل کی جائے گی جب آپ کے نامزد اکاؤنٹ میں فنڈز کی رقم بشمول قابل اطلاق چارجز، فیس وغیرہ سمیت موجود ہو۔ ہر ایسی ٹرانزیکشن کو آپ کے اکاؤنٹ میں فی الفور ڈیبٹ کر دیا جائے گا۔

اگر آپ کی طرف سے دی جانے والی ہدایت ایک سے زائد طریقوں سے پایہ تکمیل کو پہنچائی جاسکتی ہو تو اس کی فیصلہ کہ کس طریقے سے پایہ تکمیل کو پہنچائی جائے ہماری صوابدید پر مبنی ہوگا۔ اگر کوئی سبب ہمارے قابو سے باہر ہو تو سہولیات کی فراہمی اور شرائط وضوابط پر تعمیل نہ ہونے پر ہم ذمہ دار نہ ہوں گے۔

کارڈ کی سہولت فراہم کرنے میں آپ ہمیں تمام افعال، دعووں، تقاضوں، کارروائیوں، نقصانات، ہرجانوں، مضرتوں، لاگتوں، چارجز اور اخراجات سے جو ہمیں آپ کو کارڈ کی سہولت فراہم کرنے میں اٹھانے ہیں اور جن پر ہم نیک نیتی سے آپ کی ہدایات کے مطابق عمل کریں سے برأت شدہ، محفوظ شدہ، غیر متضرر رکھنے پر متفق ہوئے ہیں۔

**(5) PIN** کی حفاظت:

ابتداً ہم آپ کو **PIN** مختص کردیں گے اور اگر آپ چاہیں تو مجوزہ نمبروں کی دستیابی پر اپنے **PIN** میں تبدیلی بھی کرسکتے ہیں۔

**PIN** آپ بذاتہی یا اپنے مجاز نمائندے کے ذریعے **30** دن کے اندر اندر وصول کرلیں جس کے بعد پن ضائع کردیا جائے گا۔ ٹی پن **B6-6** کے شرائط وضوابط کے تابع درخواست وصول ہونے پر جاری کی جائے گی۔

پن کی حفاظت بہت اہم ہے اور آپ اسے کسی پر منکشف نہ کریں اگر آپ درکار سیکورٹی تقاضوں کو پورا کرنے میں ناکام ہوجاتے ہیں تو اس کا نتیجہ اس کے غیر مجاز استعمال پر منتج ہوسکتا ہے۔ اگر آپ اپنے پن کا خود انتخاب کریں تو اسے ایسا نہ رکھیں کہ جسے آسانی سے آپ کی ذات سے شناخت کرلیا جائے مثلاً آپ کی تاریخ پیدائش، کار رجسٹریشن نمبر یا مسلسل دہرائے گئے نمبرز وغیرہ۔ اپنے ڈیبٹ کارڈ یا کسی دوسری شئے پر جسے آپ ساتھ لے کر چلتے ہیں پن نہ لکھیں چاہے آپ اسے چھپا کر ہی کیوں نہ رکھیں۔

**(6)** ڈیبٹ کارڈ / پن اور ان کے نوٹیفکیشن کی چوری یا گمشدگی:

اگر کارڈ گم یا چوری ہوجائے تو ہمیں فوراً ٹیلی فون بنکاری سروسز پر یا تحریراً اطلاع دیں۔ کارڈ کے ذریعے کی جانے والی ٹرانزیکشنز مطلقاً آپ کی ذمہ داری ہوں گی تاوقتیکہ تحریری نوٹس کے ذریعے آپ ہمیں چوری یا گم ہونے یا کارڈ منسوخ کرنے کے احکامات نہ دے دیں۔ اگر ایک مرتبہ کارڈ کے گم یا چوری ہونے کی رپورٹ کردی جائے تو مل جانے کے بعد بھی اسے استعمال نہیں کیا جاسکتا۔
درخواست وصول کرنے پر ہم اپنی صوابدید پر کارڈ کو نئی پن سے بدل سکتے ہیں یا شرائط وضوابط کے تابع نیا کارڈ جاری کرسکتے ہیں۔

**(7)** گم یا چوری ہوجانے سے متعلق تاخیری نوٹیفکیشنز:
کارڈ یا پن کے گم ہونے یا چوری ہوجانے کی اطلاع تاخیر سے دینے پر اس کارڈ یا پن کے استعمال سے

ہم اپنی صوابدید پر اپنی عمارتوں/ مشینوں/ آلات تک آپ کی رسائی/ موجودگی یا فیضیابی کو کیمرے کے ذریعے ٹیپ یا ریکارڈ کرسکتے ہیں اور کسی بھی کارروائی میں ان تراشوں کو بطور ثبوت استعمال کرسکتے ہیں اور آپ نے بذریعہ ہذا ہمیں اس کی اجازت دی ہے۔

ٹرانزیکشن صرف اسی وقت مکمل کی جائے گی جب آپ کے نامزد اکاؤنٹ میں فنڈز کی رقم بشمول قابل اطلاق چارجز، فیس وغیرہ سمیت موجود ہو۔ ہر ایسی ٹرانزیکشن کو آپ کے اکاؤنٹ میں فی الفور ڈیبٹ کردیا جائے گا۔

اگر آپ کی طرف سے دی جانے والی ہدایت ایک سے زائد طریقوں سے پایہ تکمیل کو پہنچائی جاسکتی ہو تو اس کی فیصلہ کہ کس طریقے سے پایہ تکمیل کو پہنچائی جائے ہماری صوابدید پر مبنی ہوگا۔ اگر کوئی سبب

ہمارے قابو سے باہر ہو تو سہولیات کی فراہمی اور شرائط وضوابط پر تعمیل نہ ہونے پر ہم ذمہ دار نہ ہوں گے۔

کارڈ کی سہولت فراہم کرنے میں آپ ہمیں تمام افعال، دعووں، تقاضوں، کارروائیوں، نقصانات، ہرجانوں، مضرتوں، لاگتوں، چارجز اور اخراجات سے جو ہمیں آپ کو کارڈ کی سہولت فراہم کرنے میں اٹھانے ہیں اور جن پر ہم نیک نیتی سے آپ کی ہدایات کے مطابق عمل کریں سے برأت شدہ، محفوظ شدہ، غیر متضرر رکھنے پر متفق ہوئے ہیں۔

**(5) PIN** کی حفاظت:

ابتداً ہم آپ کو **PIN** مختص کردیں گے اور اگر آپ چاہیں تو مجوزہ نمبروں کی دستیابی پر اپنے **PIN** میں تبدیلی بھی کرسکتے ہیں۔

**(11)** رقومات کی تصدیق:

کارڈ/ **PIN** کی ٹرانزیکشنز سے متعلق ہمارا تصدیق شدہ ریکارڈ حتمی اور آپ پر قابل پابندی ہوگا۔

**(12)** بدل کاری اور پراسیسنگ فیس یا چارجز:

کسی **ATM / EDS / POS** آلے پر کارڈ کا استعمال اس نامزد اکاؤنٹ پر بدل کاری فیس یا پراسسنگ فیس یا ٹرانزیکشن فیس چارج کئے جانے کا لازمی نتیجہ ہوگا۔ یہ چارجز عالمی ومقامی دونوں نیٹ ورکس پر عائد ہوں گے اور ان میں نیٹ ورک در نیٹ ورک تغیر ہوسکتا ہے۔ بغیر کوئی نوٹس دیئے آپ کا نامزد اکاؤنٹ ان چارجز سے کارڈ استعمال کرنے پر ڈیبٹ کردیا جائے گا۔
آپ مندرجہ بالا تمام ادائیگیوں کے تنہا ذمہ دار ہوں گے۔

**(13)** ہم کارڈ کے اجراء، دوبارہ اجراء یا کارڈ کی ٹرانزیکشنز پر کسی بھی وقت کوئی فیس/ چارجز عائد کرسکتے ہیں۔ ان فیسوں اور چارجز کی تفصیلات آپ ہم سے حاصل کرسکتے ہیں اور جن میں سمجھوتہ گاہک کے تابع تبدیلیاں بھی ہوسکتی ہیں۔

کسی بھی وقت فیس یا چارج عائد ہونے پر یہ خودکار طریقے سے آپ کے نامزد اکاؤنٹ سے منہا ہوجائیں گے۔ مزید برآں یہ کہ دیگر **ATM** مالکان یا آپریٹرز یا سروس پروائیڈرز اپنے آلات کے استعمال کے لئے اضافی فیس بھی عائد کرسکتے ہیں جو اصل فیس کے ساتھ واجب الادا ہو کر آپ کے نامزد اکاؤنٹ سے منہا کرلی جائے گی۔

**(14)** استعمال کی حد:

ہم کارڈ کے استعمال کی کم از کم یا زیادہ سے زیادہ رقم کی یومیہ حد مقرر کرنے کا حق محفوظ رکھتے ہیں جو

نامزد اکاؤنٹ میں رقم کی دستیابی کے تابع بھی ہوگی۔ اسی طرح مختلف بینکوں/ نیٹ ورکس کے مختلف مقامات پر واقع **ATM** کو استعمال کرنے کی کم از کم/ زیادہ سے زیادہ یومیہ ٹرانزیکشن کی حد بھی متغیر ہوسکتی ہے۔ کارڈ کے استعمال کی تحدیدات سے ہونے والے نقصانات یا زحمتوں کے لئے ہم کسی طور ذمہ دار نہ ہوں گے۔

**(15) CDM / ATMs پر رقم جمع کروانا یا نکلوانا:**

نقدی اور چیکس اگر سہولت دستیاب ہو **CDM / ATM** پر جمع کروائے جاسکتے ہیں نامزد اکاؤنٹس میں کریڈٹ سے قبل **ATMs** کے ذریعے کرائے جانے والے ڈیپازٹس تصدیقی عمل بشمول بائیومیٹرک اور ہماری اندرونی پالیسیوں کی تطبیق سے مشروط ہوں گے اور ان کے جو خطرات کے آپ کلیتاً ذمہ دار ہوں گے۔ آپ متفق ہوئے ہیں ایسے چیکوں کو **2** ایام کے لئے کلیئرنس پر بھیجا جاسکتا ہے۔ یہ آپ کی ذمہ داری ہے کہ یہ تصدیق حاصل کرلیں کہ آپ کی ہدایات پر عملدرآمد کردیا گیا ہے اور کسی غلطی کی صورت میں ہمیں **72** گھنٹوں کے اندر مطلع کریں بصورت دیگر ایسی ٹرانزیکشن قبول شدہ اور درست سمجھا جائیگا۔

دوسرے بینکوں کے **ATMs** یا مرچنٹ اسٹیبلشمنٹ پر نقدی جمع کرانے کی اجازت نہیں ہے اور ہم ایسی ٹرانزیکشنز کے جوابدہ نہ ہوں گے۔

**CDM** پر لاگو دیگر شرائط کے لئے ملاحظہ ہو **B-10** شرائط وضابط ہذا۔

**(16) عمومی لا دعویٰ (disclaimer):**

**1 Link ATMs/MNET** کے کام نہ کرنے یا کارڈ قبول نہ کئے جانے یا نقدی نہ نکلنے کے باوجود اکاؤنٹ ڈیبٹ کئے جانے یا کسی بھی وجہ سے نقدی کم نکلنے سے ہونے والے نقصانات، ہرجوں یا تکالیف کے لئے آپ ہمیں ذمہ دار نہ ٹھہرائیں گے۔ اگر ایسا دعویٰ تفتیش کے بعد غلط ثابت ہوا (تو آپ پر فیس عائد کی جائے گی ایسی ٹرانزیکشن/ رقم کی واپسی صرف **MNET/1 LINK** یا جس بینک کا **ATM** استعمال ہوا ہو سے تصدیق ہونے کے بعد کی جائے گی۔

آپ یہ قبول کرنے کے ذمہ دار ہیں کہ رقم نکلوائی جانے پر اکاؤنٹ ڈیبٹ نہ ہوا تو ہم آپ کے اکاؤنٹ کو ڈیبٹ کرنے اور کارڈ کے استعمال کے تمام لاگو چارجز آپ کے علم میں لائے بغیر چارج کرنے کے مختار ہوں گے۔

آپ کی ذمہ داری ہے کہ آپ متعلقہ چارجز چیک کرتے رہیں۔ اگر آپ کے نامزد اکاؤنٹ میں ناکافی رقم ہوئی تو ہم آپ کے کسی اکاؤنٹ، کریڈٹ بیلنس یا ہمارے پاس موجود دیگر آئٹم کو **set off** کرنے کا حق رکھتے ہیں۔

آپ متفق ہوئے ہیں کہ **1 LINK / MNET** اے ٹی ایمز کے ذریعے ہونے والی تمام ٹرانزیکشنز کے لئے آپ پر فیس عائد کی جائے (جو شیڈول آف چارجز میں درج ہیں)

**(17) اغلاط و شکایات:**

جب آپ **ATM** سے ٹرانزیکشن کرتے ہیں تو اس کے لئے رسید حاصل کرسکتے۔ ہمارے پاس موجود آپ کے دستیاب فنڈز کو جاننے بشمول تحریری اسٹیٹمنٹس کے لئے آپ انٹرنیٹ بینکاری سروسز یا فون کے ذریعے درخواست دے سکتے ہیں۔

اگر اسٹیٹمنٹ میں کوئی غلطی ہوتی ہے تو **15** یوم کے اندر مطلع کریں یہ عرصہ گزر جانے پر اسٹیٹمنٹ میں ظاہر کردہ ٹرانزیکشنز کو درست اور صحیح گردانا جائے گا۔

آپ کے مفادات کو تحفظ دینے کی خاطر کارڈ سہولیات استعمال کرنے یا اس تک رسائی یا کسی شخص کی موجودگی ہم کیمرے کے ذریعے ویڈیو ٹیپ پر ریکارڈ کرسکتے ہیں۔

ہمارے پاس موجود برقی یا دستاویزی شکل میں ریکارڈ یا دیگر تفصیلات یا کیمرہ/ ویڈیو ریکارڈنگز آپ کی دی گئی ہدایات کا آپ کے خلاف حتمی ثبوت گردانا جائے گا۔

اگر **ATM** میں مقررہ وقت کے اندر اندر جواب نہ دیا جائے یا غلط معلومات/ احکامات دیئے جائیں تو **ATM** کارڈ پر قبضہ کرلیتا ہے جسے پھر ہماری صوابدید پر ہی واپس کیا جائے گا۔

**ATM** مشین استعمال کرلینے کے بعد ہونے کسی بھی نقدی کے نقصان کے ہم ذمہ دار نہ ہوں گے۔ رقم نکلوانا اس صورت میں مکمل سمجھا جائے گا جب بینک کا ریکارڈ ظاہر کردے کہ مشین نے پیسے نکال دیئے ہیں۔

کارڈ کا استعمال آپ کا اپنا جوکھم اور ذمہ داری ہے اور **ATM** کے آس پاس ہونے والی کسی چوری رہزنی کے ہم ذمہ دار نہ ہوں گے۔ کارڈ کو قبولیت کے قابل بنانے کے لئے ہم کسی بھی نیٹ ورک سے کسی بھی وقت انتظام کرلینے کا حق محفوظ رکھتے ہیں۔ کسی دیگر بینک کی **ATM** پر ہونے والی ٹرانزیکشنز کے ہم ذمہ دار نہ ہوں گے۔

**(18) معلومات کی آشکاری (disclosure):**

کسی **ATM / EDC / POS** یا دیگر آلات پر کارڈ کا استعمال آپ کی صریحاً رضامندی تشکیل دے گا:۔

☆......آپ کی ذاتی شناخت اور اکاؤنٹ بیلنس انفارمیشن کسی بھی ذریعے سے ہو، جو اکاؤنٹ کی ٹرانزیکشن اور ریکارڈ رکھنے کے لئے ضروری ہو۔

☆......آپ کے کارڈ کو **ATM** / دیگر آلات کے استعمال کا اہل بنانے کے لئے ہمارا **ATM** نیٹ ورک/ دیگر نیٹ ورکس کے شرکاء اور پراسیسرز تک آپ کے اکاؤنٹ اور ٹرانزیکشن کی تفصیلات کی ترسیل۔

☆......ایسے شرکا یا پراسیسرز کا ایسی اطلاعات رکھ لینا۔

☆......ان شرکا یا پراسیسرز یا دیگر نیٹ ورکس کا قوانین اور ریگولیشن کی تعمیل کے لئے ان معلومات کو آشکار کردینا۔

**(19) ذمہ داری سے چھوٹ (Exclusion):**

مذکورۃ الصدر کو خطرے میں ڈالے بغیر کسی نقصان یا ہرجانے کی ہم پر براہ راست یا بالواسطہ کوئی ذمہ داری نہ ہوگی بشمول

☆......کارڈ ٹرانزیکشن سے اشیاء وخدمات کی خرابی میں۔

☆......کسی شخص کی جانب سے کارڈ کی تکریم یا قبولیت سے انکار۔

☆......کسی برقی ٹرمینل یا دیگر آلے کی بدفعالی (malfunctioning)۔

☆......کوئی ٹرانزیکشن ہدایت جو آپ کے علاوہ کوئی اور دے کی اثر انگیزی۔

☆......ہمارے مجاز ملازمین کے علاوہ آپ کی جانب سے کارڈ کی کسی اور شخص کو حوالگی۔

☆......کارڈ کو ختم کردینے کے ہمارے حق کا استعمال۔

کسی مرچنٹ اسٹیبلشمنٹ کا آپ کے کارڈ کی تکریم یا قبولیت سے انکار یا کارڈ کو دوبارہ قبضے میں لے لینے یا واپس لینے کی درخواست سے آپ کی شہرت یا اعتباری کردار **(Credit Character)** کو پہنچنے والی مبینہ مضرت، کوئی غلط بیانی **(Misstatement)**، بدعرضی **(Misrepresentation)** غلطی، یا ترک فعل جو اسٹیٹمنٹ آف اکاؤنٹ کی تفصیلات آشکار کرنے میں ہوجائے۔

**(20) کارڈ پر فیچرز:**

ہم وقتاً فوقتاً آپ کے کارڈ فیچرز پر پیشکش کے لئے مختلف ایجنسیوں سے بندھن باندھ سکتے ہیں۔

یہ فیچرز بہترین کی گئی کاوشوں پر مبنی ہوتے ہیں اور ان کی اثر انگیزی، کارآمدیت کارکردگی کے لئے ہم کوئی گارنٹی یا وارنٹی برائے فراہمی پروڈکٹس یا خدمات نہیں دیتے ہیں۔ ان فیچرز/ترویجات/کٹوتیوں/فوائد سے فائدہ اٹھانا آپ کا اپنا فیصلہ ہوتا ہے۔ ان سے متعلق تنازعات ہمیں ملوث کئے بغیر ایسے مرچنٹ/ایجنسی وغیرہ سے براہ راست نمٹائے جائیں۔

مختلف ترویجات/فیچرز/کٹوتیوں/فوائد سے مشتہر کردہ فیض یابی کے لئے آپ سے کارڈ پیش کرنے کا مطالبہ کیا جاسکتا ہے۔ یہ بھی نوٹ کرلیا جائے کہ ایسے ترویجاتی فوائد میں تحدیدات بھی ہوں گی (جو آپ کو بتادی جائیں گے) اور ان کا انحصار مرچنٹ اسٹاک کی دستیاب اور شرائط وضوابط کے تابع ہوگا۔

**(21) کارڈ کا استعمال اور کثیر التعلق اکاؤنٹ (Multiple Account Linkage)**

آپ متفق ہوئے ہیں کہ اگر ہمارے پاس آپ کے ایک سے زائد اکاؤنٹ ہوئے تو ان میں سے کن کن پر کارڈ سہولت دستیاب ہوگی اس کا فیصلہ ہم کریں گے۔
اگر کارڈ ایک سے زائد اکاؤنٹ سے متعلق ہوا تو:
اکاؤنٹ کے انتخاب کے سہولت نامزد اکاؤنٹ کی صورت میں تمام **ATMs** پر دستیاب نہ ہوگی کیونکہ ان **ATMs** پر تمام ٹرانزیکشنز کارڈ سے منسلک ابتدائی اکاؤنٹ کو متاثر کریں گی۔ اگر نامزد اکاؤنٹ کے انتخاب کی سہولت **ATMs** پر دستیاب ہوئی تو آپ کو اختیار ہوگا کہ نامزد اکاؤنٹ میں سے انتخاب کرکے ٹرانزیکشن کرلیں۔ اکاؤنٹ کے انتخاب کی سہولت تمام **ATMs** پر تمام ٹرانزیکشنز کے لئے دستیاب نہیں ہوگی یہ چند ٹرانزیکشن تک محدود ہوسکتی ہے اور اس کا انحصار اس **ATM** کی فعالیت پر ہے۔ ان صورتوں میں ٹرانزیکشنز ابتدائی اکاؤنٹ سے منسلک ٹرانزیکشن سے متاثر ہوں گی۔

اگر نامزد اکاؤنٹ کا اختیار دستیاب نہ ہوا تو مرچنٹ اسٹیبلشمنٹ پر ٹرانزیکشن کارڈ سے منسلک ابتدائی اکاؤنٹ سے متاثر ہوں گی۔
اگر اکاؤنٹ کے انتخاب کی سہولت دستیاب نہ ہوئی تو ٹرانزیکشن کارڈ سے منسلکہ ابتدائی اکاؤنٹ سے متشرح ہوں گی۔ اگر ابتدائی اکاؤنٹ میں فنڈز نہ ہوئے تو ہم ان ٹرانزیکشنز کی تکریم **(Honour)** نہیں کریں گے خواہ اس کارڈ سے منسلک دیگر نامزد اکاؤنٹس میں فنڈز دستیاب ہی کیوں نہ ہوں۔ نامزد یا ابتدائی اکاؤنٹ میں فنڈز دستیاب نہ ہونے پر آپ کارڈ کے ذریعے رقم نکلوانے یا اشیاء وخدمات کی خریداری کا اقدام نہیں کریں گے۔ مناسب اکاؤنٹ بیلنس کو یقینی بنانے کا بار آپ پر ہے۔ جن اکاؤنٹس میں ان شرائط کی خلاف ورزی کی جائے گی انہیں **Overdrawn** درجہ بند کردیا جائے گا اور آپ کو ان کے بیلنسز کی فوری تصحیح کرنی ہوگی۔ ہر ایسی صورتحال میں جب اکاؤنٹ ڈیبٹ ہوجائے تو مارک اپ/ دیگر تلافیوں یا فیس کے ساتھ ساتھ اکاؤنٹ کے ڈیبٹ بیلنس پر فلیٹ چارجز بھی لاگو ہوں گے۔ ان چارجز کا تعین وقتاً فوقتاً ہم کریں گے۔

**(22) (حقِ مجرائی) Right off set off :**

اگر کوئی نامزد اکاؤنٹ **Overdrawn** ہوگیا ہو تو ہم بغیر کوئی نوٹس دیئے **Overdrawn** رقم کا **Set off** کسی مشترکہ یا دیگر اکاؤنٹ سے کرنے کا حق محفوظ رکھتے ہیں۔ شرائط وضوابط ہذا کے تحت کوئی چیز دستیاب رقومات کو **Set off** منتقل کرنے کے ہمارے حق پر اثر نہیں ڈالے گی۔

**(23) مرچنٹ محل وقوع کا استعمال:**

عام طور سے کارڈ کی تکریم **(Honoured)** پاکستان میں مرچنٹ اسٹیبلشمنٹ پر اور ڈیبٹ کارڈ ان دیگر ممالک میں کی جائے گی جہاں **CUP** لوگو آویزاں ہو۔ کسی بھی وجہ سے مرچنٹ کے کارڈ قبول کرنے سے انکار کے ہم ذمہ دار نہ ہوں گے۔ گوکہ آپ ہمیں مرچنٹ/بینک کے انکار سے نام، مقام تاریخ اور وقت ٹرانزیکشن کی تفصیلات کے ساتھ رپورٹ کرسکتے ہیں جو ہمیں تفتیش میں مدد دیں گی۔ کارڈ کا ترویجی مادہ یا کسی عمارت پر **CUP** کی آویزاں علامت اس بات کی وارنٹی نہیں کرتی کہ وہاں دستیاب تمام اشیاء وخدمات کارڈ سے خریدی بھی جاسکتی ہیں۔ کارڈ صرف برقی استعمال کے لئے ہے اور صرف ان مرچنٹ اسٹیبلشمنٹ پر قابل قبول ہوگا جہاں **EDC** یا مماثل ٹرمنل ہو جو کارڈ قبول کرے۔

برقی استعمال کے علاوہ کارڈ کا دیگر استعمال غیر مجاز ہوگا۔
کارڈ کی اس وقت تکریم ہوگی جب اس پر آپ کے دستخط ہوں۔ مرچنٹ مقامات پر کارڈ آپ کے دستخطوں سے آپریٹ ہونے کے قابل ہے۔

اگر ایک مرتبہ ٹرمنل سیلز سلپ جاری کردے تو ٹرانزیکشن مجاز اور مکمل سمجھی جائے گی اور کارڈ سے منسلک ابتدائی اکاؤنٹ سے ڈیبٹ کردی جائے گی۔ آپ کو اس بات کو یقینی بنانا چاہئے کہ کارڈ ہر ٹرانزیکشن کے لئے مرچنٹ مقام پر صرف ایک مرتبہ استعمال کیا جائے۔ ہر مرتبہ جب آپ کارڈ استعمال کریں سیلز سلپ جاری کی جائے اور آپ کو اس بات کو یقینی بنانا چاہئے کہ کسی مرچنٹ مقام پر ایک سے زائد مرتبہ خریداری کے لئے استعمال نہ ہو۔

کسی مرچنٹ اسٹیبلشمنٹ کی جانب سے عائد کیا جانے والا کوئی سرچارج اگر آپ کے نامزد یا کسی دیگر اکاؤنٹ میں ڈیبٹ کردیا جائے تو اس کی ہم پر کوئی ذمہ داری نہ ہوں گی۔
مرچنٹ اسٹیبلشمنٹ پر جب کبھی آپ کارڈ استعمال کریں تو سیلز سلپ پر دستخط کریں۔ اضافی چارج پر بھی سیلز سلپ فراہم کی جاسکتی ہیں۔ سیلز سلپ جن پر آپ کے دستخط نہ ہوں مگر جنہیں ثابت کیا جاسکتا ہو بھی آپ کی ذمہ داری ہوگی۔ مرچنٹ اسٹیبلشمنٹ کی جانب سے کسی چارج یا ادائیگی کی درخواست وصول ہونا آپ (کارڈ ہولڈر) کی جانب سے کارڈ کے ذریعے رقم استعمال کئے جانے کا حتمی ثبوت ہوگا ماسوائے جبکہ کارڈ چوری یا گم ہوگیا ہو یا بددیانتی سے غلط استعمال کیا گیا ہو جس کا بارِ ثبوت آپ پر ہوگا۔
مرچنٹ/آلے کی مواصلاتی رابطے کی وجہ سے ہونے والی غلطیوں کو دستی پراسس کیا جائے گا اور اکاؤنٹ قابل اطلاق **CUP** قواعد وضوابط کی تصدیق کے بعد کریڈٹ کیا جائے گا۔ آپ متفق ہوئے ہیں کہ وصول شدہ ڈیبٹس کی تکریم **(Honour)** دستیاب بیلنس سے واپسی **(Refund)** خاطر میں لائے بغیر کی جائے گی۔ آپ نے ہمیں ادائیگی کی ہدایات کی عدم تکریم سے برأت دی ہے۔

کارڈ ہوٹلوں میں یا دیگر ایسے مقامات پر استعمال ہونے کے لئے نہیں ہے جہاں ادائیگی کے انتظامات کی تکمیل خدمات یا ٹرانزیکشن کی خریداری سے قبل کرلی جاتی ہے۔ **ATM**/ڈیبٹ کارڈ کسی میل آرڈر/ فون آرڈر سے خریداری کے لئے استعمال نہ کیا جائے اور ایسا استعمال غیر مجاز شدہ گردانا جائے گا۔
**ATM**/ ڈیبٹ کارڈ غیر ملکی میگزینوں/ جرائد کی چندہ دہی **(subscription)** کے لئے استعمال نہیں کیا جانا چاہئے ایسے استعمال کو غیر مجاز شدہ گردانا جائے گا۔
تمام غیر مجاز افعال و ٹرانزیکشنز کے آپ تنہا ذمہ دار ہوں گے۔

**ATM**/ ڈیبٹ کارڈ کسی دوسرے شخص کو اپنے واسطے استعمال کے لئے حوالے نہ کریں۔ اس بات کو یقینی بنائیں کہ **ATM**/مرچنٹ اسٹیبلشمنٹ پر ٹرانزیکشن کے وقت آپ طبعاً وہاں موجود ہوں۔

**(24) کارڈ ہولڈر کے مرچنٹ سے تنازعات:**

مرچنٹ اسٹیبلشمنٹ سے کوئی شکایت یا تنازع ہو تو اسے براہ راست اسی سے حل کریں۔ ہم کسی بھی

طرح اشیاء وخدمات کی وصولی بشمول کوالٹی، قدر وارنٹی، ڈلیوری میں تاخیر، عدم ڈیلیوری یا اشیاء و خدمات کی عدم وصولی پر ذمہ دار نہ ہوں گے۔ یہ اچھی طرح سمجھ لیا جائے کہ کارڈ کی سہولت آپ کو اشیاء کی خریداری اور خدمات سے فیض یابی کے لئے دی گئی ہے جبکہ ان کے معیار، مقدار، قدر، ڈیلیوری ہونے یا نہ ہونے کی ہماری کوئی وارنٹی نہیں ہے اور اس بابت کوئی بھی تنازع مرچنٹ اسٹیبلشمنٹ سے براہ راست حل کیا جائے۔ گوکہ آپ ہمیں ٹرانزیکشن نام، مقام، تاریخ اور وقت تفیصل رپورٹ کرسکتے ہیں جو ہمیں تفتیش اور شکایات کے ممکنہ حل میں معاون ہوگی مگر جس کو حل کرنے کے ہم پابند ہیں۔

## (25) بین الاقوامی استعمال:

اسٹیٹ بینک آف پاکستان کی جانب سے وقتاً فوقتاً متعین کردہ زرمبادلہ کے استحقاق کے تابع یہ کارڈ پاکستان وبیرون پاکستان استعمال کے لئے موثر ہے۔
آپ ایکسچینج کنٹرول ضوابط پرعمل کرنے کو یقینی بنائیں گے۔

اگر آپ ترک وطن کررہے ہوں/ یا مستقل ملازمت پر بیرون ملک جارہے ہوں یا بیرونِ ملک پاکستانی بننے کے خواہشمند ہوں تو کارڈ کی تمام ادائیگیاں کلیئر کردینے کے بعد کارڈ ہمارے حوالے کردیں۔
پاکستان سے باہر ڈیبٹ کارڈ کا استعمال پاکستانی زرمبادلہ کے قوانین کے مطابق ہوگا۔ ایسے کسی قانون یا ضابطے کی عدم تعمیل پر آپ کلیتاً تنہا ذمہ دار ہوں گے۔
اگر آپ کو ضرورت ہوتو آپ کسی مجاز ڈیلر سے کارڈ کے ذریعے فارن ایکسچینج بشکل غیر ملکی کرنسی نوٹس/ ٹریولرز چیکس نکلواسکتے ہیں۔ ان غیر ملکی کرنسی نوٹوں/ ٹریولز چیکوں کی فروخت آپ کی اہلیت اور لاگو قواعد وضابط کے تابع ہوگی۔
کارڈ ہمارے اندرونی قواعد وضوابط کے تحت ترسیلات زر کو متاثر کرنے کے لئے استعمال نہیں ہوسکتا۔ مثلاً بین شدہ میگزینوں کو چندہ دینے **(b)** گھڑ دوڑوں پر جوئے، لاٹریوں وغیرہ کے لئے **(c)** انٹرنیٹ سائٹس پر اشیاء/ خدمات کی فروخت جس کے لئے فارن ایکسچینج جاری کرنے کی اجازت نہیں۔ ہم اسٹیٹ بینک کو ایسی تمام خلاف ورزیوں کی رپورٹ بھیجنے اور ازاں کارڈ کو استعمال کرنے سے روکنے کا حق محفوظ رکھتے ہیں۔ کارڈ کی غیر ملکی کرنسی کی ٹرانزیکشنز پر شرح مبادلہ کا فیصلہ ہم کریں گے جس کے آپ پابند ہوں گے۔
کارڈ کے غلط استعمال یا سمجھوتہ گاہک کی خلاف ورزی کی مکمل ذمہ داری آپ نے قبول کی ہے اور اس سلسلے میں ہمیں ہونے والے کسی مالیاتی نقصان یا ہرجانوں کو پورا کرنا بھی آپ کی ذمہ داری ہے۔

## (26) ناکامیاں جو بینک کے قابو سے باہر ہوں:

اگر آپ کی کسی ہدایت کی ہم تعمیل نہ کرپائیں جب ایسی تعمیل ہمارے قابو سے باہر ہوتو ایسی عدم تعمیل سے ہونے والے کسی نقصان یا ہرجانے کے ہم ذمہ دار نہ ہوں گے اور اس سلسلے میں ہماری رائے قطعی ہوگی۔

## (27) ادائیگیوں سے انکار کی قابلیت:

ماسوائے جبکہ قانون کا تقاضہ کچھ اور ہو اگر ہم کوئی پراسس، سمن، حکم، حکم امتناعی، ایگزیکیوشن، لیوی، حق گرفت، اطلاع یا نوٹس وصول کریں جس سے ہمیں نیک نیتی سے یہ یقین ہو کہ یہ آپ کا کارڈ استعمال کرنے کی قابلیت پر سوالیہ نشان ہے تو ہم آپ کو آپ کے فنڈ کے کسی حصے کے استعمال سے روک سکتے ہیں یا یہ فنڈ کسی مناسب اتھارٹی کو ادا کرسکتے ہیں یا کچھ اور قانونی اقدامات اٹھا سکتے ہیں۔

## (B7) ہدایات قائمہ:

ہم آپ کی ہدایات قائمہ کو اس وقت پراسس کریں گے جب آپ کے متعلقہ اکاؤنٹ میں کلیئر شدہ مناسب فنڈز دستیاب ہوں۔

**(2)** اگر آپ کی ہدایات قائمہ کو پراسس کرنے کے لئے آپ کے اکاؤنٹ میں لگاتار دومرتبہ مناسب کلیئر شدہ فنڈز دستیاب نہ ہوئے تو ہم اپنی صوابدید پر آپ کو نوٹس دیئے بغیر ایسی ہدایات قائمہ منسوخ کرسکتے ہیں۔

**(3)** ہدایات قائمہ چیکوں یا اکاؤنٹ سے ہونے والی دوسری ادائیگیوں کی ترجیحی ترتیب کا تعین کلیتاً ہماری صوابدید ہوسکتی ہے۔

**(4)** اگر آپ کے متعلقہ اکاؤنٹ میں مناسب کلیئر شدہ فنڈز دستیاب نہ ہوں تو ہم اپنی صوابدید پر آپ کی ہدایات قائمہ کی تعمیل میں ادائیگی کرسکتے ہیں۔ ایسے کلیئر شدہ فنڈز میں رقم کی کمی فائنانس تشکیل دیتی ہے۔ آپ ایسے فائنانس کی رقم کی واپسی اور لاگو منافع/ دیگر وصولی و چارجز کی ادائیگی کے ذمہ دار ہوں گے۔

**(5)** ہم سے یا کسی دیگر بینک سے کمپیوٹر کی غلطیوں، انتقالات کی غلطیوں، تاخیروں، ترسیلی نقصانات یا دیگر اغلاط کے ہم ذمہ دار نہ ہوں گے۔

**(6)** ہمیں نوٹس دے کر آپ کسی ہدایت قائمہ میں ترمیم یا اسے منسوخ کرسکتے ہیں۔ ہدایات قائمہ میں تنسیخ یا ترمیم صرف ان ادائیگیوں پر موثر ہوگی جن کی ادائیگی نوٹس وصولی کے **15** یوم کے بعد ہونی ہو۔

**(7)** کسی درخواست شدہ ہدایت قائمہ کے لئے ہم آپ سے اس کے متعلق کوئی اطلاع یا دستاویز مہیا کرنے کو کہہ سکتے ہیں جنہیں اگر فراہم نہ کیا جائے تو ہم ایسی ہدایت قائمہ کو پراسس نہیں کرسکیں گے۔

## (B-8) کیش اور ڈیپازٹ مشین:

شرائط وضوابط ہٰذا سمجھوتہ گاہک کی عمومی ومخصوص شرائط وضوابط میں جو قبل ازیں بیان ہوئی ہیں مزید اضافہ ہیں اور جب تک بصورت دیگر منجانب بینک نوٹیفائی نہ کیا جائے کسی اختلاف کی صورت میں شرائط وضوابط ہٰذا حاوی ہوں گی۔

**(1)** ڈیپازٹ کے بعد دی جانے والی رسید اس ڈیپازٹ کے آئٹموں کی ایک یادداشت محض ہے۔

**(2)** ڈیپازٹ کئے گئے آئٹمز ڈیپازٹ کے وقت چیک نہیں کئے جاتے ہیں اور بعد میں کی جانے والی تصدیق اور پڑتال کے لئے وصول کرلئے جاتے ہیں۔

**(3)** مقامی کلیئرنگ ہاؤس کے اراکین بینکوں پر جاری کئے جانے والے آئٹموں کو انہیں وصول **(realization)** ہونے پر متعلقہ اکاؤنٹ میں کریڈٹ کردیا جائے گا۔

**(4)** مقامی کلیئرنگ ہاؤس کے غیر رکن بنکوں پر جاری ہونے والے آئٹموں کو ڈیپازٹ کے واسطے قبول کرلیا جائے گا اور وصول ہونے **(realization)** کے بعد کریڈٹ کردیا جائے گا۔

**(5)** آئٹم کو ڈیپازٹ کے طور پر قبول کرنے پر، بشمول چیک جو ہم پر یا کسی دوسرے بینک پر جاری کئے جائیں، بینک ڈیپازٹر کے کلیکٹنگ ایجنٹ کے طور پر کارگزار ہوتا ہے اور ان آئٹموں کی وصولی **(realization)** کی کوئی ذمہ داری قبول نہیں کرتا ہے۔ اگر ان آئٹموں کی رقومات کی بینک کو

ادائیگی نہ کی گئی تو بینک یہ رقومات بشمول واقعاتی چارجز ڈیپازٹر اکاؤنٹ سے چارج کرے گا۔ بینک تمام آئٹموں کے ڈیپازٹس اس اختیار سے وصول کرلیتا ہے کہ ڈیپازٹر نے ان ڈیپازٹس کی درستگی، کارآمدی اور اصلیت کی تمام ذمہ داری قبول کرلی ہے۔

**(6)** بینک آئٹموں کو ڈیپازٹر کے جوکھموں پر محض ترسیلات کے لئے قبول کرتا ہے۔ ہڑتال یا قابو سے باہر کسی فعل، ترک فعل، غفلت، ڈیفالٹ، ناکامی یا دیوالیہ پن چاہے وہ ایجنٹوں یا سب ایجنٹ یا ان کے ملازمین کا ہو کسی نقصان یا تاخیر کا ذمہ دار نہ ہوگا۔

**(7)** یہ کلیئر شدہ ہے کہ کسی **CCDM** ٹرمینل پر غلط اندراج میں بینک ردوبدل کرسکتا ہے اور ایسے ردوبدل سے گاہک کو آگاہ کرے گا۔ اگر گاہک ایسے ردوبدل میں **7** دن کے اندر اندر کوئی اعتراض نہیں کرے گا تو گاہک کی جانب سے ایسے اندراجات کے ردوبدل کو قبول کیا جانا گردانا جائے گا۔

**(8)CCDM** یا بینک کے کمپیوٹر کی بدفعالی کی وجہ سے گاہک کے اکاؤنٹ کو کریڈٹ کرنے میں تاخیر یا غلطی کا بینک ذمہ دار نہ ہوگا۔ نیز بینک کے قابو سے باہر حالات کی وجہ سے ہونے والے نقصان یا ہرجانے کا بینک گاہک یا کسی فریق ثالث کو ذمہ دار نہ ہوگا۔

**(9)** بینک کسی غلطی، غفلت یا ڈیفالٹ، فعل یا ترک فعل جو بینک سے سرزد ہو یا اس کے ملازمین سے یا اس کے نمائندے سے یا فریق ثالث کے آجر یا اجیر سے کسی صورت ذمہ دار نہ ہوگا۔

**(10)** جب تک تحریری صراحت کے ذریعے متفق نہ ہوجایا جائے بنک اپنی صوابدید پر کسی غیرملکی فنڈ کو جو گاہک سے موصول ہو اس دن کی اپنی سیلنگ شرح پر بدل **(Convert)** سکتا ہے۔ اس بدل کاری کی بابت تحریری بینک اسٹیٹمنٹ حتمی ہوگا۔

**(B-9)** انٹرنیٹ بینکاری شرائط و ضوابط:

**(1)** تعریفات:

☆...... بینک سے **ICBC** پاکستان نامی کمپنی محمول ہے جو عوامی جمہوریہ چین کے قوانین کے تحت محدود ذمہ داری کے ساتھ موجود و منظم ہے اور پاکستان میں اپنے برانچ آفس کراچی کے ذریعے مصروف عمل ہے۔ اصطلاح میں **ICBC** پاکستان کے جانشین اور تفویض کار بھی شامل ہیں۔

☆......'' گاہک'' سے وہ شخص محمول ہے جس کا اکاؤنٹ ہو۔

☆......'' گاہک اکاؤنٹ'' سے بچت اور/ یا جاری اکاؤنٹ اور/ یا فائنانس اکاؤنٹ اور/ یا کریڈٹ کارڈ اور/ یا طے شدہ ڈیپازٹ اکاؤنٹ اور/ یا کسی دیگر قسم کا اکاؤنٹ محمول ہے جس کے اکاؤنٹ آپریشن کو بینک انٹرنیٹ بینکاری کے ذریعے انجام دینے کے لئے معین کرے۔ ان میں سے ایک اکاؤنٹ ابتدائی اکاؤنٹ معین کیا جائے گا۔ دیگر دوسرے اکاؤنٹ (اگر کوئی ہوں) گاہک کے ثانوی اکاؤنٹ ہوں گے۔

استعمال کنندہ کو یا تو اکاؤنٹ ہولڈر ہونا چاہئے یا تنہا دستخط کنندہ یا ایک سے زائد دستخط کنندگان کی صورت میں افعال دہی کا مجاز ہونا چاہئے نابالغ کے نام سے اکاؤنٹ یا اکاؤنٹ جس میں نابالغ مشترکہ اکاؤنٹ ہولڈر ہو انٹرنیٹ بینکاری کا اہل نہیں ہے۔

☆......'' انٹرنیٹ بنکاری'' بینک کی انٹرنیٹ بنکاری پر محمول ہے جو گاہک کو بینک سے مختلف تعلق داریوں تک رسائی بشمول بینک اکاؤنٹس (بچت/ جاری) فائنانس اکاؤنٹس کریڈٹ کارڈز اور دیگر پروڈکٹس بذریعہ انٹرنیٹ فراہم کرتی ہے۔

☆......'' استعمال کنندہ'' شرائط ہذا کے مقاصد کے لئے بینک کے گاہکوں پر محمول ہے چاہے بذات خود کارگزار ہو یا گاہک کی جانب سے کوئی شخص انٹرنیٹ بینکاری کے لئے مجاز بنایا جائے۔

☆......ذاتی اطلاع اس اطلاع پر محمول ہے جو بنک انٹرنیٹ بینکاری یا دیگر مقاصد کے لئے استعمال کنندہ سے حاصل کرتا ہے۔

☆......'' شرائط'' سے شرائط وضوابط محمول ہیں جو وقتاً فوقتاً ترمیم شدہ ہوں نیز ان میں انٹرنیٹ بینکاری کی وہ شرائط وضوابط بھی شامل ہیں جن کی دستاویزات ہذا میں صراحت ہو۔

☆......دستاویز ہذا میں استعمال کنندہ کی بابت تمام حوالہ جات میں جہاں صیغہ مذکر استعمال ہوا ہے اس میں صیغہ مونث بھی شامل ہوگا۔

**(2)** شرائط کا اطلاق:

**(2.1)** یہ شرائط انٹرنیٹ بینکاری استعمال کرنے والے استعمال کنندہ اور بینک کے مابین معاہدے کی تشکیل کرتی ہیں۔ انٹرنیٹ بینکاری کے لئے درخواست دینے پر اور/ یا رسائی حاصل کرنے پر/ سہولت استعمال کرنے پر استعمال کنندہ کا انہیں تسلیم کرنا، ان پر متفق یا قبول ہونا سمجھا جائے گا۔ ان شرائط کے علاوہ گاہک کے اکاؤنٹ سے متعلق دیگر شرائط (بشمول سمجھوتہ گاہک کے تحت ریکارڈ شدہ) بدستور لاگو رہیں گی ماسوائے جبکہ شرائط ہذا اور اکاؤنٹ کی شرائط میں کوئی اختلاف ہو تو انٹرنیٹ بینکاری کی حد تک شرائط ہذا غالب رہیں گی۔

**(3)** انٹرنیٹ بینکاری کا اطلاق:

**(3.1)** بینک اپنی صوابدید پر مخصوص صارفین کو انٹرنیٹ بینکاری کی پیشکش کرسکتا ہے۔ اگر آپ انٹرنیٹ بینکاری کو استعمال کرنے کے خواہشمند ہیں تو بینک کی ویب سائٹ سے فارم ڈاؤن لوڈ کرسکتے ہیں۔ بینک انٹرنیٹ بینکاری کی شرائط وضوابط اور اس کی وضاحت کا بروشر خواہشمندوں کو فراہم کرسکتا ہے۔ رجسٹریشن کی قبولیت اور اس کا تسلیم کیا جانا انٹرنیٹ بینکاری کی درخواست کی (خود بخود) قبولیت کی تصدیق نہیں کرتا۔

**(3.2)** بینک وقتاً فوقتاً انٹرنیٹ سافٹ ویئر جیسے براؤزر وغیرہ جو انٹرنیٹ بینکاری کو استعمال کرنے میں درکار ہوتے ہیں کو استعمال کرنے کا مشورہ دے سکتا ہے۔ ان سافٹ ویئرز کے تمام ورژنز کی سپورٹ ہونا بینک کا وجوب نہیں ہے۔

**(4)** انٹرنیٹ بینکاری کا دائرہ عمل:

**(4.1)** بینک انٹرنیٹ بینکاری کے ذریعے سہولیات جیسے بیلنس انکوائری، ٹرانزیکشن کی تفصیل، اسٹیٹمنٹ آف اکاؤنٹ، چیک بکوں کے اجراء کی درخواست، فنڈز کی منتقلی، بلوں کی ادائیگی اور دیگر سہولیات جو بنک وقتاً فوقتاً مہیا کرسکتا ہے کو مہیا کرنے کے لئے اپنی بہترین کوشش کرے گا۔ (یہ سہولیات بینک کی صوابدید پر مرحلہ وار فراہم کی جائیں گی جس سے بینک گاہکوں کو مطلع کرتا رہے گا) بینک ان سہولیات میں کمی یا اضافہ کرسکتا ہے اور جن کی دستیابی کے بارے میں ای میل، ویب پیج یا تحریری مراسلت کے ذریعے گاہکوں کو آگاہ کردیا جائے۔

**(4.2)** بینک انٹرنیٹ بینکاری کی سیکورٹی اور اس تک غیرمجاز رسائی کے انسداد کے لئے معقول احتیاط اور ٹیکنالوجی بروئے کار لائے گا۔

**(4.3)** استعمال کنندہ انٹرنیٹ بینکاری یا دیگر سہولت کو کسی غیرقانونی یا نامناسب مقاصد کے لئے استعمال کرے گا اور نہ استعمال کرنے کی اجازت دے گا۔

(4.4) استعمال کنندہ سمجھتا ہے اور تسلیم کرتا ہے کہ انٹرنیٹ سے کی جانے والی ٹرانزیکشنز جو کمکمل طور پر محفوظ نہیں ہیں۔ استعمال کنندہ یا بینک سیکورٹی کے کسی بھی معیارات کو بروئے کار لے آئیں یہ بلا جو خطرات سے پاک نہیں ہوسکتی۔ بینک انٹرنیٹ بینکاری کی پیشکشوں پر کسی خاص سطح کی سیکورٹی کا وعدہ نہیں کرتا اور مندرجہ بالا کو سمجھ لینے اور قبول کر لینے کے بعد اس کے لئے درخواست دینا اس کا اپنا فیصلہ ہوتا ہے۔

(4.5) استعمال کنندہ جانتا ہے کہ ہدایات اگر ایک مرتبہ دے دی جائیں تو اس وقت تک روکی نہیں جاسکتیں جب تک بینک کی خصوصی ہدایت نہ ہو پس استعمال کنندہ انٹرنیٹ بینکاری کے ذریعے دی جانے والے ہدایات کی پراسسنگ کو روکنے کی درخواست نہیں کرے گا۔

(5) انٹرنیٹ بینکاری تک رسائی:

(5.1) استعمال کنندہ کو انٹرنیٹ بینکاری کے لئے ایک سے زائد یوزر آئی ڈی اور ایک سے زائد خفیہ پاس ورڈز پہلی مرتبہ فراہم کئے جائیں گے۔ استعمال کنندہ پہلی مرتبہ انٹرنیٹ بینکاری تک رسائی کی صورت میں اسے تبدیل کردے۔ حفاظتی نقطہ نگاہ سے استعمال کنندہ کو پاس ورڈ اکثر تبدیل کرتے رہنا چاہئے مزید اضافی حفاظتی نقطہ نگاہ سے استعمال کنندہ جب بینک کہے تو اپنا پاس ورڈ تبدیل کردے۔ بینک اضافی حفاظتی آلے جیسے USB کلیدیں(Keys) اور پن جنریشن آلے اکاؤنٹ کو انٹرنیٹ کے ذریعے استعمال کرنے کے لئے فراہم کرسکتا ہے۔

(5.2) یوزر آئی ڈی اور پاس ورڈ کے علاوہ بینک اپنی صوابدید پر استعمال کنندہ کو وہ دیگر حفاظتی اقدامات اٹھانے کی ہدایت بھی کرسکتا ہے جو وہ ضروری سمجھے۔

(5.3) انٹرنیٹ بینکاری کے عاوہ استعمال کنندہ بینک اکاؤنٹ کی معلومات دوسرے ذریعے سے نہ تو رسائی حاصل کرنے کی کوشش کرے گا اور نہ دسروں کو ایسا کرنے کی اجازت دے گا۔

(6) پاس ورڈ:

(6.1) استعمال کنندہ لازماً:

(a) یوزر آئی ڈی اور پاس ورڈ کو مکمل خفیہ رکھے گا اور کسی دوسرے شخص پر (حتیٰ کہ بینک اہلکار بھی) انہیں آشکار نہیں کرے گا۔

(b) ایسے پاس ورڈ کا انتخاب کرے گا جو 8 حرفوں (Character) پر محیط ہوگا جن میں حروف تہجی اور ہندسے دونوں شامل ہوسکتے ہیں۔ جن کا آپ کی شخصیت سے فی الفور کوئی تعلق نہیں ہونا چاہئے جیسے استعمال کنندہ کا نام، پتہ، ٹیلی فون نمبر، ڈرائیونگ لائسنس یا کوئی آسانی سے اندازہ لگا لئے جانے والے حروف واعداد۔

(c) یوزر آئی ڈی اور پاس ورڈ کو یاد رکھنے کی کوشش کریں اور اسے کسی تحریری یا برقی شکل میں ریکارڈ نہ کریں۔

(d) یہ سمجھ لیں کہ درج بالا احتیاطی تدابیر کی فہرست میں وہ احتیاطیں بھی شامل ہیں جن کو استعمال کنندہ اٹھانے کی توقع رکھتا ہے۔

(e) کسی دوسرے شخص کو کمپیوٹر تک رسائی حاصل کرنے کی اجازت نہ دیں یا انٹرنیٹ بینکاری تک رسائی حاصل کرتے ہوئے کمپیوٹر غیر توجہ شدہ(unattended) نہ چھوڑیں۔

(f) انٹرنیٹ بینکاری کے ذریعے اکاؤنٹ تک غیر مجاز یا غیر قانونی رسائی کے انسداد کے لئے ہر ضروری احتیاط بروئے کار لائیں۔

(g) انٹرنیٹ بینکاری کا استعمال ختم کر لینے کے بعد لاگ آف ہوجائیں اور اس بات کو یقینی بنائیں کہ جب تک محفوظ لاگ آف نہ ہوجائے سسٹم غیر توجہ شدہ(unatended) نہ رہے۔

(h) انٹرنیٹ بینکاری تک کسی ایسے آلے کے ذریعے رسائی حاصل نہ کریں جو مقامی ایریا نیٹ ورک سے منسلک ہو اور اس بات کو یقینی بنائیں کہ کوئی دوسرا فریق پاس ورڈز یا کوڈز تک رسائی کے قابل نہیں ہے۔

(i) بینک کی جانب سے وقتاً فوقتاً نوٹیفائی شدہ سیکورٹی درکارات پر عمل کریں۔

(6.2) یہ جان لیں کہ پاس ورڈز یا تو گاہک خود تخلیق کرتا ہے یا انہیں ICBC اور بینک کاؤنٹرز سے لیا جاسکتا ہے اور بینک اس سلسلے میں کسی ہرجانے (damages) کا ذمہ دار نہ ہوگا۔

(6.3) اگر استعمال کنندہ یوزر آئی ڈی یا پاس ورڈ بھول جائے تو اسے تبدیل کرنے کے لئے وہ بینک کو تحریری درخواست دے سکتا ہے نئے پاس ورڈ کا انتخاب اور/ یا یوزر آئی ڈی کی تبدیلی نئے معاہدے کے آغاز کی غماز نہیں۔

(7) مشترکہ اکانونٹس:

(7.1) مشترکہ اکاؤنٹس کی صورت میں انٹرنیٹ بینکاری صرف اسی صورت میں دستیاب ہوگی جب آپریشن کے طریقہ کار میں "anyone or survivor" "either or survivor" " کی ہدایت کردی جائے۔ ان مشترکہ اکاؤنٹس کے لئے مشترکہ اکاؤنٹ ہولڈرز کے انتخاب پر مبنی ایک یوزر آئی ڈی جاری کی جائے گی۔ بینک کا اختیار ہے کہ وہ کسی بھی اکاؤنٹ بشمول مشترکہ اکاؤنٹس کے لئے اضافی یوزر آئی ڈی اور پاس ورڈ جاری کرے۔ اگر مشترکہ اکاؤنٹ ہولڈروں میں سے کوئی ایک بھی انٹرنیٹ بینکاری آپریشن کے عدم تسلسل کی تحریری درخواست کرے تو یہ بینکاری تمام مشترکہ اکاؤنٹ ہولڈروں کے لئے بند کردی جائے گی۔ کسی موجودہ گاہک کے اکاؤنٹ میں نئے نام کا اضافہ ہوجانے پر اس کا اطلاق خود بخود اس پر بھی ہوجائے گا۔

(7) انٹرنیٹ بینکاری سے ہونے والی تمام ٹرانزیکشن جو مشترکہ اکاؤنٹ کے لئے کی جائیں گی یہ تمام مشترکہ اکاؤنٹ ہولڈرز پر فرداً فرداً اور مشترکاً قابل پابندی ہونگی۔

(8) فنڈز کا انتقال :

(8.1) جب یہ سہولت دستیاب ہو تو استعمال کنندہ انٹرنیٹ بینکاری کو اکاؤنٹ میں مناسب فنڈز کی دستیابی کے بغیر یا فائنانس/ اوورڈرافٹ کے پہلے سے کئے گئے انتظامات کے بغیر فنڈز کے انتقال کے لئے استعمال کرنے یا اسکا اقدام نہیں کرے گا۔

(8.2) گاہک کے اکاؤنٹ میں مناسب فنڈ دستیاب ہونے پر بنک انٹرنیٹ بینکاری کے ذریعے فنڈز کے انتقال کی ٹرانزیکشن موثر بنانے کے لئے اپنی بھرپور کدوکاوش کرے گا۔ اگر کوئی ایسی صورت ہو کہ استعمال کنندہ کی ہدایات کی بنیاد پر اس کے اکاؤنٹ سے فنڈز بینک سے فائنانس/ اوورڈرافٹ

کے انتظامات کئے بغیر ڈیبٹ کردیئے جائیں تو گاہک ایسے فائنانس/ اوور ڈرافٹ کو بینک کے مطالبے پر فی الفور واپس ادا کرے گا۔ بینک کے قابو سے باہر صورتحال کی وجہ سے ادائیگیوں سے متعلق کوئی ترک فعل یا تاخیری ادائیگیوں پر بینک ذمہ دار نہ ہوگا۔

**(8.2)** استعمال کنندہ کی جانب سے زبردستی **(forced)** فائنانس/ اوور ڈرافٹ تخلیق کردیئے جانے کی صورت میں بینک مارک اپ یا دیگر چارجز چارج کرسکتا ہے۔ اوپر بیان کردیئے جانے کے باوجود انٹرنیٹ بینکاری کی کوئی ادائیگی کی ہدایت فوراً گاہک کے اکاؤنٹ میں منعکس نہیں ہوسکتی۔

## (9) بینک کا اختیار:

**(9.1)** گاہک کے اکاؤنٹ میں انٹرنیٹ بینکاری کے ذریعے بینکاری ٹرانزیکشنز کی اجازت یوزر آئی ڈی اور پاس ورڈ کی تصدیق ہوجانے کے بعد ہوتی ہے۔ استعمال کنندہ (ہمراہ مشترکہ اکاؤنٹ ہولڈر اگر کوئی ہو) بینک کو انٹرنیٹ بینکاری کے ذریعے بینکاری ٹرانزیکشنز سرانجام دینے کی صریحاً اجازت دیتا ہے۔ یوزر آئی ڈی اور پاس ورڈ کی انٹرنیٹ بینکاری کے ذریعے کے علاوہ کسی اور ذریعے سے تصدیق کرنے کا کوئی اور وجوب بینک پر عائد نہیں ہوتا ہے۔

**(9.2)** انٹرنیٹ بینکاری کے آپریشن کا پرنٹ شدہ آؤٹ پٹ انٹرنیٹ کے ذریعے رسائی کا ریکارڈ اور متعلقہ ٹرانزیکشنز کے بینک کے ریکارڈ کا غماز نہیں ہے۔ بنک کا ٹرانزیکشنز کا اپنا ریکارڈ جو کمپیوٹر یا کسی دیگر ذریعے سے بنایا جاتا ہے حتمی اور قبول شدہ سمجھا جائے گا اور تمام مقاصد کے لئے قابل پابندی ہوگا۔

**(9.3)** بینک اپنی صوابدید پر انٹرنیٹ بینکاری کو استعمال کرنے پر سروس چارجز عائد کرسکتا ہے۔ استعمال کنندہ نے بینک کی انٹرنیٹ بینکاری سے متعلقہ چارجز کو وصول کرنے کے لئے گاہک کے اکاؤنٹ کو ڈیبٹ کرنے کا مجاز بنایا ہے۔

**(9.4)** انٹرنیٹ بینکاری کے ذریعے دی جانے والی تمام ہدایات ناقابل تنسیخ **(Irreversible)** ہیں اور بینک ایسی ٹرانزیکشنز کے لاگو چارجز گاہک کے اکاؤنٹ سے ڈیبٹ کرے گا۔ بینک اپنی صوابدید پر ایسی ہدایات کو پلٹ **(reverse)** سکتا ہے بشرطیکہ ایسا بینکاری نظام کے قواعد اور مشقوں کے تحت ممکن ہوا اور گاہک/ استعمال کنندہ نے بینک کو اس کی لاگتوں، ذمہ داریوں اور دعووں سے برأت دی ہو۔ بینک ایسی پلٹائی سے ہونے والے کسی نقصان کا ذمہ دار نہ ہوگا۔

**(9.5)** انٹرنیٹ بینکاری استعمال کنندہ کو ہمہ وقت دستیاب ہوگی ماسوائے روزمرہ کی مرمت اور انٹرنیٹ بینکاری کی اضافی طلب کے جس کی وجہ سے انٹرنیٹ بینکاری دستیاب نہیں ہوسکتی ہے۔ بینک اپنی صوابدید کے تحت انٹرنیٹ بینکاری میں عدم تسلسل یا ترمیم کرسکتا ہے اور استعمال کنندہ کو بینک کے خلاف کسی چارہ جوئی کے بغیر ان ترمیمات یا اختتام کو قبول کرنا ہوگا۔

**(9.6)** بینک انٹریٹ بینکاری کی کوئی سہولت بغیر کوئی نوٹس دیئے یا بغیر کوئی وجہ بتائے یا بغیر کوئی ذمہ داری قبول کئے واپس لے سکتا ہے۔

## (10) معلومات کی درستگی:

استعمال کنندہ انٹرنیٹ بینکاری یا تحریری یا برقی صورت کے ذریعے بینک کو فراہم کی جانے والی اطلاعات کی درستگی کا حصہ دار ہے۔ بینک غلط فراہم کردہ معلومات کے نتائج کی کوئی ذمہ داری قبول نہیں کرتا۔ اگر استعمال کنندہ کو یہ شبہ ہو کہ بینک کو فراہم کی جانے والی اطلاع میں کوئی غلطی ہے تو جتنی جلد ممکن ہو بینک کو مطلع کرے جس میں جلد از جلد درستگی کے لئے بینک کوشش کرے گا۔

**(10.2)** اگر استعمال کنندہ کو انٹرنیٹ بینکاری یا اس کی سہولیات استعمال کرنے میں اکاؤنٹ کی اطلاع کے متعلق کوئی غلطی علم میں آتی ہے تو وہ جلد از جلد بینک کو آگاہ کرے گا جس میں درستگی کے لئے بینک فی الفور کوشش کرے گا۔

## (11) بینک اور استعمال کنندہ کی ذمہ داری:

**(11.1)** بینک کے ایجنٹوں یا ملازمین کے فریب دہی یا غفلت پر مبنی رویے کی وجہ سے انٹرنیٹ بینکاری کی غیر مجاز ٹرانزیکشنز پر استعمال کنندہ ذمہ دار نہ ہوگا۔

**(11.2)** استعمال کنندہ اکاؤنٹ سے متعلق ان تمام مجاز/ غیر مجاز ٹرانزیکشنز یا نقصانات کا ذمہ دار ہوگا جو اس نے شرائط کی خلاف ورزی یا غفلت پر مبنی افعال کے ذریعے سرانجام دی ہوں جو درج ذیل پر مشتمل مگر ان تک محدود نہیں ہیں۔

**(a)** انٹرنیٹ بینکاری پاس ورڈ کا تحریری یا برقی ریکارڈ رکھنا۔

**(b)** انٹرنیٹ بینکاری کی یوزر آئی ڈی یا پاس ورڈ کو کسی شخص بشمول بینک اسٹاف پر آشکار ہوجانے سے روکنے میں ناکام رہنا اور ایسی آشکاریت سے بینکوں کے مناسب وقت کے اندر آگاہ نہ کرنا۔

**(c)** اکاؤنٹ تک غیر مجاز رسائی یا غلط ٹرانزیکشنز کے بارے میں بینک کو مناسب وقت کے اندر اندر آگاہ نہ کرنا۔

**(d)** استعمال کنندہ یا کسی دوسرے شخص کی جانب سے غفلت یا فریب دہی پر مبنی انٹرنیٹ بینکاری کے ذریعے ہونے والی غیر مجاز ٹرانزیکشنز پر بینک ذمہ دار نہ ہوگا۔ استعمال کنندہ کمپیوٹر یا دیگر آلے جن کے ذریعے وہ انٹرنیٹ بینکاری تک رسائی حاصل کرتا ہے کو کمپیوٹر وائرسز یا دوسرے ایسے سافٹ ویئرز جنہیں سافٹ ویئر بم، ٹروجن ہارسز اور وارمز **(Worms)** (بشمول وائرسز) کہا جاتا ہے سے محفوظ بنانے کے لئے عملی اقدامات کرے گا اور ان کی تسلی بخش کارکردگی کا ذمہ دار ہوگا۔ بینک اس بات کا فیصلہ کرے گا کہ وائرسز کے خلاف مناسب اقدامات اٹھائے گئے ہیں یا نہیں اور اگر استعمال کنندہ اس شرط کی خلاف ورزی کرے گا تو اس کو دستیاب انٹرنیٹ بینکاری سروسز ختم کردی جائیں گی۔

## (12) استعمال کنندہ کا طرز عمل(Conduct):

بینک کے قابو سے باہر وجوہات جو قدرتی آفت، سیلاب، آتش زدگی، قدرتی سانحات، قانونی مجبوریوں اور ٹیلی کمیونیکیشن نیٹ ورک یا انٹرنیٹ نیٹ ورک یا سافٹ ویئر اور ہارڈ ویئر کی خامیوں پر مشتمل مگر ان تک محدود نہیں ہیں کی وجہ سے مطلوبہ طریقے سے انٹرنیٹ بینکاری تک رسائی نہ ہو پانے پر کسی بھی طرح ذمہ دار نہ ہوگا۔ کسی بھی حال میں بینک بالواسطہ یا بلا واسطہ واقعات یا حادثاتی نقصانات کے ہرجانوں جو ریونیو، سرمایہ کاری، پیداوار، ساکھ، منافع یا کسی اور نوعیت کے نقصان پر دعوے میں دائر کئے گئے ہوں کسی طور مستوجب نہ ہوگا۔

## (13) برأت/نقصان کی تلافی/ضمانت:

**(13.1)** انٹرنیٹ بینکاری کے نامناسب استعمال سے پیدا ہونے والے نتیجے یا اس سے ہونے والے نقصان سے استعمال کنندہ نے بینک یا اس کے دیگر گاہکوں یا کسی فریق ثالث کو غیر متضرر رکھنے اور دعوؤں سے برأت دی ہے۔

(13.2) استعمال کنندہ بینک، بینک کے ملازمین، نامزدگان یا ایجنٹوں کومکمل برأت کی بنیادوں پر تمام افعال ترک افعال، غفلت، کارروائیوں، دعووٴں ، تقاضوں، ہرجانوں، نقصانات (بشمول براہ راست، بالواسطہ یا واقعاتی نقصانات) لاگتوں اور خرچوں بشمول ڈیوٹیوں، محصولات یا دیگر قانونی لاگتوں (مکمل برات کی بنیاد پر) جن میں بینک مبتلا ہوسکتا ہے یا برداشت کرسکتا ہے بینک کومکمل برأت دے گا۔ استعمال کنندہ شرائط کی خلاف ورزی کی وجہ سے ہونے والے بینک کے نقصانات کی لازماً تلافی کرے گا۔

## (14) ذاتی معلومات کا انکشاف :

استعمال کنندہ متفق ہوا ہے کہ بینک یا اس کے ٹھیکیداران کمپیوٹر یا کسی اور طرح بواسطہ شماریاتی تجزیات و کریڈٹ اسکورنگ اس کی ذاتی معلومات کو پراسس کرسکتے ہیں اور استعمال کنندہ متفق ہوا ہے کہ بینک یہ معلومات، انتہائی خفیہ طریقے سے دیگر اداروں کو بھی دے سکتا ہے جس کی درج ذیل وجوہات جو انہی تک محدود نہیں ہیں ہوسکتی ہیں۔

(a) کسی ٹیلی کمیونیکیشن یا برقیاتی کلیئرنگ نیٹ ورک میں خدمات کی شراکت کے لئے۔

(b) قانونی ہدایات یا بینک کی پالیسیز کی تعمیل میں۔

(c) جانی پہچانی کریڈٹ اسکورنگ ایجنسیوں کے ذریعے کریڈٹ کی ریٹنگ کے لیے۔

(d) انسدادِ فریب دہی کے مقاصد کے لئے۔

## (15) بینکاروں کا حق گرفت:

(15.1) گاہک کے ابتدائی اور/ یا ثانوی اور یا کسی دیگر اکاوٴنٹ میں چاہے وہ سنگل ہو یا مشترکہ واجب الادا بقایاجات کی حد تک جو انٹرنیٹ بینکاری کے استعمال سے پیدا ہوئے ہوں۔ کسی دیگر حق گرفت یا چارج سے قطع نظر بینک کا **Setoff** اور حق گرفت برقرار رہے گا۔

## (16) مالکانہ حقوق:

(16.1) استعمال کنندہ تسلیم کرتا ہے کہ انٹرنیٹ بینکاری یا اس سے متعلقہ سافٹ ویئرز متعلقہ مالک (vendors) کی قانونی ملکیت ہیں اور بینک ان کے استعمال کی اجازت محض انٹرنیٹ بینکاری تک رسائی کے لئے دیتا ہے اور اس سے کوئی کاراندازانہ یا مالکانہ حقوق جنم نہیں لیتے۔

(16.2) استعمال کنندہ انٹرنیٹ بینکاری سے متعلق سافٹ ویئرز میں ترمیم، ترجمہ، کشائی (disassemble)، عدم تالیف یا پلٹائی کی کوشش یا ایسے سافٹ ویئرز کی ماخوذ پروڈکٹس تخلیق کرنے کی کوشش نہیں کرے گا۔

## (17) شرائط و ضابط میں تبدیلی:

(17.1) بینک کے پاس کسی بھی وقت شرائط وضوابط میں ترمیم یا ضمیمہ کاری کی مطلق صوابدید ہے جس کی بابت تفصیل www.icbc.com.pk پر دستیاب ہوگی اور استعمال کنندہ بذریعہ ہٰذا ان شرائط وضوابط سے آگاہ رہنے کا اقرار کرتا ہے۔ نئی سہولتوں کے استعمال سے قبل استعمال کنندہ سے التماس ہے کہ وہ ان کی شرائط کو بغور ملاحظہ کرے۔ انٹرنیٹ بینکاری کا استعمال ان شرائط وضوابط کی قبولیت گردانا جائے گا۔

## (18) انٹرنیٹ بینکاری کا اختتام:

(18.1) استعمال کنندہ 15 یوم قبل تحریری نوٹس دے کر انٹرنیٹ بینکاری کے اختتام کی درخواست دے سکتا ہے۔ انٹرنیٹ بینکاری کی ایسی تنسیخ سے قبل استعمال کنندہ یوزر آئی ڈی اور پاس ورڈ کے استعمال کا ذمہ دار رہے گا۔

(18.2) بینک مناسب وقت میں نوٹس دے کر انٹرنیٹ بینکاری کی سہولت واپس لے سکتا ہے۔ اگر انٹرنیٹ بینکاری کی سہولت بینک شرائط وضوابط کی خلاف ورزی کی وجوہات کے علاوہ واپس لے تو بینک کی ذمہ داری سالانہ چارجز کی واپسی تک اس عرصے کیلئے محدود ہوگی جس عرصے میں یہ سہولت استعمال کی گئی ہو۔

(18.3) استعمال کنندہ کے اکاوٴنٹس کی بندش خود بخود انٹرنیٹ بینکاری ختم ہونے پر منتج ہوگی۔

(18.4) اگر استعمال کنندہ شرائط وضوابط کی خلاف ورزی کرے یا بینک کے علم میں استعمال کنندہ کی بابت، دیوالیہ پن یا قانونی گنجائش ختم ہوجانی آئے تو بینک، انٹرنیٹ بینکاری کی سہولت بلا نوٹس دیئے کسی بھی وقت معطل یا ختم کرسکتا ہے۔

## (19) نوٹسز:

(19.1) بینک درج ذیل شرائط وضوابط کے تحت استعمال کنندہ کو نوٹسز دے سکتا ہے۔

(a) استعمال کنندہ کے میل بکس میں برقانیکی طریقے سے اور ایسے نوٹسز بصورت تحریر سمجھے جائیں گے۔

(b) تحریری صورت میں بدست یا بذریعہ ڈاک آخری معلوم پتے یا کسی دوسرے پتے پر جو انٹرنیٹ بینکاری کے حوالے سے مراسلت کے لئے فراہم کیا گیا ہو۔

(c) اسی کے ساتھ ساتھ بینک عمومی نوعیت کے نوٹسز جو تمام استعمال کنندگان پر قابل اطلاق ہوتے ہیں اپنی ویب سائٹ پر مشتہر کرسکتا ہے جن کی اثر پذیری انفرادی تعمیل شدہ نوٹس کی مانند ہوگی۔

## (20) نافذالعمل قوانین:

(20.1) شرائط وضوابط ہٰذا اور/ یا اکاوٴنٹ آپریشن اور/ یا انٹرنیٹ بینکاری کی سہولیات کا استعمال اسلامی جمہوریہ پاکستان کے قوانین کی اتباع میں ہوگا۔ استعمال کنندہ، شرائط وضوابط ہٰذا سے متعلق دعووٴں یا معاملات کے لئے کراچی، پاکستان میں واقع بینکاری عدالتوں کے دائرہ اختیار کو بلا شرکت غیرے تسلیم کرنے پر متفق ہے۔ گو کہ کسی دوسرے عدالت میں قانونی کارروائی شروع کرنے کا بینک کا حق کسی تعصب (prejudice) کے بغیر ہوگا۔

(20.2) بینک اسلامی جمہوریہ پاکستان کے علاوہ کسی دوسرے ملک کے قوانین چاہے بالواسطہ ہوں یا بلاواسطہ قبول کرنے کی ذمہ داری نہیں لیتا۔ محض یہ حقیقت کہ انٹرنیٹ بینکاری تک رسائی پاکستان کے علاوہ کسی دوسرے ملک سے بھی کی جاسکتی ہے سے یہ منتشرح نہ ہوگا کہ اس ملک کے قوانین شرائط و ضوابط ہٰذا اکاوٴنٹ آپریشن یا انٹرنیٹ بینکاری پر حاوی ہیں۔

## (21) عمومیات:

(21.1) شرائط وضوابط ہٰذا کی شقوں کی سرخیاں محض سہولت کی خاطر ہیں جو متعلقہ شق کے مطالب پر کوئی اثر نہیں ڈالتی ہیں۔

**(21.2)** استعمال کنندہ ان شرائط وضوابط ہٰذا کو کسی دیگر شخص کو تفویض نہیں کرے گا۔ بینک اپنے وجوب کی ادائیگی کے لئے ایجنٹوں کو ملازم رکھ سکتا ہے یا ذیلی ٹھیکہ دے سکتا ہے۔ بینک اپنے فرائض اور وجوبات کو کسی اور شخص جسے وہ مناسب سمجھے تفویض کر سکتا ہے۔

**(21.3)** اگر شرائط وضوابط ہٰذا کی کوئی شرط یا ان شرائط کا کوئی حصہ قانوناً ناقابل نفاذ ہو تو یہ کسی بھی طرح بقایا شرائط کی اثر پذیری پر کوئی اثر نہ ڈالے گا۔ اگر شرائط وضوابط ہٰذا کی کوئی شرط کسی بھی وجہ سے قانوناً کارآمد/ موثر ثابت نہ ہوئی تو بینک اس کو قابل نفاذ ہونے پر کوئی اثر ڈالے بغیر انہیں تبدیل کردینے کا حقدار ہے۔

## (B 10) فارن ایکسچینج کاروباری شرائط وضوابط:

درج ذیل شرائط وضوابط کا اطلاق **ICBC** پاکستان (بینک) اور موکل **(Client)** کے مابین ٹرانزیکشنز جس میں **2** یا **2** سے زائد **FX** ٹرانزیکشنز ہوں پر ہوگا ماسوائے جبکہ یہ شرائط فریقین کے مابین کسی سمجھوتے کے تحت متغیر ہو جائیں۔

### (1) کنفرمیشنز:

بینک موکل کو ہر **FX** ٹرانزیکشن کی تحریری تصدیق کا عمل ڈیلیور کرے گا۔ جس میں تاخیر یا ناکامی اس کی اثر پذیری پر کوئی اثر نہیں ڈالے گی کسی بیّن غلطی کے عدم موجودگی میں تمام کنفرمیشنز اور اسٹیٹمنٹس حتمی اور موکل پر قابل پابندی ہوں گے تاوقتیکہ ان کی وصولی کے ایک کاروباری یوم کے اندر بینک کو اعتراض کا تحریری نوٹس نہ دے دیا جائے۔

**(2)** بینک کی تمام ادائیگیاں درکار کرنسی میں فی الفور دستیاب فنڈز سے مجرائی قانون یا جوابی دعوٰی **(Counter Claim)** یا بغیر منہائیوں، ٹیکسوں، ڈیوٹیوں یا چارجز کے بغیر کی جائیں گی۔ اگر کوئی ادائیگی ایسی منہائیوں یا ودہولڈنگ کے تابع ہوئی تو ادائیگی کی رقم بڑھ جائے گی تاکہ وصول شدہ ادائیگی کی رقم ایسی منہائیوں یا ودہولڈنگ کے ساتھ قابل ادا **FX** ٹرانزیکشن کے مساوی ہو جائے۔

**(2.2)** بینک اپنی صوابدید پر موکل کے ذمہ **FX** ٹرانزیکشن کی ادائیگی کی رقومات اس وقت تک روک سکتا ہے جب تک اسے ان کے وصول ہو جانے کی تسلی نہ ہو جائے۔

**(2.3)** اگر موکل **FX** ٹرانزیکشن کی مقررہ تاریخ میں ادائیگی سے قاصر رہتا ہے تو موکل بینک کو زرتلافی/ تاخیر سے ادائیگی کی فیس بشرح 2% سالانہ ادا کرے گا اور بینک کو اس سے ہونے والے کسی نقصان سے برأت دے گا۔ بنک ایسے زرتلافی/ تاخیر سے ادائیگی کی فیس کو موکل کے اکاؤنٹ سے کسی بھی وقت ڈیبٹ کر لینے کا حق رکھے گا۔

### (3) FX ٹرانزیکشنز کا اختتام:

**(3.1)** درج ذیل واقعات کے ظہور پذیر ہونے پر بینک اپنی صوابدید پر بغیر کوئی نوٹس دیئے کوئی یا تمام واجب الادا **FX** ٹرانزیکشنز ختم کر سکتا ہے۔

**(a)** موکل بینک یا کسی دوسرے مالیاتی ادارے کا کوئی وجوب سرانجام دینے سے قاصر رہتا ہے یا ایسا اشارہ دیتا ہے۔
**(b)** موکل کی مالی حیثیت میں کسی بڑی مخالف تبدیلی کا وقوع۔
**(c)** بینک **FX** ٹرانزیکشنز کی شرط کے طور پر کسی حاشیئے **(Margin)** یا دیگر سیکورٹی کا تقاضہ کرے جسے اطمینان بخش سطح پر فراہم نہ کیا جائے۔
**(d)** **FX** ٹرانزیکشنز کے تحت موکل کے عمومی **Market to Market** نقصانات پہلے سے آگاہ شدہ بینک کی ہدایات سے متجاوز ہو جائیں۔
**(e)** بینک یہ طے کرلے کہ کسی **FX** ٹرانزیکشن کی انجام دہی بینک یا موکل یا دونوں کے لئے ناقابل عمل یا غیر قانونی ہے۔
**(f)** موکل دیوالیہ ہو جائے یا کسی فیصلے کے حصول کے لئے قانونی کارروائی شروع ہو جائے یا دیوالیہ پن، بحالی نو، تنظیم نو، انتظام کاری، اختتام کاری یا تحلیل کاری کے انتظامات شروع ہو جائیں یا موکل یا موکل کے قرضوں یا اثاثہ جات کے لئے ٹرسٹی، رسیور، لیکیوڈیٹر، کنزرویٹر یا اسی نوعیت کا کوئی دوسرا اہلکار مقرر کر دیا جائے۔

**(3.2)** شرط ہٰذا کی تعمیل میں **FX** ٹرانزیکشنز کے اختتام پر پختگی **(Maturity)** یا سیٹلمنٹ کی تاریخ پر ہونے والی ادائیگی کا تقاضہ نہیں کیا جائے گا اس کے بجائے ادائیگیاں شق **3.3** ذیل کے تابع ہوں گی

**(3.3)** ختم شدہ **FX** ٹرانزیکشنز کی نقصان کی رقم (منفی رقم میں ظاہر شدہ) اور منافع کی رقم (مثبت رقم میں ظاہر شدہ) کا تعین بینک کرے گا اور ایسی رقم سے موکل کو مطلع کر دے گا اور ایسی تمام رقومات فی لفور واجب الادا بینک کے **Set off** کے حق کو خطرے میں ڈالے بغیر ہوں گی۔

### (4) Set off/ مجرائی قانونی:

بینک کسی بھی وقت اپنے وجوبات کی غرض سے نوٹس دیئے بغیر موکل کے اکاؤنٹ کو **Set off** کرنے کا حقدار ہے چاہے یہ وجوب حقیقی ہو یا ہنگامی یا ابتدائی یا مختلف کرنسیوں میں واجب الادا ہو۔ بینک اس شرح تبادلہ پر بدل کاری کر سکتا ہے جس شرح پر کرنسی کی خریداری کا اہل ہو۔

**(4.1)** اگر کسی وجوب کی رقم تحقیق شدہ ہو تو بینک اس کا تخمینہ کر کے اسے **Set off** کر سکتا ہے جو بینک اور موکل کے درمیان حتمی سیٹلمنٹ کے تابع ہوگا۔

### (5) متفرق:

**(5.1)** موکل بینک کی مرضی کے بغیر کسی **FX** ٹرانزیکشن کو نہ کسی کو تفویض نہیں کر سکتا اور نہ اس میں رکاوٹ ڈال سکتا ہے۔

**(5.2)** اگر کوئی موکل ایک سے زائد اشخاص پر مشتمل ہوا تو ہر شخص مشترکہ اور فرداً فرداً ہر **FX** ٹرانزیکشنز کا ذمہ دار ہوگا۔

### (6) نافذ العمل قوانین اور اختیار سماعت:

شرائط ہٰذا اور تمام ٹرانزیکشنز پاکستانی قوانین کے حاوی ہونے کی غماز سمجھی جائیں گی اور موکل کراچی کی عدالتوں کا ناقابل تنسیخ اختیار سماعت تسلیم کرتا ہے۔

## (B-11) کاروباری اکاؤنٹ:

### (1) اطلاق:

ان اضافی شرائط کا اطلاق کاروباری ٹرانزیکشنز کے لئے کھولے جانے والے اکاؤنٹس پر بھی ہوگا۔

### (2) اکاؤنٹ آپریشن:

اکاؤنٹ آپریشن آپ یا آپ کے مجاز دستخط کنندگان کریں گے جن کا اختیار ختم ہو جانے کا عذر اس

وقت تک درخور اعتناء نہ سمجھا جائے گا جب تک آپ ہدایات میں تبدیلی کرتے ہوئے ہمیں تحریری نوٹیفکیشن نہ دے دیں۔ دفعہ **B1-5** اور **B1-6** میں مصرحہ اکاؤنٹ بندش پر فیس اور چارجز سے متعلق شرائط جہاں قابل اطلاق ہوئیں اکاؤنٹ پر بھی لاگو ہونگی۔ اکاؤنٹ پر فیسوں اور چارجز سے متعلق معلومات ویب سائٹ پر درج کردی جائیں گی یا برانچوں کے نوٹس بورڈز پر آویزاں کردی جائیں گی۔

ہم آپ کو پروڈکٹ سے متعلق تفصیلی معلومات فلائیرز بروشرز ویب سائٹ، رابطہ مراکز اور تربیت یافتہ سیلز اسٹاف کے ذریعے فراہم کریں گے۔

**(3)** اکائونٹ سے رقم نکلوانا:

چیک بکیں کاروباری اکاؤنٹس کے لئے جاری کی جائیں گی۔ چیک بینکوں سے متعلق شرائط، ادائیگیوں یا ان کو روکنے کی شرائط جو دفعات **B1-2**، **B-3** اور **B1-4** میں مذکور ہیں کاروباری اکاؤنٹ پر بھی لاگو ہوں گی۔ رقومات خصوصی تیار کردہ فارموں، **ATM** کارڈز یا ہماری جانب سے مہیا کردہ کوئی دیگر آلہ مہیا کئے جانے پر نکلوائی جاسکتی ہیں۔

**(4)** اکاؤنٹ کا استعمال:
آپ کا اکاؤنٹ ادائیگیوں یا کسی دیگر نیک نیتی پر مبنی ٹرانزیکشنز بشمول کاروباری مقاصد کے لئے استعمال کیا جاسکتا ہے۔

**(5)** متفرق:
عمومی وخصوصی شرائط وضوابط ہٰذا بابت ضمنی (ancillary) خدمات جہاں کہیں قابل اطلاق ہوئیں کاروباری اکاؤنٹ پر بھی لاگو ہونگی۔

**B-12** انتقال فنڈ ۔ شرائط و ضوابط:

گاہک بذریعہ ہٰذا متفق ہوا ہے کہ بینک انتقال فنڈ کی ہدایات گاہک کے لیٹر ہیڈ یا سادے صفحہ یا بینک کی فون سروس کے ذریعے ہی ملاحظہ کرے گا نیز مزید متفق ہوا ہے کہ اکاؤنٹ اور ضمنی **(Ancillary)** خدمات کی بابت شرائط وضوابط ہٰذا انتقال فنڈ کی درخواستوں پر بھی لاگو ہوں گی۔
ڈرافٹ کی نقدی میں بدلائی اور انتقال فنڈ کی ادائیگیاں متعلقہ ملک کے قواعد وضوابط کے تابع ہوں گی۔ ایسی صورت میں بینک کی ذمہ داری ایسی نقد بدلائی یا ادائیگی کی حد سے زیادہ نہ ہوگی۔ نہ تو بنیک اور نہ گروپ ہیڈ آفس اور نہ بینک کی دیگر برانچز اور نہ اس کے نمائندگان اور ایجنٹان، حکومت یا حکومتی مقتدرہ/ ایجنسی کی جانب سے تاخیر ہوجانے یا کسی حکم یا فعل کی بنا پر نقصان ہوجانے پر کسی طور ذمہ دار ہوں گے۔

**(3)** گاہک فارن ایکسچینج کے لاگو پاکستانی قوانین اور اسٹیٹ بینک کی ہدایات کی تعمیل کرے گا۔ بینک گاہک کی لاگو قوانین یا اسٹیٹ بینک کی ہدایات کی خلاف ورزی پر نقصان یا ہرجے کا ذمہ دار نہ ہوگا اور ایسے معاملات میں بینک کو برأت حاصل ہوگی۔

**(4)** شرائط وضوابط ہٰذا کے تحت گاہک کے اکاؤنٹ میں جمع شدہ فنڈز چاہے مقامی سکے میں ہوں یا غیرملکی میں، کار انتقال اسٹیٹ بینک حکومت پاکستان کے قوانین، ریگولیشنز، ڈگریوں، انتظامی قواعد و احکامات کے تتبع میں ہوگا۔ یہ سمجھا جاچکا ہے کہ گاہک بینک کو فنڈ ٹرانسفر کی ہدایات پر عمل کرنے میں

ہونے والے نقصان سے غیر متضرر رکھے گا اور برأت دے گا نیز ان نقصانات سے بھی جو فریب دہی کے لئے دی جائیں یا جن کا منشاء ایسا کیا جانا ظاہر ہو رہا جس میں فون فیکس، قاصد، تحریر ڈاک، صوتی ڈاک، برقی ڈاک، فائل کے انتقال، ٹیلیکس یا اسی نوعیت کے دیگر ذرائع بھی شامل ہیں۔

**(5)** گاہک کی دستی دی جانے والی ہدایات کو ٹیلی فون کے ذریعے کنفرم کرنا بینک کا حق مگر فرض نہ ہوگا۔ گاہک متفق ہوا ہے کہ بینک مجاز ہے کہ اس ٹیلی فون کال کی بات چیت کو لاگو قوانین کے تحت ثبوت دہی کے لئے اگر ضروری ہو تو ریکارڈ کرے۔ اگر گاہک مذکورہ بالا طریقے کے مطابق دستی ہدایات دینے سے انکار کرتا ہے تو بینک انتقال فنڈ کی ہدایت پر عمل کرنے سے انکار کرنے کا حق محفوظ رکھتا ہے بینک ایسا اس صورت میں بھی کرسکتا ہے جب کنفرم کرنے والا مجاز دستخط کنندہ نہ ہو۔

**(6)** بینک کی جانب سے منتقل کردہ فنڈز اور ڈرافٹ کی رقم کو واپس کرنے اور دوبارہ خریدنے کی خواہش کی صورت میں بینک کی ترجیح کے مطابق رقم صارف/اکاؤنٹ ہولڈر سے یا اکاؤنٹ ہولڈر کو واپس یا دوبارہ خریدی جائے گی۔ جبکہ ڈرافٹ کی صورت میں/اکاؤنٹ ہولڈر کی جانب سے دستخط شدہ ڈرافٹ بینک کو موصول ہونے پر مذکورہ کرنسی کے اس وقت کی موجودہ قیمت خرید، کم لاگت، چارجز، اخراجات اور منافع (زرمبادلہ ٹرانزکشن کی صورت میں) کے ساتھ یہ بھی ضروری ہے کہ بینک کے پاس وہ فنڈز موجود ہوں جن کی ادائیگی کے حوالے سے ہدایات جاری کی گئی ہیں، کسی تبادلے اور دیگر پابندیوں سے پاک۔

**(7)** جب تک صریحاً اور خصوصاً اس بابت تحریری اتفاق نہ ہوجائے، بینک اپنی صوابدید پر، گاہک کے اکاؤنٹ میں موصولہ فنڈز کی اپنی اس دن کی شرح سے ان فنڈز کو غیرملکی قدر سے بدل **(Convert)** سکتا ہے۔ ایسی بدل کاری کے لئے تحریری بینک اسٹیٹمنٹ حتمی سمجھا جائے گا۔

**(8)** وہ ملک جس کو رقم بذریعہ ڈاک ارسال کی جاتی ہو میں رائج الوقت کرنسی کے علاوہ کوئی اور کرنسی صارف کو رقم کو وصولی کے دن ہی بینک کی قیمت فروخت کے مطابق واجب الادا ہوگی۔ بینک کی جانب سے فنڈز کی مذکورہ تبدیلی پر اثر انداز ہونے سے متعلقہ تحریری بیان حتمی تصور کیا جائیگا۔

**(9)** اگر ترسیلات زر متعلقہ ملک میں رائج کرنسی کے علاوہ بھجوائی جائیں تو جب تک کہ اس بابت ایجنٹ یا بینک کے نمائندے کو کوئی خاص ہدایات نہ دے دی جائیں ایسی ترسیلات زر متعلقہ ملک کے نمائندے یا ایجنٹ کی خریداری کی شرحات پر فراہم ہوں گی۔

**(10)** ڈرافٹس یا ترسیلات زر کے اجراء کے لئے بینک رواجی اقدامات اٹھا سکتا ہے اور بینک اس سلسلے میں نمائندوں، سب ایجنٹوں یا دیگر ایجنسی سے استفادہ کرسکتا ہے مگر کسی بھی صورت میں بینک یا اس کا ہیڈ آفس یا دیگر برانچز یا اس کے نمائندگان یا ایجنٹان خلل، ترک افعال یا تاخیرات کے ذمہ دار نہ ہوں گے۔ بینک کوڈ میں پیغام بھیج سکتا ہے۔

**(11)** بینک اپنے یا اپنے نمائندگان، ملازمان، فریق ثالث یا اس کے ملازمان کے افعال یا ترک افعال، غفلت یا ڈیفالٹس یا غلطیوں کا ذمہ دار نہ ہوگا۔

**(12)** یہ سمجھا جاچکا ہے کہ اگر کوئی آلہ (یعنی بشمول جیسے پے آرڈر، ڈیمانڈ ڈرافٹ میل ٹرانسفر وغیرہ) کھو جائیں گم ہوجائیں یا برباد ہوجائیں تو ان کی بابت بینک کی کوئی ذمہ داری نہ ہوگی اور ان کی بدل کاری یا آلات کی رقم کی واپسی سے بنک کو برأت حاصل ہوگی۔

**(13)** شرائط وضوابط اضافی ہیں اور انہیں آپریشن آف اکاؤنٹ اور اضافی خدمات کی شرائط وضوابط سے ملا کر پڑھا جائے گا۔ ناموافقت ہونے کی صورت میں آپریشن آف اکاؤنٹس اور اضافی خدمات

کی شرائط وضوابط حاوی ہونگی۔

**(B13)** مرکز رابطہ خدمات:

آپ مندرجہ ذیل پر متفق ہوئے ہیں کہ

**(1)** ہم اپنی قطعی اور تنہا صوابدید پر، آپ کی جانب سے دی جانے والی ہدایات کے مجاز یافتہ ہونے کی بنا پر یا جس کے متعلق ہمیں معقول یقین ہو کہ وہ ہدایات آپ نے ٹیلی فون کے ذریعے شرائط کے مطابق اپنے اکاؤنٹ کی بابت دی ہیں پر عمل کر سکتے ہیں۔ایسی مجاز یافتگی / ہدایات جو بذریعہ ٹیلی فون ہمارے یونٹ مرکز رابطہ کو شرائط کے مطابق دی جائیں بعدازیں ''ہدایات'' پر محمول ہوں گی۔ یہ واضح ہے کہ خدمت مرکز رابطہ مشترکہ اکاؤنٹ کے لئے دستیاب نہیں ہے۔

**(2)** آپ تسلیم اور قبول کرتے ہیں کہ ہر مرتبہ جب آپ خدمت مرکز رابطہ سے استفادہ کریں تو عمومی شرائط وضوابط، پروڈکٹ کی مخصوص شرائط وضوابط، اضافی شرائط وضوابط جو درخواست فارموں پر مذکور ہوتی ہیں پر متفق اور اس کے پابند ہوتے ہیں۔اس سلسلے میں اگر آپ نے اضافی شرائط وضوابط کو ملاحظہ نہیں کیا ہے تو ہمیں اس کی ایک کاپی فراہم کرنے کی درخواست دیں۔

**(3)** ہر مرتبہ جب آپ ہدایات دینے کے متمنی ہوں تو خود کو مختص کردہ تعلق گاہک نمبر **CRN** / اکاؤنٹ نمبر اور گاہک رجسٹریشن نمبر ہمراہ دیگر سیکورٹی اقدامات جو ہم نے آپ کو مہیا کئے ہوں خدمت مرکز رابطہ کی ہدایات کے مطابق اپنی ٹرانزیکشن یا استفسارات کے لئے فراہم کریں۔

**(4)** خدمت مرکز رابطہ کی ہماری پیش کش اکاؤنٹ استفسارات اور معلومات کی فراہمی پر مشتمل مگر مالیاتی ٹرانزیکشنز جیسے ادائیگی کو روکنے، فنڈ ٹرانسفر، ڈیمانڈ ڈرافٹ اور پے آرڈر کے اجرا تک محدود نہیں ہے جو وقتاً فوقتاً ہماری دی جانے والی ہدایات کے تابع ہوں گی جس کی مالیاتی ٹرانزیکشنز کی حد کا ہم تعین کر سکتے اور اس میں ترمیم اضافہ یا اسے واپس لے سکتے ہیں۔

**(5)** آپ متفق ہوئے ہیں کہ ہم ان ہدایات پر اس وقت عمل کریں گے جب ہمارے نمائندے / افسر کی رائے میں ہدایت واضح غیر مبہم ہو۔اس سلسلے میں اس کا فیصلہ آخری حتمی اور آپ پر قابل پابندی ہوگا۔شق ہٰذا کسی یا تمام ہدایات پر عمل کرنے یا نہ کرنے کی ہماری مطلق صوابدید کو نہیں روکتی ہے۔قبل ازیں عمومیت کی تجدید کے بغیر ہم سے ہدایات کا قبول کیا جانا اس وقت تک سمجھا نہیں جائے گا جب تک ہم مطلوبہ وقت میں مکمل ہدایات وصول نہ کرلیں۔خدمت مرکز رابطہ سے استفادے کے وقت آپ کو غیر مبہم اور واضح ہدایات دینی چاہئیں۔غیر واضح، بگڑی ہوئی **(Distorted)** یا مبہم ہدایات پر عمل کرنا یا نہ کرنا ہماری صوابدید پر ہوگا اور اس کے متعلق ہمارا فیصلہ آپ پر قابل پابندی ہوگا۔اس کے علاوہ ہم اس وقت بھی ہدایات پر عمل نہ کرنے کا حق محفوظ رکھتے ہیں جب آپ کی ہدایات نیک نیتی پر مبنی نہ ہوں، بے قاعدہ ہوں یا مشکوک ہوں۔ریکارڈز بشمول ریکارڈ شدہ بات چیت جو ہم خدمت رابطہ مرکز کے ٹرانزیکشنز کے وقت تخلیق کرتے ہیں ان ٹرانزیکشنز کے مستند اور درست ہونے کا حتمی ثبوت ہوں گے۔آپ استعمال کنندہ بذریعہ ہٰذا ہمیں ایسے ریکارڈ کی تخلیق کا مختار بناتے ہیں۔ہمیں دی جانے والی تمام ہدایات / اجازتیں اور اختیارات ناقابل تنسیخ **(Irrevocable)** ہیں۔ہم بغیر کوئی وجہ بتائے کسی بھی وقت خدمت رابطہ مرکز کو ختم / واپس لے سکتے ہیں جبکہ آپ کو ایسی خدمت ختم کروانے کے لئے تحریری ہدایات دینی ہوں گی جو موصول ہونے کے بعد ساتویں تقویمی یوم کو موثر ہوں گی۔ایسے نوٹس کی وصولی سے قبل دی جانے والی تمام ہدایات کارآمد ناقابل تنسیخ ہوں گی اور آپ پر قابل پابندی ہوں گی۔

**(6)** آپ تسلیم کرتے ہیں کہ خدمت رابطہ مرکز کو دی جانے والی زبانی ٹیلی فونی ہدایات میں بالذات جوکھم موجود ہوتے ہیں۔جو فریب اور ان چاہی / اغلاط پر مبنی ہدایات پر مشتمل مگر محدود نہیں ہو سکتیں اور جنہیں ہم جڑ سے ختم نہیں کر سکتے خدمات رابطہ مرکز کا استعمال اس بات پر دلالت کرتا ہے کہ آپ ان محدودات اور بالذات جوکھموں سے آگاہ ہیں اور اس کی شرائط سے متفق ہیں نیز آپ نے ہمیں ان جوکھموں سے استثناء دیئے جانے پر اتفاق کیا ہے۔

**(7)** آپ کی ہدایت کی تعمیل میں آپ ہمارے تمام یا کسی فعل کے پابند ہوں گے خواہ ایسی ہدایت بعد میں کسی دوسری ہدایت کی روشنی میں واپس ہی نہ لے لی گئی ہو اور ہم نے آپ کی سب سے پہلی ہدایت تعمیل کا آغاز کردیا ہو چاہے خدمت مرکز رابطہ معطل یا غیر مسلسل ہو۔

**(8)** آپ تسلیم اور قبول کرتے ہیں کہ آپ کی ہدایات پر عمل کرنے میں آپ ہمارے خلاف کوئی دعویٰ نہ کریں گے اور آپ نے ہمیں براہ راست یا واقعاتی نقصانات، لاگتوں، ہرجانوں، خرچوں، دعوؤں، سزاؤں قانونی چارہ جوئیوں اور اعتراضات سے برأت دی ہے۔

**(9)** آپ کنفرم کرتے ہیں کہ آپ نے ہمیں اپنے کسی بھی اکاؤنٹ سے ہدایات پر عملدرآمد کے لاگو بینک چارجز کو ڈیبٹ کردینے کا مجاز بنایا ہے باوجود یہ کہ قانون کسی اور درکارات پر مشتمل ہو جو **Negotiable Instrument Act** تک ہی محدود نہیں ہے۔

**(10)** آپ متفق ہیں کہ خدمت رابطہ مرکز سے انتظام کاری آپ کو فائنانس یا اسی نوعیت کی دیگر سہولیات کی عطائیگی کی غماز نہیں ہے۔

**(11)** ہم کسی نادرستی، غلطی یا تاخیر یا ترک فعل کے ذمہ دار نہ ہوں گے۔

**(1)** کسی ڈیٹا، انفارمیشن یا پیغام کی ہدایات میں۔

**(2)** ہدایات کی ترسیل یا ڈیلیوری میں یا۔

**(3)** کسی نقصان یا ہرجے کے جو پیدا ہوا ہو۔

**(i)** ایسی کسی نادرستی، غلطی، تاخیر یا ترک فعل سے۔

**(ii)** عدم کارکردگی یا۔

**(iii)** ناگہانی حالات **(Force Majeure)** کی وجہ سے ہونے والے افعال یا ترک افعال، ڈیٹا میں خلل، اطلاع یا پیغام میں خلل کے ناگہانی حالات (جیسے سیلاب، غیر معمولی موسم، زلزلہ یا دیگر کارالہٰی، آتش زدگی، جنگ، بغاوت، بلوہ، محنت کاروں کا تنازعہ حادثہ، حکومتی افعال، مواصلات، سافٹ ویئر یا آلات کی بدافعالی)

**(12)** کسی بھی صورتحال میں ہم ہمارے ملازمین، ڈائریکٹران یا فریق ثالث جو خدمت رابطہ مرکز فراہم کر رہے ہوں کسی بالواسطہ یا بلاواسطہ حادثاتی، خصوصی یا واقعاتی یا دیگر ہرجوں بشمول سزائی یا مثالی (جو غفلت، منافعوں میں نقصان، کسی غیر حسی اطلاع یا ڈیٹا کا نقصان، کاروباری خلل، خلوث

**(13)** آپ متفق ہوئے ہیں اور ہامی بھرتے ہیں **(Undertake)** کہ ایسی ہمایت غیر موثر ہوگی اور پوری قوت سے نافذ رہے گی حتیٰ کہ ہم

**(a)** آپ کی ہدایت پر عمل کرنے کے بعد یا قبل اس کی تصدیق وصول نہیں کرتے ہیں۔

**(b)** آپ کو نوٹس دیتے ہیں کہ ہم مزید ہدایات وصول نہیں کریں گے اور آپ کسی بھی وجہ سے ہدایات بھجوانی بند کردیتے ہیں۔

**(14)** آپ اجرائے ہدایت کی تصدیق کے ہمارے لائحہ عمل پر کاربند رہنے پر متفق ہوئے ہیں۔ اگر آپ یا آپ کے کسی نمائندے کی رائے ہو کہ تصدیقی طریقہ کار سے کوئی غیر مجاز شخص بھی واقف ہے تو ہمیں فوراً بتلائیں۔

**(15)** اگر ہم کوئی ہدایت وصول کریں جو ہمارے مفہوم میں آپ یا آپ کے مجاز نمائندگان یا کسی دوسرے شخص نے دی ہو اور تصدیقی طریقہ کار بھی استعمال کرلیا گیا ہو تو:

**(a)** ہم اس ہدایت پر بھروسہ کر سکتے ہیں اور کوئی دوسری تصدیق کرنے کے مستوجب نہ ہوں گے۔

**(b)** ایسی ہدایت آپ کی جانب سے بھیجی گئی کارآمد ہدایت کی مانند موثر ہوگی۔

**(16)** ہم آپ کو نوٹس دے سکتے ہیں کہ خدمت رابطہ مرکز کی پیشکش کسی وقت دستیاب نہ ہوگی اور ایسا نوٹس وصولی کے بعد سے موثر سمجھا جائے گا۔ آپ کا نوٹس وصول کیا جانا اس وقت سمجھ لیا جائے گا جب اسے آپ کو بذریعہ فیکس بھیجا جائے یا ڈاک/کوریئر کی ترسیل کے دو دن بعد سمجھ لیا جائے گا۔

**(17)** آپ کی جانب سے ہدایات کی وصولی بابت ٹرانزیکشنز کی صورت میں شرائط ہٰذا اس وقت بھی موثر اور قابل نفاذ ہونگی جب خدمات یا آپ کا اکاؤنٹ بشمول خدمت مرکز رابطہ بند کردی گئی ہو۔ شرائط وضوابط ہٰذا آپ اور آپ کے جانشینوں، تفویضوں **(assigns)** قانونی وارثین، انتظام کاران اور تعمیل کنندگان **(excutors)** پر بھی قابل پابندی ہونگی۔

یہ واضح ہے کہ اگر سمجھوتہ گاہک برائے اکاؤنٹس اور خدمت مرکز رابطہ کی شرائط وضوابط میں نامطابقت ہوئی تو خدمت مرکز رابطہ کی شرائط وضوابط حاوی ہوں گی اور بقایا شرائط وضوابط کی کارآمدیت پر کوئی اثر نہیں پڑے گا۔

**Foreign Account Tax Compliance Act (Fatca) B-14** کی تکمیل:

ہمی دستیاب معلومات کی بنیاد پر، اگر ہم کسی بھی وقت یہ تعین کرلیں کہ آپ ایک یو ایس پرسن **US Person** ہیں (جیسے وضاحت کی ہے **US Internal Revenue Service** نے وقت بروقت) ایسا تعین ہماری اپنی صوابدید پر ہوگا، آپ اتفاق کرتے ہیں۔

**1**۔ کہ آپ **FATCA** ضروریات پر عمل کریں گے جیسا کہ آپ پر لاگو ہوتی ہیں۔
**2**۔ کہ آپ انکشاف اور جمع کرائیں گے اپنے اکاؤنٹ اور/یا ادائیگی کی تفصیلات متعلقہ حکام کے پاس (چاہے وہ حکام مقامی ہوں یا بین الاقوامی) ہماری **FATCA** تکمیل کی ضروریات کے مطابق۔
**3**۔ کہ آپ فراہم کریں گے تما اضافی معلومات جو ہماری معقول ضرورت ہے یہ جاننے کے لیے کہ آیا آپ ایک یو ایس پرسن ہیں۔
**4**۔ کہ آپ اس سے متعلق کسی بھی دعوٰی سے دستبردار ہوتے ہیں اور قبول کرتے ہیں ک ایسا انکشاف آپکی اجازت اور علم سے ہوا ہے اور آپ اِسے کسی بھی قانون کی عدالت یا ٹرائیبونل میں چیلنج نہیں کریں گے۔

شرائط وضوابط ہٰذا کا میں/ہم نے بغور مطالعہ کیا ہے اور ان کی مجھے/ہمیں وضاحت کردی گئی ہے۔ میں/ہم شرائط وضوابط ہٰذا کو اچھی طرح سمجھ چکے ہیں اور اس کی ایک کاپی وصول کر چکے ہیں۔ میں نے ان شرائط وضوابط ہٰذا پر بطور نشانی قبولیت دستخط کیے ہیں۔

گاہک کا نام، دستخط اور مہر:

**(1)** دستخط ____________________

نام ____________________

**(2)** دستخط ____________________

نام ____________________

بینک کی طرف سے دستخط:

**(1)** دستخط ____________________

نام ____________________

گواہان:

**(1)** دستخط ____________________

نام ____________________

قومی شناختی کارڈ نمبر ____________________

**(2)** دستخط ____________________

نام ____________________

قومی شناختی کارڈ نمبر ____________________

تاریخ: ____________________